عملیات ربانی

کمالات کلام پاک

شیراز نوری پبلشرز نئی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیاتِ ربّانی

یعنی

کمالاتِ کلامِ پاک

مؤلفہ و مرتبہ

شیخ الشیوخ عالمِ باعمل
حضرت سیّد رشید احمد ربّانی اجمیری

منگوانے کا پتہ

شیراز نوری پبلشرز نئی دہلے

۷۸۶

لولو کیا چاہتے ہو؟

دولت - اولاد ، تندرستی - روزگار

یہ سب کچھ مل سکتا ہے

بلکہ

اس سے بھی زیادہ جو مانگو گے مل جائے گا اور مرادوں سے

جھولیاں بھر بھر جائیں گی کیونکہ کتاب

عملیات کلام پاک

پڑھ کر اس پر عمل کرنے سے کوئی مشکل نہیں جو حل نہ ہو۔ کوئی بلا نہیں جو ٹل

نہ جائے کوئی مصیبت نہیں جو دور نہ ہو۔ مرادیں پوری ہو سکتی ہیں اور کیوں نہ ہو یہ

کلام اللہ کے پر تاثیر عملیات جو بڑے بڑے بزرگوں کی محنت و ریاضت کا حاصل

کا مجموعہ ہے باوجود ان تمام خوبیوں کے قیمت صرف چار روپے پچاس پیسے

علاوہ محصول ڈاک۔

منگوانے کا پتہ

شیراز نوری پبلشرز نئی دہلی

گذارشات

قرآن مجید کلام الٰہی ہے۔ اس کا ایک ایک حرف ایک ایک لفظ اور ایک ایک اپنے اندر بے انداز رفعت، بے پایاں اثر اور بے حد و حساب اعجاز رکھتا ہے۔

کلام پاک کی ہر صورت قوت و قبولیت کا نشان ہے۔ کمالات کلام پاک کا یہ مختصر سا مجموعہ بزرگان اسلام کے صدیوں سے مشکل کشائی کے لئے اس کتاب میں جمع کر دیا گیا ہے۔

عملیات سے ہمیشہ میرا دل لگا رہا ہے۔ مجھے بچپن سے ہی اہل اللہ فقرا اولیاء اللہ اور صاحب باطن بزرگوں اور درویشوں کی صحبت فیض اثر میں بیٹھنے کا شرف حاصل رہا ہے۔ اور خوش قسمتی سے ان کی صحبت میں سے بعض خدا رسیدہ بزرگان اسلام کی بیاضوں کے مطالعہ کا مجھے موقع بھی ملا ہے۔

عملیات کا یہ مجموعہ میری زندگی کا حاصل قیمتی تجربوں کا نچوڑ ہے۔ میں اس بے بہا خزانے کو سرمایہ حیات بنا کر برسوں تک اپنے سینے میں چھپائے رکھا۔ اب جبکہ میری جوانی بڑھاپے میں ڈھل گئی اور زندگی کی ناؤ موت کے کنارے کے قریب پہنچ چکی ہے۔ ملک بشیر احمد چشتی صاحب کی دلی خواہش اور اصرار سے مجبور ہو کر اسے اپنے مسلمان بھائیوں کے

فائدے کے پیش نظر چھپنے کے لئے دے رہا ہوں۔ تاکہ مصیبت کے وقت حاجت مند لوگ ان عملیات سے فیض یاب ہو کر اپنی جھولیاں مرادوں سے بھر سکیں اور مجھ ناچیز کو دعائے خیر میں یاد رکھیں :-

ان عملیات کو اگر کوئی صاحب ضرورت و حاجت مند خلوص نیت اور حسن اعتقاد سے جائز خیال رکھ کر آزمائے گا تو انشاء اللہ اپنے مقصد دل کو ضرور پائے گا۔

عملیات میں عامل کی اجازت ضروری و لازمی شرط ہے ورنہ بغیر اجازت بڑے بڑے آزمودہ اور مجرب عمل بے اثر ہو جاتے ہیں اس لئے میں مخلوق خدا کی خدمت و بھلائی کے پیش نظر اس کتاب میں مندرج عملیات کی اس شرط پر عام اجازت دیتا ہوں کہ اسے جائز کام کے لئے استعمال کر کے فائدہ حاصل کیا جائے۔ جو لوگ انہیں ناجائز و حرام مقاصد کے لئے استعمال کریں گے۔ انہیں ہرگز اجازت نہیں ہوگی۔ ایسے لوگ اپنا وقت اور محنت دونوں ضائع کریں گے ؛

"سید رشید احمد اجمیری"

اسمائے حسنیٰ مع خواص فوائد اردو و اعداد

کتاب علاج الاعظم میں ہے کہ تمام اسمائے حسنیٰ کی ایک بڑی خاصیت ہے حدیث شریف کی رو سے یہ ہے کہ جو کوئی ان کو پڑھا کرے داخل جنت ہو۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶

اس اسم کو یا کہ اسم ھُو کو ہر روز جو کوئی ایک ہزار بار پڑھے وہ صاحب یقین ہووے اس اسم کو جو کوئی ہر روز سو مرتبہ پڑھے فراموشی اور غفلت اس کے دل سے جاتی رہے۔ اس اسم کو جو کوئی ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھے۔ تمام عالم اس پر مہربان ہووے :-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا رحم کرنیوالا مہربان ہے

یا اللہ ۶۶ اے معبود لائے خدائے بزرگ	**خاصیت:** جو کوئی اس اسم کو ہزار بار پڑھے صاحب یقین ہو۔ اور جو بعد نماز سو بار وظیفہ کرے صاحب باطن اور کشف ہو۔ اور جو کوئی تین ہزار سو

سو نام اللہ کے ہر روز لکھ کر آٹے میں گولیاں باندھ کر دریا میں ڈالے خدا چاہے مراد بر آوے چالیس روز میں ۔

یَا رَحْمٰنُ

اے بہت بخشنے والے

خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو دو سو اٹھانوے بار بعد نماز فجر کے پڑھے خدا اس پر بہت رحم کرے اور اگر بعد نماز وظیفہ کرے اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ حق تعالیٰ غفلت و نسیان اور قساوت اسکے دل سے اٹھا دے اور نور باطن سے روشنی حاصل ہو اور زیادتی پکڑے۔

یَا رَحِیْمُ

خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو ہر روز پانسو مرتبہ پڑھے اور تمام خلق اللہ مہربان ہو اور اگر یوں کہے یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ وَرَحِیْمَہُمَا اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک مداومت کرے حاجت ضرور اس کی بر آوے۔

یَا مَلِکُ

خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو ساتھ اسم اَلْقُدُّوْسُ کے وظیفہ کرے اگر صاحب ملک ہو حق تعالیٰ اس کے ملک کو قائم و دائم رکھے۔ و الا نفس اس کا تابع اور فرمانبردار ہو۔ یہ اسم عزت اور حرمت کے لئے خاص ہے اور اگر نوے بار پڑھے دل منور ہو۔

یَا قُدُّوْسُ

اے بہت پاک

خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو ہزار بار پڑھے سب سے بے پرواہ ہو اور اگر ساتھ اسم سُبُّوْحٌ کے روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاوے فرشتہ صفت ہو اور واسطے پناہ حاصل ہونے کے دشمنوں سے وقت بھاگنے کے جس قدر ہو سکے پڑھے اگر مسافر راہ میں پڑھے ماندہ نہ ہو۔

یَا سَلَامُ
اے سلامت رکھنے والے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو ہزار بار بعد نماز فجر کے پڑھا کرے۔ علم زیادہ ہو اور جو ایک سو اکتالیس بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے۔ صحت کلی پاوے۔ وظیفہ خواں خوف سے نڈر ہو اور سلامتی دارین کا امیدوار ہو۔

یَا مُؤْمِنُ

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو ہر روز تین بار پڑھے خوف سے خاطر جمع رہے اور جو پڑھے اور ساتھ اپنے رکھے خدا اس کو شر شیطان سے امن میں رکھے اور کوئی اس پر فارت نہ پاوے اور ظاہر و باطن خدا کے حفظ میں رہے۔

یَا مُهَيْمِنُ

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو انتیس بار پڑھے غم نہ ہو اور اگر اس کی مواظبت کرے تمام آفتوں سے پناہ پاوے اور جو کوئی غسل کر کے اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھے اوپر باطن اور غیبوں کے مطلع ہو۔

یَا عَزِیْزُ

خاصیت: اگر خلق جمع ہو کر دو ہزار بار اس اسم کو آخر شب میں پڑھے۔ پانی پر سے روزانہ پڑھے معزز ہو اور دشمن پر غالب ہو۔ اگر یوں کہے۔

تمام خلق میں عزیز ہو اور فجر کی نماز کے بعد اکتالیس بار پڑھے کبھی محتاج نہ ہو۔

یَا جَبَّارُ
اے نقصان کے پورا کرنیوالے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو بعد سنت عصر کے اکیس بار پڑھے ظالموں کے شر سے

میں ہے۔ اور اگر مداومت کرے غیبت اور بدگوئی خلق سے نڈر ہو اور اہل دولت ہو اور اگر انگوٹھی پر نقش کرکے پہنے ہیبت اور شوکت خلق کے دل میں پیدا ہو۔

یا متکبر	٦٦٢	**خاصیت:** جو کوئی اس اسم کو بیچ بستر حلال اپنے کے قبل دخول دس بار پڑھے۔ حق تعالیٰ اس کو
اے بزرگ اور بے مانند		

فرزند سعید اور پرہیزگار عطا فرمائے اور ابتدائے ہر کام میں بہت پڑھے۔ مراد کو پہنچے۔ اور اگر اکتالیس بار پڑھے خواب میں نہ ڈرے۔

یا خالق	٧٣١	**خاصیت:** جو کوئی اس اسم پر مداومت کرے حق تعالیٰ فرشتہ پیدا کرے روز قیامت

تک اور دل اور منہ اس کا روشن اور نورانی کردے اور جو کوئی لڑائی میں سو مرتبہ پڑھے۔ دشمن اس پر غالب نہ ہو۔

یا باری	٢١٣	**خاصیت:** جو کوئی اس اسم کو ہفتہ میں سو بار پڑھے حق تعالیٰ اس کو قبر میں نہ چھوڑے اور
اے پیدا کرنے والے خلق کے		

ریاض قدس کی طرف لے جائے اور اگر جمعہ کے وقت تین مرتبہ ورد کرے فرزند نیک عطا ہووے۔

یا مصور	٣٣٦	**خاصیت:** جو بانجھ عورت ہو سات روزے رکھے اور افطار کے وقت اکیس بار اس اسم کو پڑھے اور پانی دم
اے صورت بنانے والے		

کرکے پیوے۔ حق تعالیٰ فرزند عطا کرے اور جو کوئی بہت بڑے کام دشوار ہوں۔ اس پر آسان ہو جاویں۔

یا غفّار
اعداد ۱۲۸۱

اے بخشنے والے گناہ بندوں کے

خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو بعد نماز جمعہ کے سو بار کہے۔ حق تعالیٰ اس کو منجملہ بخشے گئے ہیں کرے اور آخرت میں امیدوار مغفرت فراواں اور عنایات بے پایاں کا گردانتا ہے۔

یا قہّار
اعداد

اے غالب ہر چیز پر

خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھا کرتا ہے حق تعالیٰ محبت دنیا کی اس کے دل سے اٹھا لیتا ہے۔ اور خاتمہ بخیر ہوتا ہے اور اگر واسطے کسی مہم کے ایک سو بار پڑھے فتح پائے۔ اگر بہ نیت مقہوری دشمن فرض و سنت کے درمیان پڑھے۔ دشمن مقہور ہو۔

یا وہّاب

اے بہت دینے والے بغیر عوض کے

خاصیت:- جو کوئی فقر و فاقہ سے تنگ ہو اس کی ملازمت کرے حق تعالیٰ اس کو ایسی جگہ سے دیتا ہے کہ حیران رہ جاتا ہے کہ کہاں سے یہ انعام ہوا۔ اور اگر بعد نماز چاشت کے آیت سجدہ کی پڑھے اور سر سجدہ میں رکھے اور سات بار پڑھے خلقت سے بے پرواہ ہو۔

یا رزّاق

اے روزی دینے والے خلق کے

خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو بعد نماز صبح صادق کے نماز پڑھ کر اپنے گھر کے چاروں کونوں میں دس دس بار پڑھے اس گھر میں رنج اور مفلسی کبھی نہ ہو لیکن داہنے کونے سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی طرف رہے۔ واسطے کشائش رزق کے لئے مفید ہے۔

یا فتاح

اعداد ۴۸۹

اے نیک کھولنے والے کاموں کے

خاصیت: جو کوئی بعد نماز فجر کے دونوں ہاتھ سر پر رکھ کر اس اسم کو ستر بار پڑھے زنگ اس کے دل سے جاتا رہے اور صفائی ارزانی ہو اور اگر مداومت کرے صفائی دل ہو۔

یا علیم

اعداد ۱۵۰

اے جاننے والے ہر چیز کے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے حق تعالیٰ معرفت اپنی ارزانی کرے اور جو کوئی بعد نماز کے سو بار پڑھے حق تعالیٰ اس کو اہل کشف سے کرے اگر پوشیدہ کار سے آگاہی چاہے شب جمعہ کو بعد نماز سو بار سجدے میں کہہ کر سو رہے آگاہ ہو۔

یا قابض

اعداد ۹۰۳

اے تنگ کرنے والے روزی کے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو چالیس روز تک ہر روز روٹی کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر کھا لیا کرے عذاب قبر سے اور بھوک سے امن میں رہے گا اور جو کوئی تیرہ بار پڑھے دشمن پر فتح پائے۔ واللہ اعلم بالصواب

یا باسط

اعداد ۷۲

اے کھولنے والے روزی کے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو سحر کے وقت ہاتھ اٹھا کر دس بار پڑھ کر منہ پر پھیرے ہرگز اسکو حاجت اس کی نہ ہو کہ کسی سے کچھ چاہے۔ اور اگر چالیس مرتبہ پڑھے خلقت سے بے پرواہ ہو۔

یا خافض

اعداد ۱۴۸۱

اے پست کرنے والے

خاصیت: جو کوئی تین روزے رکھے چوتھے روز ایک مجلس میں اس اسم کو ستر بار

پڑھے۔ دشمن پر فتح پاوے اور جو کوئی پانسو بار پڑھے دشمن کے حملہ سے امن میں رہے ساتھ محافظت خدا تعالیٰ کے۔

یَا رَافِعُ

اے بلند کرنیوالے درجات لوگوں کے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو آدھی رات میں یا دوپہر کو سو بار پڑھے اللہ تعالیٰ اسے خلائق میں برگزیدہ کرے اور تونگر اور بے نیاز کردے اور جو کوئی ہر روز بیس مرتبہ پڑھے اس کی حاجت بر آوے اور مراد دلی بر آئے بعنایت خداوندی۔

یَا مُعِزُّ

اے عزت دینے والے بندوں کی دنیا میں

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو شب دوشنبہ یا شب جمعہ میں بعد نماز شام کے ایک سو چالیس بار پڑھے اس کیلئے خلق کی نظر میں ایک ہیبت اور حرمت ظاہر ہو اور سوائے خدا کے اور کسی سے نہ ڈرے اور اسکی پناہ میں رہے۔

یَا مُذِلُّ

اے خوار کرنیوالے

خاصیت: جو کوئی کسی ظالم اور حاسد سے ڈرتا ہو پچھتر بار اس اسم کو پڑھے بعد اس کے سجدہ کرے۔ اور کہے اللہ فلاں کے ہاتھ اور شر سے امان دے حق تعالیٰ اسے امان دے کر اپنی محافظت میں رکھے گا۔

یَا سَمِیْعُ

اے نیک سننے والے دعا و عرض کے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو پنجشنبہ کے دن بعد نماز چاشت کے پانسو مرتبہ پڑھے اور بموجب ایک قول کے ہر روز پانسو بار پڑھے۔ اور وقت پڑھنے کے کلام نہ کرے اور بعد اسکے دعا کرے دعا اسکی قبول ہو۔

یَا بَصِیْرُ ۳۰۲
اے دیکھنے والے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو درمیان سنت اور فرض فجر کے ساتھ اعتقاد درست کے ایک سو بار پڑھے جمعہ میں ساتھ عنایت حق کے ہوگا۔ اور جو کوئی سات بار وقت عصر کے ہر روز پڑھے۔ مرگ مفاجات سے امن پارا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

یَا حَلِیْمُ ۸۸
اے حلم کرنے والے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو شب جمعہ میں بموجب ایک قول کے آدھی رات کو اتنا پڑھے کہ بے ہوش ہو جاوے یعنی تعالیٰ اس کے باطن کو معدن اسرار کریگا۔ اور بعد نماز پنجگانہ کے اسی بار پڑھے محتاج نہ ہووے۔

یَا عَدْلُ ۱۰۴
اے انصاف کرنے والے بندوں کے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو شب جمعہ میں روٹی کے بیس لقموں پر لکھ کر کھاوے حق تعالیٰ تمام خلق کو اس کا مسخر کرے۔ اور جو کوئی بعد نماز مغرب کے ہزار بار پڑھے آفت آسمانی و ارضی سے امن میں رہے اور ہر بلیات سے نجات پاوے۔

یَا لَطِیْفُ ۱۲۹
اے باریک بین دور سے

خاصیت: جو کوئی فقر و فاقہ میں ناچار یا سفر میں بے یار و غمخوار یا بیماری میں گرفتار و یا لڑکی رکھتا ہو اور متردد ہو کہ کیونکر سر انجام نکاح کا ہو تو غسل کرے اور دوگانہ تمام ادا کرکے سو بار پڑھے جس کام کا فکرمند ہو خدا حاصل کرے۔

یَا خَبِیْرُ ۸۱۲
اے خبردار ہر چیز کے

خاصیت: جو کوئی نفس امارہ کے ہاتھ میں گرفتار ہو اس اسم کو بہت پڑھے۔ یعنی وظیفہ کرے۔

ہر روز شر نفس سے خلاصی پاوے اور واسطے استخارہ کے ۱۰ بار پڑھے تو نیک و بد سے مطلع اور آگاہ ہو۔

یا حلیم — اے بردباری کرنیوالے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو کاغذ پر لکھے اور دھو کر اپنی کھیتی پر چھڑکے زراعت ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ اور جو کوئی بعد نماز ظہر کے ہر روز نوے بار پڑھے یا مداومت کرے تمام خلق میں سرخرو ہو۔

یا عظیم — اے بزرگ تر ذات اور مرتبہ

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو مداومت کرے یعنی ہر روز وظیفہ کرے خلق کی نظروں میں عزیز اور مکرم ہو اور اگر سات مرتبہ پانی پر دم کر کے نوش کرے تو درد شکم سے نجات پاوے۔

یا غفور — اے بہت بخشنے والے

خاصیت: جو کوئی مریض ہو تپ وغیرہ سے یا درد سر سے اس اسم کو لکھے اور روٹی یا نقش پر لکھ کر کھاوے شفا پاوے اور کثرت ورد سے دل کی صفائی ہووے اور حدیث صحیح میں آیا ہے کہ جو کوئی سجدہ میں تین بار کہے اللہ اس کے گناہ بخش دے۔

یا شکور — اے قدردان شکر کرنیوالے

خاصیت: جس کو تنگی معاش ہو یا تاریکی دل کی آنکھ کی پیدا ہو وہ اس اسم کو اکتالیس مرتبہ پانی پر پڑھے اور پیوے۔ اور آنکھ پر ملے شفا پاوے اور جو کوئی پانچ ہزار مرتبہ ہر روز پڑھے قیامت کے دن درجہ بلند ہو۔

یَا عَلِیُّ
اے بلند مرتبہ

خاصیت: جو کوئی اس اسم پر مداومت کرے اور اپنے پاس رکھے اگر خوار ہو بزرگ صاحب عزت ہو اور اگر فقیر ہو تو غنی ہو اور اگر مسافرت میں مبتلا ہو وطن اپنے میں واپس آوے اور جو کوئی ورم کے واسطے تین بار پڑھے سوجن وغیرہ دفع ہو۔

یَا کَبِیرُ
اے بڑے سب سے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے عالی قدر ہو اور اگر حاکم یا بادشاہ اس اسم کو مداومت کرے رعب اس کا زیادہ ہو اور مہمات اور امور سرانجام پاویں۔ اور جو کوئی اوپر بیمار کے نو مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ صحت کلی پاوے۔

یَا حَفِیظُ
اے نگاہ رکھنے والے خلق کے

خاصیت: جس کو ڈوبنے یا جلنے یا زخم کا ڈر ہو یا وہم پریوں اور جنات کا خوف ہو اور گھبراہٹ یا حرام نظروں سے ڈر ہو تو اس اسم کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ امن میں رہے گا۔ اگر کسی بیمار پر سات ہفتہ پڑھ کر دم کرے تو شفا پاوے۔

یَا مُقِیتُ
اے قوت دینے والے

خاصیت: جس کی آنکھ سرخ ہو اور درد کرے تو اس اسم کو دس بار پڑھ کر دم کرے اور اگر کسی کو غریب دیکھے یا خود کو غریبی پیش آوے یا کوئی لڑکا بدخوئی کرے سات بار خالی آبخورے پر دم کرے پھر اس میں پانی بھر کر پیوے خدا اپنا فضل کرے۔

یا حسیبُ

۸۰

اے حساب و حمایت کرنیوالے عالم کے

خاصیت :- جو کوئی چور یا حاسد یا ہمسایہ یا دشمن سے یا نظر بد لگنے سے ڈرتا ہو تو ہر سحر و شام ایک ہفتہ تک ستر بار پڑھے۔ ابتدا پنجشنبہ سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی شر سے نگاہ رکھیگا۔ ہنوز ہفتہ نہ گذرے گا کہ درستی ہو۔

یا جلیلُ

۷۳

اے بزرگ قدر اور بے پرواہ

خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو مشک اور زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے یا کھاوے تمام خلق کے دل پر اس کی توقیر ہو اور ہر ایک انس کرے اور اگر اسباب کے اوپر دس بار پڑھے چوری سے محفوظ و سلامت رہے۔

یا کریمُ

۲۷۰

اے بخشش اور کرم کرنیوالے

خاصیت :- اگر اپنے بستر میں یہ اسم بہت پڑھے یہاں تک کہ سو جاوے فرشتے دعا کریں اور کہیں گے یعنی بزرگ کرے تجھ کو اللہ۔ اور خلق میں بزرگ و معزز ہو۔ اور کہتے ہیں حضرت علیؓ اس کو بہت پڑھتے تھے۔ اس سبب سے ان کو کرم اللہ وجہہٗ کہتے ہیں۔

یا رقیبُ

۳۱۲

اے نگاہ رکھنے والے خلق کے

خاصیت :- جو کوئی سات بار اس اسم کو اپنی زوجہ اور فرزند اور مال پر پڑھے اور انکے اوپر دم کرے تو تمام دشمنوں اور کل آفتوں سے نڈر ہووے اور جو کوئی تین یا سات مرتبہ پڑھ کر پھونک دے تو شفا حاصل ہو جائے۔

یَا مُجِیْبُ اے قبول کرنیوالے دعا کے	۵۵ مجیب	**خاصیت:** جو کوئی اس اسم کو بہت کہے پھر دعا کرے اللہ جلدی قبول فرمائے۔ اور اگر لکھ کر اپنے اپنے پاس رکھے خدا تعالےٰ کی امان میں رہے اور درد سر کے لئے جو کوئی تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ درد سر دُور ہو جائے گا۔
یَا وَاسِعُ اے وسعت دینے والے	۱۳۷ واسع	**خاصیت:** جس کو بچھو کاٹے وہ ستر بار پڑھ کر پھونک دے زہر اثر نہ کرے۔ اور جو کوئی اس اسم کا وِرد کرے دولت قناعت سے مالا مال کرے اور واسطے کشائش کے آزمودہ ہے۔ احقر نے وِرد اس کا کیا کبھی محتاج نہ رہا جتنا خرچ زیادہ کرتا تھا۔ زیادہ ملتا تھا۔
یَا حَکِیْمُ اے استوار کار اور درست گفتار	۷۸ حکیم	**خاصیت:** جس کو کوئی مہم پیش آوے اور اس سے سرانجام اس کا نہ ہو سکتا ہو تو اس اسم کو مداومت کرے۔ مہم اس کا بخوبی سرانجام پائے۔ اور اگر بعد نماز پیشین نوے بار پڑھے۔ تمام خلق سے سرخرو رہے۔ اور درستی امور ہو۔
یَا وَدُوْدُ اے بہت دوست رکھنے والے	۲۰ ودود	**خاصیت:** جس کا فرزند بدراہ ہو جمعہ کے روز بعد نماز کے ایک ہزار ایک مرتبہ شیرینی لطیف و معطر پر پڑھ کر دم کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور شیرینی اس کو کھلائے۔ انشاء اللہ صلاحیت پذیر ہو۔

یَا مَجِیدُ
اعداد ۵۷
اے بزرگ

خاصیت:۔ جس کو آبلہ یا باد فرنگ یا برص ہو یا ایام حیض میں یعنے چاندنی والے دنوں میں روزے رکھے اور وقت افطار کے اس اسم کو بہت پڑھے اور پانی پر دم کرے۔ اور پیئے صحت پاوے۔ اور عزت کے واسطے ننانویں بار صبح کو پڑھے۔

یَا بَاعِثُ
اعداد ۵۷۳
اے اٹھانے والے

خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو ہفت مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے روبرو حاکم کے جاوے تو وہ مہربان ہو اور جو کوئی چاہے دل زندہ ہو وقت سونے کے ہاتھ سینے پر رکھے۔ اور اس کو ۲۱ بار پڑھے۔ دل زندہ اور روشن ہو وے۔

یَا شَہِیدُ
اعداد ۳۱۹
اے حاضر

خاصیت:۔ جس کا بیٹا نافرمان ہو یا بیٹی غیر صالح ہو۔ ہر صبح کے وقت ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھے اور منہ آسمان کی طرف کرکے اکیس بار اس اسم کو پڑھے یا شَہِیدُ حق تعالےٰ ان دونوں کو صالح اور نیک بنا دے گا۔

یَا حَقُّ
اعداد ۱۰۸
اے ثابت

خاصیت:۔ جس کا کچھ اسباب جاتا رہا ہو ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر یہ اسم لکھے اور کاغذ کے بیچ میں نام اس اسباب کا بھی لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر رکھ کر نظر آسمان کیطرف کرکے شفیع لاوے۔ پایا جاوے۔

یَاوَکِیۡلُ	۶۶ عدد	خاصیت :- اگر بجلی گرنے سے یا ہوا تند سے یا پانی آگ لگنے سے خوف ہو۔ اس اسم کو ورد اپنا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ امان میں
اے کارساز بندوں کے		

ہے اور اگر خوف کی جگہ میں پڑھے نڈر ہو۔ جو ہر روز وقت عصر کے سات بار پڑھے پناہ میں رہے۔

یَاقَوِیُّ	۱۱۶ عدد	خاصیت :- جس کا دشمن اور دفع سے عاجز ہو تو تھوڑا آٹا لیوے اور اس کی ایک ہزار ایک
اے قوت والے		گولیاں بنا دے اور ایک ایک گولی اٹھا وے

اور کہے اور بہ نیت دفع دشمن کے مرغ کے آگے ڈالے دشمن کو خدا مقہور کر دے۔ بفضلہ وکرمہ۔

یَامَتِیۡنُ	۵۰۰ عدد	خاصیت :- جس بچے کا دودھ چھڑانا ہو اور بچہ صبر نہیں کر سکتا۔ دودھ پلانیوالی کے دودھ میں
اے مضبوط		نقصان آجاوے چاہیئے۔ کہ اس اسم کو لکھ کر اس

بچے کو پلا دے تاکہ صبر کرے اور واسطے مہم کے اتوار کے روز اول ساعت میں سات بار پڑھنا مفید ہے۔

یَاوَلِیُّ	۴۶ عدد	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے خلقت کے دل کی باتوں پر آگاہ ہو اور جس کی
اے دوست مومنوں کے		لونڈی ہو کہ اس سیرت ناخوش ہو جس وقت کہ اسکے

آگے جانا چاہیئے۔ اس اسم کو بہت پڑھے حق تعالیٰ اسکو صلاحیت پر لاوے۔

یا حمید
اے تعریف کرنیوالے ذات باری

خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے۔ پسندیدہ افعال ہو اور فحش اور بد زبانی اس پر غالب نہ آسکے۔ اپنے کو اس سے نگاہ رکھے اور اگر اس اسم کو پیالہ پر لکھے۔ اور بعضوں نے کہا ہے اس کو نوے بار پڑھے اور اس میں پانی پیئے:-

یا محصی
اے احاطہ کرنے والے

خاصیت:- جو کوئی شب جمعہ کو اس اسم کو ایکہزار ایک بار پڑھے بڑا بھاگور ہے اور عذاب قیامت سے نڈر ہوگا اور جو کوئی ہر روز دس بار پڑھے تو ہر روز پناہ اور حفاظت ایزدی میں رہے:-

یا مبدی
اے پیدا کرنے والے

خاصیت:- جس کی بیوی کو حمل ہو۔ اور اسقاط حمل سے ڈرتا ہو۔ یا حمل دیر تک رہے چاہیئے کہ خاوند اس کا سحر کے وقت نوے بار اس اسم کو پڑھے اور انگلی شہادت کی گرد پیٹ کے پھیرے۔ تو حمل ساقط نہ ہو اور جلد خلاصی پاسکے۔

یا معید
اے پیدا کرنیوالے بار دوسری

خاصیت:- جس شخص کا کوئی آدمی غائب ہو اور وہ چاہے کہ آجائے۔ تو اس اسم کو گھر کے چاروں کونوں میں ستر ستر بار پڑھے۔ اور کہے یا معید پھیر مجھ کو فلانے کو سات روز تک نہ گزریں گے غائب آوے یا اس کی خبر آوے۔

یَا مُحْیِ
اے جلانے والے

خاصیت:- جو کوئی رنجیدہ رنج اور ضائع ہونے کسی عضو سے خائف ہو اس اسم کو سات بار پڑھے۔ حق تعالیٰ اس سے ڈر کر دے اور واسطے درد ہفت اندام کے سات روز تک سات بار پڑھے اور دم کرے شفا پائے۔ مداومت سے دل زندہ ہو۔

یَا مُمِیْتُ
اے مارنے والے

خاصیت:- جو کوئی اپنے نفس پر قادر نہ ہووے نہ متابعت میں غلبہ کرے۔ وقت سونے کے ہاتھ سینہ پر رکھے اور اس اسم کو پڑھے یہاں تک کہ سو جاوے۔ حق تعالیٰ اس کے نفس کو فرمانبردار کرے اور جو سات بار پڑھے اور دم کرے اور جادو اثر نہ کرے۔

یَا حَیُّ
اے قائم

خاصیت:- اگر کوئی شخص بیمار ہو اس اسم کو پڑھے صحت پائے۔ یا کوئی اور پڑھ کر دم کرے شفا پائے۔ اور اگر بیمار پر آئینہ سامنے کر کے پڑھے شفا پائے اور اگر ہر روز ستر بار پڑھے عمر اس کی دراز ہو۔

یَا قَیُّوْمُ
اے قائم رہنے والے

خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے۔ وقت سحر کے۔ دلوں میں عزت اس کی ظاہر ہو۔ یعنی دوست رکھیں لگے۔ لوگ اس کو اور اگر بہت پڑھے مہمات اس کی بر آویں اور حسب دلخواہ مراد کو پہنچے اور دل شاد رہے۔

یَا وَاجِدُ
اے غنی بے پرواہ

خاصیت: جو کوئی وقت کھانا کھانے کیساتھ ہر نوالے کے اس اسم کو پڑھے۔ وہ کھانا پیٹ میں نور ہو اور جو کوئی خلوت میں اسکو بہت پڑھے تونگر ہو اور اگر ایک بار پانی پر دم کر کے پلائے تو وہ اس سے بہت محبت کرنے لگے۔

یَا مَاجِدُ
اے صاحب بزرگی

خاصیت: جو کوئی خلوت میں اس اسم کو اتنا پڑھے کہ بیہوش ہو جائے انوار الٰہی اس کے دل پر ظاہر ہوں اور اگر مدام بہت پڑھے خلق کی آنکھوں میں بزرگ ہو۔ اور اگر شربت پر دس بار پڑھ کر بیمار کو دے تو آرام پاوے۔

یَا وَاحِدُ
اے یکتا ذات اپنی میں

خاصیت: اگر کسی کا دل خلوت سے ہراساں ہو تو ایک ہزار ایک بار اس اسم کو پڑھے خوف اس کے دل سے جاتا رہے۔ اور مقرب حضرت حق کا ہووے۔ اور اگر طالب حق کی ہو شب کو پڑھے اور اگر فرزند چاہے پاس رکھے۔

یَا اَحَدُ
اے ایک

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو نو مرتبہ پڑھ کر آگے امیر کے جاوے عزت اور سرفرازی پاوے اور اگر دونوں اسموں کو ملا کر ایک سو ایکبار پڑھ کر سانپ کے کاٹے ہوئے پر دم کرے صحت اور آرام پاوے۔

یَاصَمَدُ

اے بے پرواہ

خاصیت:۔ جو کوئی سحر کے وقت یا آدھی رات کو سجدہ کرے اور ایک سو پندرہ مرتبہ اس اسم کو پڑھے، صادق الحال وقال ہو اور اگر کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار ہو۔ بہت پڑھے خلاصی پائے انشاء اللہ تعالیٰ۔

یَاقَادِرُ

خاصیت:۔ اگر وقت دھونے اعضاء وضو کے اس اسم کو پڑھے۔ کبھی ظالم کے ہاتھ میں نہ پڑھے اور اگر کارش کوئی کار مشکل درپیش ہو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ سب کام دشوار اسکے درستی پائیں۔ اور انجام نیک ہو بفضلہ تعالیٰ۔

یَامُقْتَدِرُ

اے قدرت ظاہر کرنیوالے

خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم پر مداومت کرے غفلت اسکی ساتھ ہوشیاری کے تبدیل ہو۔ اور جو وقت سوکر اُٹھنے کے اس اسم کو ایک سو بیس بار پڑھے تمام کام اس کے حق تعالیٰ کیطرف رجوع پکڑیں بمنہ تعالے۔

یَامُقَدِّمُ

اے آگے دینے والے ساتھ دوستوں کے

خاصیت:۔ جو کوئی معرکہ جنگ میں ہو اور اس اسم کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے کچھ رنج اس کو نہ پہنچے اور جو وظیفہ کرکے پڑھے۔ نفس اطاعت الٰہی میں فرمانبردار ہو جس کو نو مرتبہ پڑھ کر شرینی پر کھلاوے وہ بے شک فریفتہ اور عاشق ہووے۔

یَامُؤَخِّرُ

اے پیچھے ڈالنے والے ساتھ دشمنوں کے

خاصیت:۔ جو شخص اس اسم کو ایک تسبیح پڑھے دل اسکا ساتھ غیر کے آرام نہ پکڑے اور جو سو بار

پڑھے تمام کام اسکے انجام کو پہنچیں اور اگر اکتالیس بار پڑھیں تو نفس اطاعت اسکی قبول کرے اور اس کا فرمانبردار رہے۔

یَا اَوَّلُ

اے پہلے سب سے

خاصیت: جس کے اولاد نہ ہو چالیس دن تک اسکو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ فرزند نیک عطا کرے اور اگر چالیس شب جمعہ میں پڑھے ہزار بار کل مرادیں اسکی بر آئیں۔ اور اگر ہر روز بہ نیت تسخیر گیارہ بار پڑھے تمام خلق مہربان ہو۔

یَا اٰخِرُ

اے پیچھے سب سے

خاصیت: جس کسی کی عمر آخر کو پہنچی ہو اور اعمال نیک نہ رکھتا ہو۔ اس اسم کو ورد کرے۔ حق تعالیٰ عاقبت بخیر کرے اور جو کوئی کہیں جائے اور اس اسم کو پڑھ لے وہاں عزت و توقیر پائے اور صاحب مرتبہ رہے۔

یَا ظَاهِرُ

اے ظاہر ساتھ اپنی صفتوں کے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو بعد از نماز اشراق پانسو بار پڑھے آنکھیں روشن ہوں اگر خوف مینہ وغیرہ کا ہو تو بہت پڑھے امان حاصل رہے اور اگر دیوار پر لکھے تو دیوار سلامت رہے۔ اور اگر گیارہ مرتبہ پڑھ کر سرمہ لگائے۔ تو مہربان خلق ہو۔

یَا بَاطِنُ

اے پوشیدہ وہم و خیال سے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو اپنے دل میں ورد کرے صاحب باطن اور واقف اسرار ہو اور جو کوئی اس اسم کی مداومت کرے تمام خلق اس پڑھنے والے کی محبت دل میں رکھے اور وہ عزیز تر ہو۔

یَا وَالِیُ
عدد ۴۷

اے مالک کارساز

خاصیت: جو شخص چاہے کہ میرا گھر یا غیر کا تمام آفتوں سے محفوظ رہے اور آباد ہو تو کورے آبخورے پر پڑھے یا لکھے اور وہ پانی آبخورے کا دیوار پر ڈالے وہ دیوار سلامت رہے اور مسخر کرنے کیلئے اس اسم کو زیادہ پڑھے۔

یَا مُتَعَالِیُ
عدد ۵۵۱

اے بہت بلند

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے دشوار کام اسکے آسان ہوں۔ اگر حیض کی حالت میں عورت پڑھے تمام آفتوں سے امن میں رہے اور اگر ایک شنبہ کو وقت شب کے غسل کرکے منہ آسمان کی طرف کرکے جو دعا مانگے قبول ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

یَا بَرُّ
عدد ۲۰۲

اے نیکو کار

خاصیت: جو کوئی ہوا وغیرہ آفتوں سے ڈرتا ہو اس اسم کو پڑھے امان پاوے۔ اور جو طفل پر سات مرتبہ پڑھ کر خدا کو سونپے سن بلوغ تک امن میں رہے اور جو شراب اور زنا میں مبتلا ہو ہر روز سات مرتبہ پڑھے دام شیطان سے خلاصی پاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

یَا تَوَّابُ
عدد ۴۰۹

اے قبول کرنیوالے توبہ کے

خاصیت: جو کوئی چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ بار کہے حق تعالیٰ اسے توبہ نصوح کرامت فرمائے اور اگر وظیفہ کرے سب کام اس کے صلاحیت پر آویں اور نفس اطاعت میں آرام پکڑے۔ اور وظیفہ کرنے والا عیش و عشرت میں رہے۔

یَا مُنْتَقِمُ

اے بدلہ لینے والے کافروں سے

خاصیت: جو شخص کسی دشمن سے مغلوب ہو اس اسم کو تین جمعہ تک لازم پکڑے تو دشمن مغلوب ہوں اور جس نیت سے آدھی رات میں پڑھے وہ سرانجام ہو اور بیچ روایت حضرت ابوہریرہ رض کے المُنْعِمُ بھی آیا ہے جو کوئی یَا مُنْعِمُ کی مداومت کرے۔ ہرگز کسی کا محتاج نہ ہو۔

یَا عَفُوُّ

اے معاف کرنے والے

خاصیت: جس کے گناہ بہت ہوں اس اسم کو مداومت کرے حق تعالیٰ تمام گناہ اسکے معاف کرے جو کوئی تنہا بیس بار پڑھ کر تلوار پر پھونک دے اس پر اثر نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ کے نام میں سب طرح کی تاثیر ہے زبان اور دل صاف چاہیئے۔

یَا رَءُوفُ

اے بڑے مہربان

خاصیت: جو کوئی چاہے کہ ظالم کے ہاتھ سے کسی مظلوم کو چھڑا دے اس کو دس بار پڑھے وہ ظالم اس شخص کی شفاعت قبول کریگا اور جو کوئی اسکی مداومت کرے دل اسکا نرم ہو اور سب کو دوست رکھے اور سب لوگ اس کو عزیز سمجھیں۔

یَا مَالِکَ الْمُلْکِ

اے مالک دو جہان

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو مداومت کرے تو تونگر ہو اور حاجات اور مہمات دارین کی درستی پائیں اور عالموں نے لکھا ہے کہ جو کوئی دونوں اسموں کو ملا کر پڑھے اگر فقیر ہو غنی ہو جائے لیکن جلال بہت رکھتا ہے۔

یَا ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَام	٥٥٨ جلالی	خاصیت:۔ یہ اسم اعظم ہے۔ بعض کے نزدیک جوشخص یَا ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَام بِیَدِکَ الخَیر
اے صاحب بڑائی اور بخشش کے		

وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیئٍ قَدِیر سو بار پانی پر دم کرے اور اس پانی کو بیمار کو پلاوے تو بیماری سے نجات پائے اور دل محزون اور مسرور ہو از نقول امام جعفر صادقؑ

یَا مُقسِطُ	٢٠٩ جمالی	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو سو بار پڑھے۔ شر شیطان سے اور اس کے وسوسہ سے نڈر
اے انصاف کرنیوالے		

ہو۔ اور اگر کوئی سات سو مرتبہ پڑھے جو مقصود کہ رکھتا ہو حاصل ہو۔ اور جو کوئی رنج میں مبتلا ہووے ستر بار پڑھے۔ رنج سے نجات حاصل ہو اور خوشی ملے۔

یَا جَامِعُ	١١٤ جمالی	خاصیت:۔ جس کے اہل و اقارب متفرق ہو گئے ہوں وقت چاشت کے غسل کرے۔ اور
اے جمع کرنیوالے لوگوں کو قیامت کے دن		

آسمان کی طرف نظر کر کے دس بار پڑھے ہر ایک انگلی عقد کرے۔ پھر ہاتھ منہ پر ملے۔ تھوڑے عرصہ میں جمع ہو جائیں گے۔ اگر لاکھ بار پڑھے ملائک خصلت ہووے۔

یَا غَنِیُّ	١٠٦٠ جمالی	خاصیت:۔ جو کوئی طمع مال میں مبتلا ہو اسم یا غنی کو اوپر ہر عضو کے پڑھے اور ہاتھ نیچے لائے۔
اے بے پرواہ		

حق تعالیٰ اسکی بلا دفع کر دیگا۔ اور جو ہر روز ستر بار پڑھے اس کے مال میں برکت ہو کبھی محتاج نہ ہو اور پنجشنبہ کو ہزار بار پڑھے۔ دولت ملے۔

یا مُغنی
اے بے پرواہ کرنیوالے

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو دس جمعہ تک مداومت کرے کہ ہر جمعہ کو ستر ہزار بار پڑھے خلقت سے بے پرواہ ہو اور کتاب مفید عالم میں لکھا ہے۔ کہ جو کوئی وقت جماع کے ستر بار پڑھے امساک بہت ہو۔ تو امیر عباس۔

یا مُعطی
اے دینے والے

خاصیت: حضرت شیخ قدس سرہ العزیز نے لکھا ہے کہ جو کوئی اسم معظم یا مُعطی کو ورد اپنا کرے کبھی کسی کا محتاج نہ ہو۔

یا مانع
اے منع کرنے والے

خاصیت: جب میاں بیوی میں خفگی اور نزاع واقع ہوئے جس وقت کہ سونے پر جاوے اس اسم کو بیس بار پڑھے حق تعالیٰ اس کے غصے کو دفع کر دے گا۔

یا ضآر
اے ضرر پہنچانے والے

خاصیت: جس کو ایک حال اور مقام میسر نہ ہو اس اسم کو جمعہ کی شب میں سو بار پڑھے حق تعالیٰ اس کو اس مقام میں ثبات و قیام عطا فرمائے اور مرتبہ اہل قرب میں پہنچائے اور کمال ظاہر کی کچھ اصل اسکے آگے کچھ نہیں۔

یا نافع
اے نفع پہنچانے والے

خاصیت: جو کوئی کشتی میں بیٹھے اور اس اسم کو مداومت کرے کوئی آفت اسکو نہ پہنچے اور اگر ابتدائے ہر کار میں ۱۲ بار پڑھے تمام کام اس کے حسب مراد کو پہنچیں اور جو کوئی ماہ رجب میں ورد کرے اسرار الٰہی سے آگاہ ہووے۔

يَا نُوْرُ

اے روشنی بخشنے والے

خاصیت: جو کوئی شب جمعہ میں سات بار سورہ نور اور ایک ہزار ایک بار اس اسم کو پڑھے۔ اس کے دل میں نور پیدا ہووے اور اگر وقت صبح کے ہر روز اس کی مداومت کرے دل اسکا روشن اور منور ہو جائے۔

يَا هَادِيُ

اے راہ دکھانے والے

خاصیت: جو کوئی ہاتھ اٹھا کر اور منہ طرف آسمان کے کرے اس اسم کو بہت پڑھے اور ہاتھ اور منہ اور آنکھوں کے اوپر پھیرے۔ مرتبہ اہل معرفت کا پاوے اور اسرار معارف اس پر ظاہر ہوں۔

يَا بَدِيْعُ

خاصیت: جس کو کوئی غم پیش آوے ستر ہزار بار اور ایک روایت میں ہزار مرتبہ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھے وہ مہم سرانجام پاوے اور اگر باوضو منہ قبلہ کی طرف کرکے اتنا پڑھے کہ سو جاوے کچھ پاوے خواب میں واللہ اعلم

يَا بَاقِيُ

اے ہمیشہ رہنے والے

خاصیت: جو کوئی شب جمعہ میں ایک سو مرتبہ پڑھے۔ تمام عمل اسکے قبول ہوں۔ اور اگر روز شنبہ کے بہ نیت مقہور اعدا سو مرتبہ مداومت کرے۔ دشمن اس کے مطیع و فرمانبردار ہوں۔ آزمودہ ہے۔

يَا وَارِثُ

اے رہنے والے بعد فناء خلق کے

خاصیت: جو کوئی وقت طلوع آفتاب کے اس اسم کو ایکسو مرتبہ پڑھے کچھ رنج اسکو نہ پہنچے اور جو کوئی اس پر مداومت کرے تمام کام اسکے بن جائیں اور ہمیشہ وہ امن میں رہے۔

یَا رَشِیْدُ ۵۱۴
اے رہنما عالم کے

خاصیت: جو کوئی تدبیر اپنے کام کی نہ جانے اس کو درمیان نماز شام اور سونے کے ہزار بار پڑھے جو کچھ کہ ثواب ہو اس پر ظاہر ہو اور اگر ملاومت کرے بغیر سعی ہمیشہ اس کے سرانجام پالیں اور کل کام ٹھیک و درست ہوں۔

یَا صَبُوْرُ ۲۹۸
اے برد بار

خاصیت: جس کو رنج و مشقت یا درد یا مصیبت پیش آئے تین سو تیس مرتبہ اس کو پڑھے اطمینان قلب پاوے اور اگر آدھی رات یا دوپہر کو ملاومت کرے تو انشاء اللہ بندش نظر بندی دشمنوں وغیرہ کے بہت ہی مفید ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا مِائَةً اِلَّا وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

تمت

(۲)

خواص اسمائے گرامی آخر الزمان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ان اسمائِ معظم و مکرم کو صدقِ دل سے بطریق وظیفہ پڑھنا باعث فلاح دارین و سبب حصول مرادات دینی و دنیوی ہے۔ اکثر بزرگانِ دین انہیں اسماء مبارک کی مداومت سے محبوب خلائق و مقبول بارگاہِ الٰہی ہوئے ہر اسم کے شروع و آخر میں درود شریف کا پڑھنا کسی تعداد معین سے ضرور ہے۔ کیونکہ بزرگان دین کا یہی دستور ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ اِسْمُہٗ

مُحَمَّدٌ	بسیار ستودہ	خاصیت:۔ جو کوئی ہر روز اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ چار سو بار پڑھے غنی ہو جاوے:۔
حَامِدٌ	ستائش کنندہ	خاصیت:۔ اس کے پڑھنے والے کو ہمیشہ خوشی ہو اور عقبیٰ زمرہ عابدوں میں ہو:۔

قَاسِمٌ	۲۶	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی ہر روز دس بار پڑھے علم زیادہ ہو اور مفاد ازیں حاصل ہو :۔
مَاحِرًا	۲۵۹	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی ان دونوں اسموں کو درود کے ساتھ ورد کرے خلق اسکی مطیع ہو :۔
مَاحِ	۹	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی اس اسم کو مداومت کرے ۔ امیدوار گنج ہدایت کا ہووے :۔
ثَانِمٌ	۱۴۲	[illegible]	خاصیت :۔ اس اسم کے پڑھنے سے دل کو تقویت اور ایمان کی ترقی ہوتی ہے :۔
نَبِیٌّ	۶۲	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے ہزار بار ۔ انکشاف اسرار نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہو :۔
اَحْمَدُ	۵۳	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی ہر روز سو بار پڑھے خلقت اس پر مہربان ہو :۔
مَحْمُودٌ	۹۸	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی چالیس بار ہر روز پڑھے دولت پاوے اور عزیز خلائق ہو :۔
عَاقِبٌ	۱۷۲	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی اس اسم کو ساتھ درود شریف کے دو سو مرتبہ پڑھے مراد پاوے :۔
مُنِيرٌ	۲۰۰	[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی اس اسم کو ورد کرے ۔ دل اس کا روشن و منور ہو جاوے :۔
بَشِيرٌ		[illegible]	خاصیت :۔ جو کوئی اس اسم کو وظیفہ کرے تو امیدوار بشارت بدیہیکا ہووے :۔

خاصیت: جو کوئی ہر روز سو بار پڑھے، ہرگز کسی کا محتاج نہ ہو اور مطمئن اور آسودہ رہے ۔	[illegible]	[illegible] ٩٦
خاصیت: جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے انجام کار ہمیشہ نیک اور درست ہووے ۔	[illegible]	[illegible] ٥٠٥
خاصیت: جو کوئی وقت عصر کے دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے شب کو بد خوابی نہ ہو ۔	[illegible]	[illegible] ٧٤٢
خاصیت: اس اسم بزرگ کا پڑھنے والا نیک خصائل اور مقبول خلائق ہو ۔	[illegible]	[illegible] ١٢١
خاصیت: جو کوئی اس اسم کو آدھی رات کو برہنہ سر ہو کر پڑھے مراد دلی پاوے ۔	[illegible]	[illegible] ٧٠
خاصیت: جو کوئی اس اسم کو وقت مغرب کے بہت پڑھے دولت مند ہو ۔	[illegible]	[illegible] ١٧
خاصیت: جو کوئی اس اسم کو ہر روز ہزار بار پڑھے محبوب عالم و ہر دل عزیز ہو ۔	[illegible]	[illegible] ٢٣
خاصیت: جو کوئی اس اسم کو ہر روز ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے توفیق عبادت حاصل ہووے ۔	[illegible]	[illegible] ١٢٢١ ١٢٢١
خاصیت: جو کوئی اس اسم کو ورد کرے، عنایت ایزدی شامل حال رہے ۔	[illegible]	[illegible] ١٢٩١
خاصیت: جو کوئی اس اسم کو واسطے سرخروئی کے نزدیک طلوع صبح پڑھے، مقصود بر آوے ۔	[illegible]	[illegible] ١٣٠

بَیَانٌ	٦٣	عَلَّمَهُ الْبَیَان	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم مبارک کی ٦٣ مرتبہ یومیہ ملاومت کرے ذہین ہووے۔
شَہِیْدٌ	٣١٩	[illegible]	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو وقت مسواک کے پڑھے۔ دانت خوشبودار اور روشن ہوں۔
وَلِیٌّ	۴۶	اللہ ولی	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو ہزار بار روزانہ پڑھے قرب تجلیات الٰہی نصیب ہوں۔
نَصِیْرٌ	٣٦٠	[illegible]	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو سفر میں پڑھے راستہ بآسانی طے ہو۔ اور ماندہ نہ ہو۔
طٰہٰ	۱۴	[illegible]	خاصیت:۔ جو کوئی نئے کپڑے پہن کر اس اسم کو تین مرتبہ پڑھے برکت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے شیطان اس کے پاس نہ آوے۔
[illegible]	۱۰۰	[illegible]	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو سو بار یومیہ پڑھے صاحب علم اور صاحب عشرت ہو۔
[illegible]	۱۲۵۰۰	[illegible]	خاصیت:۔ جو [illegible] اس اسم کو [illegible] کے [illegible] بار پڑھے بلاؤں اور فتنہ سے امن میں رہے۔
فَاتِحٌ	۴۹۸	[illegible]	خاصیت:۔ جو کوئی اس اسم کو ہزار مرتبہ نصف شب کو پڑھے باران رحمت کا نزول ہو۔

حُجَّۃٌ ۱۵۱	دلیل	خاصیت :- جو کوئی سو بار مداومت کرے درجاہت ظاہری اور باطنی نصیب ہو ۔
حَافِظٌ ۹۸۹	حفاظت کرنے والا	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو ہر روز سو بار پڑھے عشق الٰہی میں سرشار ہو ۔
عَادِلٌ ۱۰۴	عدل کرنے والا	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو ہر روز دس مرتبہ پڑھے تمام خلق اس پر مہربان ہو ۔
حَلِیْمٌ ۸۸	بردبار	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو سو بار لیومیہ پڑھے سب لوگ اس کو اچھا سمجھیں ۔
مَتِیْنٌ ۵۰۰	مضبوط قوت والا	خاصیت :- جو کوئی ہر روز ذی القوۃ المتین ایک سو بار پڑھے مراد دلی کو پاوے ۔
مُطِیْعٌ ۱۳۹	اطاعت کرنے والا	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو ہر روز پڑھے بخشا جائے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔
اَمِیْنٌ ۱۰۱	امانت دار	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو ہر روز اکیس بار پڑھے ذلیل نہ ہو خلقت سے ۔
صَاحِبٌ ۱۰۱	سردار	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو مریض پر ہر روز پڑھے بیماری سے شفا کلی پاوے ۔
صَادِقٌ ۱۹۴	سچا	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو آسیب زدہ پر سو بار پڑھے آسیب دفع ہو ۔

مَدَنِیٌّ	۱۰۴	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو مار گزیدہ پر پڑھ کر دم کرے زہر کا اثر دفع ہووے ۔
غَرِیبٌ	۱۲۱۲	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اسم مذکور کو چالیس بار پڑھ کر کتے کی طرف پھونک دے وہ پھر نہ بھونکے ۔
قُرَیشِیٌّ	۶۲۰	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو ایک سو بار روزانہ پڑھے صاحب عزت و حشمت ہووے ۔
تِہَامِیٌّ	۴۵۶	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے غلبہ محبت رسول مقبول ہو ۔
نُورٌ	۲۵۶	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو سوتے وقت شب کو پڑھ لیا کرے خواب میں نہ ڈرے ۔
بُرْہَانٌ		[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو گیارہ بار ہر روز پڑھے صاحب مال و نعمت ہو ۔
ذَاکِرٌ	۹۲۱	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو گیارہ بار ہر روز پڑھے سہو نسیان سے امن میں رہے ۔
وَاعِظٌ	۹۷۷	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو ماہ رمضان میں ہر روز پڑھے عبادت قبول ہو اور ثواب عظیم ہو ۔
نَاطِقٌ	۱۶۰	[illegible]	خاصیت :- جو کوئی اس اسم کو ہر روز تین مرتبہ پڑھے تلوار اس پر کارگر نہ ہووے ۔

مَکِینُ ۱۲۰	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو ہر روز دس بار پڑھے آنکھ میں نور پیدا ہو۔
[illegible]	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو [illegible] بار زخم پر پڑھ کر دم کرے۔ درد دور ہوئے۔
حَرِیصُ ۳۰۸	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو دس بار پانی پر دم کر کے درد شکم والے کو پلائے شفا پاوے۔
ثَانِیُّ ۵۶۱	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو سو بار پڑھے ہر عزیز خلائق ہو انشاء اللہ تعالیٰ۔
جَارُ ۲۰۴	[illegible]	خاصیت:- یہ اسم بزرگ نسبتی ہے پڑھنے والے کو کوئی خاص نسبت اس کے دور سے حاصل ہووے۔
آتِیُّ ۴۱۱	[illegible]	خاصیت:- یہ اسم شریف ایسا برکت والا ہے کہ شاغل کو از حد ذوق بخشتا ہے۔
رَحِیبُ [illegible]	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے رحمتِ الٰہی اس پر طاری ہووے۔
جَوَادُ ۱۴	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم کو ہر روز سو بار پڑھے دولت فراواں پاوے۔
عَالِمُ ۱۴۱	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی ہر روز اکتالیس بار پڑھے ہر مراد پہ فتح پاوے۔

شفیعٌ	۴۶۰	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی ہر روز شفیع المذنبین کہے اور درود بھیجے اوپر محمد رسول اللہ کے ثواب عظیم پاوے انشاء اللہ تعالیٰ۔
شافعٌ	۴۵۰	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی ہر روز سو بار کہے غم آخرت سے آزاد ہو۔
عزیزٌ	۹۴	[illegible]	خاصیت:- اگر اس اسم بزرگوار پر مداومت کرے خلقت اس پہ مہربان ہو جاوے۔
رؤفٌ	۲۸۷	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی ہر روز اس اسم کو ہزار بار پڑھے دشمن اسکے دوست ہو جاویں۔
فتاحٌ	۴۸۹	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم پر مداومت کرے دل اس کا کشادہ اور فراخ ہووے۔
طاہرٌ	۲۱۵	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی اس اسم پہ دوام کرے۔ دل پاک اور طینت صاف ہووے۔
مبلغٌ	۲۹۲	[illegible]	خاصیت:- اگر ہر روز اس اسم کو دس بار پڑھے ساتھ درود کے نہایت خوش رہے۔
شکورٌ	۵۲۶	[illegible]	خاصیت:- جو کوئی مداومت اس اسم پہ کرے تونگر ہو اور دل اس کا آرام پاوے۔

[illegible]

(۳۸)

سوال کا جواب ملے استخارہ کا بیان

تنہا مکان میں سوتے وقت ایک ہزار مرتبہ بسبوح با وضو پڑھے اور یہی لفظ ایک کاغذ کے پرزے پر لکھ کر آئینہ کے اوپر رکھے اور آئینہ پر اپنا رخسار رکھ کر سو جائے۔ کوئی شخص آئے گا اور سوال کا جواب دیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

دیگر

ہر بار مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا بدیع العجائب اخبرنی بالخیر اکسٹھ بار پڑھے اور سو جائے اور کسی سے بات نہ کرے مگر شرط یہ ہے کہ با وضو ہو اور اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔

سب حال خواب میں معلوم ہو

داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اقض حاجتی بحق محمد وصاحب القرآن اور داہنی ہتھیلی سر کے نیچے رکھ کر قبلہ رو ہو کر سو جائے۔ انشاء اللہ سب حال خواب میں معلوم ہوگا۔

مطلب کا تصور کر لینا چاہیئے۔ نیز یہ عمل متواتر تین یوم کرے۔

دیگر

جو شخص خواب میں اپنا مقصد معلوم کرنا چاہے اس کو چاہیئے کہ شروع ماہ کی آٹھویں شب کو یا چودہویں شب کو ہاتھ کی ہتھیلی پر اس آیت وَكَذٰلِكَ نُرِىْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ کو لکھے اور سیدھے رخسار کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ مگر باوضو اور طاہر ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں اپنا مطلب ضرور دیکھے گا۔

خواب میں کام کا انجام معلوم ہو جائے

لفظ یا متعالی ایک پرزہ کاغذ پر لکھے اور تکیے کے نیچے رکھ کر باوضو و طہارت کامل یہ دعا اللّٰھم ببرکۃ ھذا الاسم المکرم ادنی فی الامر الفلانی یہاں مطلب بیان کرے۔

بارہا کا آزمودہ ہے

دیگر

جمعرات کے دن روزہ رکھے اور شب جمعہ کو غسل کر کے لباس صاف و پاکیزہ بدل کر خوشبو لگائے اور پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت غوث الاعظم پیرانِ پیر محی الدین کی روح پرفتوح

کو بخشئے۔ پھر گیارہ سو بار اخبرنی لجمالی پڑھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا:۔

دیگر

اگر مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ وَیَا کَاشِفُ الْغَرَائِبِ گیارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء کے پڑھے۔ اور اسی مصلے پر باوضو بغیر کسی سے کلام کئے ہوئے سو رہے۔ انشاء اللہ خواب میں حال معلوم ہو جائیگا مگر اس میں حضرت غوث الاعظم کے ایصال ثواب کی شرط نہیں ہے:۔

دیگر

بعد نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھ کر ان کا ثواب غوث الاعظم اور خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کو پہنچاوے اور اپنے بزرگوں کو بھی ایصال ثواب میں شریک کرے پھر سورہ کوثر پندرہ دفعہ پڑھے۔ اس کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مِنَ الْحَالِ الْفُلَانِیْ (یہاں پر مطلب بیان کرے) پڑھے اور ملفوظوں پر دم کر کے سو رہے نہایت سریع التاثیر ہے۔

خواب میں جواب ملے

اس نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھے جس نیت سے رکھے گا۔ انشاء

اللہ جواب بہ خواب میں ملے ....

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۴	۲	۷	۱۲
۱۲	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

(۴) متفرق عملیات

قرض ادا ہو

ادائے قرض کے لئے فجر کی نماز کے بعد سورہ نصر اِذَا جَآءَ، چالیس بار پڑھنا نہایت مجرب ہے۔

برائے حل مشکلات

سورۂ قریش (لِاِیْلٰفِ) ستر بار روزمرہ پڑھنا تا حل مشکلات نہایت مجرب ہے۔

مطلب براری کے لئے

رات کے وقت ساڑھے چار ہزار مرتبہ اسم ذات اللہ کا ورد عجیب و غریب تاثیر رکھتا ہے۔ اس کے ورد سے انشاء اللہ ضرور مطلب براری ہوگی۔

ہر حاجت کیلئے

یہ حزب البحر کا نقش ہے۔ جو ہر حاجت کے لئے آزمودہ اور مجرب ہے۔ (نقش صفحہ ۴۲ پر دیکھیں)

۲۶۱۵۷۱	۲۶۱۵۷۶	۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۳
۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۶۸
۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۷
۲۶۱۵۶۴	۲۶۱۵۷۵	۲۶۱۵۶۹	۲۶۱۵۷۸

برائے ام الصبیان

نیلے سوت کا گیارہ تار گنڈہ بنائے اور اس پر اکتالیس بار مع بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سورہ الحمد شریف پڑھ کر بچے کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ آرام ہو جائیگا۔

دیگر

کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لے کر اکتالیس تار کا گنڈہ بنائے پھر اس پر گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی سمیعٌ العلیمٌ تک پڑھ کر گیارہ گرہ دے آیۃ الکرسی کے اول آخر پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر بچے کے گلے میں باندھ دے اور یہ نقش پانی میں دھو کر پلائے۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶



یا باسط

پھر یہ نقش لکھ کر کمر میں باندھے سے شیرینی پاک غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو ثواب پہنچائیں۔

۷۸۶

مد	ب	د	ی
ی	د	ب	ط
ب	ط	ی	د
د	ی	ط	ب

نقش یہ ہے...

دیگر

نقش اسمائے کہف چار کورے ٹھیکروں پر لکھے اور ہر ایک میں
بھر کر آگ دہکائے جب
ٹھیکرے سرخ ہو جائیں
ہر ٹھیکرا مریض کی چارپائی کے
پایوں کے نیچے رکھدے
انشاء اللہ بچہ اس مرض سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

وکلبهم تطمیر	بحرمة مقیلیخا	اذار فطبیونس
کشفنو طط	تنبیونس	یوانیس لویس
کشافیطوس	ام الصبیات روشذ	مکسلوینیا

دیگر

اکیس مرتبہ سورہ اذا جاء اجوائن پڑھ پڑھ کے اور اس کی پوٹلی زچہ کی چارپائی کے پائے کے نیچے رکھ دے۔ ام الصبیان کیڑہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

دیگر

جس عورت کے بچے اس موذی مرض میں ضائع ہو جاتے ہوں تو بڑے سائز کے گرداگرد سورۃ یٰسین تمام لکھ لیں۔
پھر ایک تیز چاقو جس کا پھل اور دستہ دونوں لوہے کے ہوں اور پہلے اس سے کوئی چیز بھی نہ کاٹی گئی ہو۔ لیکر اس پر بھی سورۃ مذکور سات بار پڑھ کر دم کریں۔ جس وقت بچہ پیدا ہو۔ اور اس کو کاغذ

کے پنڈے سے کترے ہوئے حلقہ میں سے نکال کر اس پڑھے ہوئے چاقو سے اس کی آنول نال کاٹ ڈالیں۔ اور بچے کے باپ سے پانچ پانچ ٹکے کا نذرانہ لیں۔

سانپ کو مقید کرنے کیلئے

آیت انھم یکیدون کیدا و اکید کیدا کو آب نارسیدہ کورے ٹھیکرے پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سانپ کو مارے سانپ اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے گا۔

عاشقی ختم ہو جائے

اونٹ کی چھڑی عاشق کی آستین میں چھوڑنے سے عشق زائل ہو جائیگا۔

مرد بستہ صحبت پر قادر ہو جائے

ایک پاک صاف برتن میں سورۃ لم یکن الذین کفروا تمام اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹنے نہ پائے۔ پھر اس کو پانی سے دھو کر پی لے تین دن متواتر ایسا ہی کرے انشاء اللہ کشادہ ہوگا اور صحبت پر قادر ہوگا۔

چور کا پتہ چل جائے

اگر کوئی شے گم ہو جائے اور چرانے والے کا پتہ نہ ملے تو چاہیئے

کہ شنگرف پر دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی ران پر ملے۔
اور چالیس مرتبہ ان اسمار لبسم اللہ علیقہ علیقہ تلیقہ
تلیقہ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ و علی
ولی اللہ کو استرے پر دم کرکے ران کے بال مونڈ ڈالے تو چور کے
سر کے بال خود بخود منڈ جائیں گے۔ عجیب و غریب ہے۔

چور کے پیٹ میں درد ہو

برگ ترنج لیموں کے پتے ملا کر ہر پتے پر یہ آیت لکھے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ والسارق والسارقۃ فاقطعوا
ایدیھما جزاء بما کسبا نکالا من اللہ اور شخص متہم کا
نام اس کے نیچے لکھے اور آگ میں ڈالے جو جیسے بھنکا اسکے پیٹ میں
ضرور درد ہوگا۔

چور نظر آجائے

تیل میں سیاہی ملا کر نا بالغ لڑکے یا لڑکی کی دونوں ہتھیلیوں
پر مل دے۔ پھر یہ عظیمت علیکم فتحون فتحون فتحون
حبیبک حبیبک حبیبک شفیعا شفیعا شفیعا
عطیشا عطیشا عطیشا سرورا سرورا سرورا
قدورا قدورا قدورا سھلا سھلا سھلا

نھلاً نھلاً نھلاً اُحضرو من جانب المشارق والمغارب بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔
ماش یا جَو کے نو دانوں پر الگ الگ پڑھ کر ایک ایک دانہ اس بچے کو مارے اور بچے سے کہے کہ وہ ہتھیلی کی سیاہی میں نظر جما کر دیکھتا رہے۔ چور کی صورت صاف دکھائی دے گی۔

نام نکالنے کا طریقہ

جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان کے نام کاغذ کے پرزوں پر لکھ کر پھر ان کی الگ الگ گولیاں گیہوں کے آٹے میں بنائے اور ایک طشت میں پانی بھر کر اوّل درود شریف پھر آیت الکرسی اور سب گولیاں ایک ساتھ طشت میں ڈال دے۔ چور کا نام تیر جائیگا باقی گولیاں ڈوب جائیں گی۔

اگرچہ اس طرح چور کا حال ظاہر ہوجاتا ہے مگر مرتبہ یقین میں ایسے شخص کو چور نہیں کہا جا سکتا تاوقتیکہ اس کے خلاف دوسرے احتمالات نہ ہوں۔ اس لئے خواہ مخواہ ایسے شخص پر چوری کا یقین اس وقت تک نہ کرے جب تک کہ خارجی آثار یقین دلانے والے نہ ہوں۔ کیونکہ یہ حق العباد ہے۔ احتیاط نہایت ضروری ہے۔

مرض معلوم ہوجائے

مریض کے ناخن پا سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا ناپ لے اور سات مرتبہ سورۂ مزمّل شریف معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر مریض کے قد سے ناپیں اگر بڑھ جائے تو شیاطین کا اثر ہے اور اگر گھٹ جائے تو سحر ہے یا جن ہے۔ اور اگر برابر رہے تو مرض جسمانی ہے یہ طریقہ دیگر طریقوں سے زیادہ مفید اور مؤثر اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

برائے شفائے مریض

اس دعاء بسم اللہ ربی اللہ حسبی اللہ توکلت علی اللہ اعتصمت باللہ فوضت امری الی اللہ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کو سب سے پہلے حاملان عرش نے پڑھا تھا اور قیامت تک پڑھتے رہیں گے ہر بیماری میں مریض کی پیشانی پکڑ کے دم کرے انشاء اللہ شفا کلی ہوگی۔

دلوانگی وصدمۂ قلب دور ہو

سورۂ قٓ پوری چینی کے برتن پر لکھ کر مریض کو پلاوے۔ انشاء اللہ چند دن میں شکایت دور ہوجائے گی۔

پریشانی دور ہو

بعد نماز عشا تین سو ساٹھ مرتبہ معہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف یہ دعا یاحی یا قیوم برحمتک استغیث والاکرام یا ذوالجلال پڑھے۔ انشاء اللہ مشکلات حل ہوں گی۔

غائب یا مریض کا حال معلوم کرنا

رات کے وقت جب کہ تمام آدمی سو رہے ہوں آیت یا قوم انما ہذہ الحیٰوۃ الدنیا متاع وان الاٰخرۃ ھی دار القرار من عمل سیئۃ فلا یجزیٰ الا مثلہا ومن عمل صالحا من ذکر او انثیٰ حال فلاں بن فلاں کا معلوم ہونا چاہیئے۔ کو لکھ کر اور چھوٹے چھوٹے سنگریزے اور کچا دھاگہ اگر جمعہ بالغ کے ہاتھ کا کاتا ہوا ہو لپیٹ کر کنوئیں میں ڈال دے۔ اگر آوازیں دف و چنگ۔ ڈھول اور باجے وغیرہ کی نوبتیں میں سنائی دیں تو سمجھنا چاہیئے کہ غائب زندہ ہے اور مریض کو صحت ہو جائیگی۔ اور اگر رونے پیٹنے کی آوازیں آنے لگیں تو سمجھ لو کہ غائب مرگیا۔ اور مریض کو صحت نہ ہو گی؛

گمشدہ شے مل جائے

حضرت بابا شیخ فرید الدین شکر گنج رح

جب کوئی چیز گم ہو جائے یا نہ ملتی ہو یا کسی
نے چرالی ہو اور نہ دیتا ہو تو جمعرات کے دن
یہ نقش لکھ کر بھاری پتھر سے دبا دے انشاء اللہ
تعالیٰ گم شدہ چیز مل جائے گی۔ نقش یہ ہے . . . . .

برائے دفع مرض نارو (نہرو)

مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر پانی میں گھول کر پلا وے اور ایک نقش
لکھ کر پنڈلی میں باندھ دے انشاء اللہ۔
مرض دفع ہوگا۔ نقش یہ ہے . . . .

یا طہٰ سعٰحٰ

دیگر

نقش مندرجہ ذیل کو جس جگہ نارو نکلتا ہے۔ اس
کے تینوں طرف لکھ دے۔ انشاء اللہ دفع ہو جائیگا۔

بانجھ پن دور ہو

بانجھ عورت کے لئے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ
آیت ولو ان قرآن سیرت بہ الجبال او قطعت بہ
الارض او کلم بہ الموتیٰ بل للہ الامر جمیعاً لکھے اور

اور گلے میں ڈال دے۔

دیگر

چالیس لونگوں پر سات مرتبہ آیت اوکظلمات فی بحر لجی یغشاہ موج سے من نور تک (پارہ ۱۸۔ رکوع ۱۱) پڑھ کر لونگوں کو رکھ دے۔ غسل حیض سے فارغ ہو کر ایک ایک لونگ روز کھاتی رہے۔ اس عرصہ میں شوہر سے مقاربت بھی کرتی رہے مگر شرط یہ ہے کہ جو لونگ کو کھایا کرے۔ اور اس پر پانی نہ پیئے۔

حمل ٹھہر جائے

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو دو انڈے ابلے ہوئے منگائے۔ ایک پر لکھے والسماء بنینٰھا باید وانا لموسعون اور مرد کو دے کھلائے۔ اور دوسرے پر لکھے والارض فرشنٰھا فنعم الماھدون اور عورت کو دے کہ وہ کھالے چالیس روز تک ایسا ہی کرے اور اس عرصہ میں خاوند صحبت بھی کرتا رہے۔ انشاء اللہ حمل ضرور قرار پا جائے گا۔

برائے چیچک

اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے اور تعویذ والا گھنڈی کوڑی یا اس کی قیمت خیرات کر دے۔

۷۸۶

یاحافظ　　　　یاحافظ

نقش معظم یہ ہے .... محمد محمد محمد محمد　اللہ کافی

اللہ شافی

ہیضہ سے بچنے کیلئے

مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھ دے اور تعویذ باندھنے والا دھڑی خیرات کر دے۔

تعویذ یہ ہے:۔

۷۸۶

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیاء
ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہما
از شر بلائے وبا نگہدار　اللہ شافی اللہ کافی

بچوں کی حفاظت کیلئے

یہ تعویذ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات کلھا من شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض ورب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم لکھ کر موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ ہر بلا سے محفوظ رہے:۔

برائے تپ و لرزہ یعنی جو بخار تیسرے روز آتا ہو

دو ٹھیکرے کورے برتن لیکر اس پر یہ تعویذ لکھے۔ اور تین بار مندرجہ ذیل دعاء

بیت ے اللہ شافی	اللہ شافی بنت ے

دعاء:- منا ہ شفا کل باء دفعہ کو پڑھ کر دم کرے پھر بازو پر باندھ دیں تین روز تک صبح ایک ہاتھ کی دوسرے ہاتھ پر بدل دیا کرے۔ بخار جاتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

حفاظت حمل کیلئے

چاروں قل اصلی مونگے کے دانہ پر مغرب و عشاء کے درمیان ایک سو ایک بار معہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کریں اور حاملہ ران میں باندھ دیں تو حمل اسقاط وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ اگر مونگا کبھی سفید ہو جائے تو دوسرا دانہ اسی طریقہ سے پڑھ کر بندھوا دینا چاہئے۔ زمانہ ولادت کے کھلوا دینا نہایت ضروری ہے۔

کشف علوم و تسخیر جن کے لئے

جس مہینے کی چاند کے حساب سے پہلی تاریخ جمعرات ہو غسل کرکے اس دن روزہ رکھے۔ شام کو جَو کی روٹی اور شکر اور کسی قسم کے

ساگ سے افطار کرے۔ اور اپنے وقت پر سو رہے جب نصف شب ہوا کٹھ کر وضو کر کے اور رو بقبلہ بیٹھ کر یہ آیتیں واذ قال ربك للملئكة سے العليم الحكيم پارہ الم ع ۴) ۳۳ بار پڑھے۔ پھر کانچ کے برتن پر مشک و زعفران و گلاب سے ان آیتوں کو لکھ کر آب ژالہ (اولے) سے دھو کر پیئے اور سو رہے۔ سات روز تک اسی طرح کرے۔ آخر تو دن یہ آیتیں ستر مرتبہ پڑھے۔ مگر مکان تنہائی کا ہو اور عود کی دھونی دے۔ پھر فارغ ہو کر اپنی کپڑوں میں سو رہے۔ انشاء اللہ مقصود حاصل ہو۔

برائے کشف راز عورت

منگل کی رات کو نابالغ لڑکی کے کپڑے رجب کہ پانچ گھنٹے رات گذر جائے تو ان آیتوں یعنی اسرائیل الخ کروا سے انتم تعلمون تک (پارہ الم ع ۵) کو لکھ کر سوتی ہوئی عورت کے سینے پر رکھ دیں۔ جو کچھ اس نے کیا ہوگا۔ سب بتا دیگی مگر یہ اسی جگہ کرے جہاں شرعاً تجسس کی اجازت ہو ورنہ حرام ہے۔

خزانہ کی دریافت کیلئے

یہ آیت واذ قلتم سے تعقلون تک (پارہ الم ع ۹) اور

سورہ شعراء پارہ ۱۹ کاغذ پر لکھ کر ایک سفید مرغ کی گردن میں جس کا ناخ شاخ ہو باندھ کر جس جگہ دفینہ کا شبہ ہو وہاں چھوڑ دے۔ مرغ وہاں جا کر کھڑا ہو جائے گا۔ اور اگلے روز مر جائے گا۔

برائے خونی بواسیر

اس آیت واذ یرفع ابراھیم سے حکیم تک (پارہ الم ع ۱۵) کو بلوری برتن پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر آب انگور سیاہ سے دھو دے اور قدرے کہربا اور کافور اور کچھ شکر ملا کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خونی بواسیر جاتی رہے گی۔

برائے لقوہ

قلعی دار تانبے کا طشت لے کر اس کو خوب صاف کر کے اس میں یہ آیتیں، قدنری تقلب سے یعلمون تک (پارہ سیقول ع ۱) مشک و گلاب سے لکھ کر پاک پانی سے دھو کر لقوہ والے کا منہ دھلایا جاوے اور منہ دھونے کے بعد اس طشت میں تین گھنٹے تک نظر رکھے۔ اسی طرح تین یوم برابر کرے۔

حصول کیمیا و علوم مخفیہ کیلئے

جو شخص علم کیمیا کا طالب ہو یا مخفی علم کو دریافت کرنا چاہئے اس کو چاہیئے کہ اوّل غسل کرے اور متواتر چالیس روزے رکھے اور حلال غذا سے افطار کرے اور ہر شب سوتے وقت سورۂ والشمس واللیل ۔ والضحیٰ اور الم نشرح سات سات بار پڑھے اور آیت قل اللھم مالک الملک سے حساب تک سات بار پڑھے پھر درود شریف پڑھ کر دعا کرے کہ الٰہی فلاں علم جو اکثر مخلوق سے پوشیدہ ہے میرے لئے آسان کر دے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیداری یا خواب میں کوئی بتلا دے گا ۔

دیگر

جو شخص دفینوں پر خط الوں پر معلوم کرنا چاہے تو آیات مذکورہ کو تانبے کے برتن میں مشک و زعفران سے لکھے پھر ہلیلہ زرد آب طہور میوۂ سبز سے اس کے حروف دھو کر سیاہ مرغی یا سیاہ بطخ کا پتہ اور پانچ مثقال سرمہ اصفہانی لے کر اس پانی میں ملا کر خوب باریک پیسے حتّٰی کہ وہ باریک سرمہ ہو جائے ۔ اور رات کے وقت پیسا کرے تاکہ اس پر دھوپ نہ پڑے ۔ جب وہ سرمہ بن جاوے کانچ کی شیشی میں رکھے ۔ اور

آبنوس کی سلائی سے اس کا استعمال اس طرح کرے۔ کہ اوّل جمعرات کے دن روزہ رکھے۔ جب نصف شب ہو درود شریف پڑھے اور آیاتِ موصوفہ ستر بار پڑھے پھر ستر مرتبہ استغفار پڑھے پھر ستر مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر اسی سلائی سے دونوں آنکھوں میں تین تین سلائی اس سرمہ کی لگائے اور داہنی آنکھ میں پہلے لگائے۔ اسی طرح سات جمعرات تک کرے کہ دن میں روزہ رکھے اور رات کو آیات وغیرہ پڑھ کر سرمہ لگائے۔ کچھ اشخاص روحانیہ نظر آئیں گے۔ اسے جو سوال کرنا ہو کہدے۔ وہ اس کا صحیح جواب دیں گے۔

دریا کی طغیانی دور کرنے کیلئے

اگر دریا میں جوش، طوفان وطغیانی ہو تو یہ آیت قل من ینجیکم من ظلماتِ البر سے تشرکون تک (پارہ ۷ ع ۱۴) لکھ کر دریا میں ڈال دے طوفان ساکن ہو جائیگا۔

بھاگا ہوا واپس آئے

کسی پرانی مشک کا ٹکڑا یا کدوئے خشک کا پوست لیکر پرکار سے اس پر دائرہ بناوے اور اس دائرہ کے اندر یہ آیت قل اندعوا من دون اللہ سے رب العٰلمین تک (پارہ ۷ ع ۱۵) اور دائرہ

سے باہر چور یا بھاگے ہوئے کا نام معہ اس کی والدہ کے نام کے لکھ کر ایسی جگہ دفن کرے جہاں کوئی چلتا نہ ہو انشاء اللہ بھاگا ہوا حیران و پریشان واپس آجائے گا۔

دیگر

کتان کے دھلے ہوئے کپڑے کا ایک چاند کاٹ لے اس پر شروع ماہ میں یہ آیت ولو اردوا الخروج سے مع القاعدین تک (پارہ ۱۰ ع ۱۳) لکھے اور گرد اس کے نام اس شخص کا مع نام اس کی والدہ کے لکھے۔ اور جس جگہ کوئی نہ دیکھتا ہو۔ جاکر ایک میخ آہنی اس چاند پر ٹھونک دیں اور اس کو مٹی سے چھپا دیں۔ انشاء اللہ چور یا بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

دیگر

اگر کسی کی کوئی چیز جاتی رہے تو یا حفیظ ایک سو انیس بار پھر یہ آیت یا بنی انہا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السمٰوٰت او فی الارض یات بہا اللہ ان اللہ لطیف خبیر ۱۹ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔

دیگر

اگر کوئی شخص گم ہو جائے۔ اس کے واپس سلامت آنیکے لئے سورۃ واللیل ہرن کی کھال پر لکھ کر کسی اونچے درخت پر لٹکا دے۔ مجرب ہے

دیگر

مفقود الخبر شخص کے لئے اس آیت ولکل وجھۃ ھو
مولیھا سے قدیر تک (پارہ سیقول ۲) کا ختم نہایت
مجرب ہے۔ وہ شخص گم گشتہ یا خود واپس آئے گا۔ یا اس کی
کوئی اطلاع آئے گی۔

ترکیب ختم یہ ہے :-

اوّل و آخر گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔
اللھم صلی علی محمد سید الابرار فاتح الاسرار
وبارک وسلم پھر سات ہزار ایک سو اکیس مرتبہ آیت
مذکورہ پڑھیں۔ بعد ختم فوراً سوا سیر مٹھائی نابالغ بچوں کو
تقسیم کی جائے اور ختم پڑھنے والے دو دو رکعت نفل پڑھ کر
غائب کے آجانے کے لئے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین
روز میں مقصود حاصل ہوگا۔

ختم اگر ایک شخص پڑھے تو بہتر ہے۔ ورنہ تین آدمیوں
سے زیادہ نہ ہوں۔

دیگر

اگر کوئی شخص گم ہو جائے اور عرصہ سے اس کی خبر نہ ملی ہو
تو اس کی خبر معلوم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل عمل نہایت مفید

اور مجرب ہے ۔

اوّل تین روزے رکھے اور تینوں دن اکیس اکیس سو مرتبہ اس آیت کو الحمد للہ الذی لہٗ ما فی السمٰوٰتِ وما فی الارض سے رحیم الغفور تک (پارہ ۲۲ سورہ صبا شروع) کو باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر پڑھے اور پانی دم کرے۔ جب تین دن کا دم کیا ہوا پانی تیار ہو تب تھوڑی سی زعفران اور مشک اس پانی میں گھولے پھر سفید کاغذ پر یہی آیت تین مرتبہ لکھ کر کسی درخت میں لٹکا دے ۔ انشاء اللہ سات روز میں مفقود کی خبر مل جائے گی ۔ موت زندگی جو کچھ ہو گا معلوم ہو جائے گا عمل مجرب ہے ۔ عقیدہ شرط ہے ۔

برائے سرسام

ان آیتوں وھو الغفور الودود ذوالعرش المجید سے لوحِ محفوظ تک (پارہ عم سورہ بروج) کو کورے برتن پر لکھے اور پاک پانی سے دھو کر قدرے پلائے ۔ اور کچھ منہ پر چھڑکے ۔ نہایت مفید ہے ۔

درد گردہ ومرگی

ایسے شخص کے لئے جو ان امراض میں مبتلا ہو گیارہ مرتبہ

سورہ بلد (پارہ عم) روزانہ پڑھنا نہایت مجرب ہے۔

جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو

پاؤ بھر دیسی اجوائن۔ آدھ پاؤ سیاہ مرچ ڈھائی پاؤ شہد لینا ہے پھر چاند کے شروع میں پیر کے دن اشراق کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ والشمس (پارہ عم) کو پڑھ کر دم کرے پھر روزانہ ایام حمل میں ایک چٹکی اجوائن کی تین دانہ سیاہ مرچ ایک انگلی شہد روزانہ کھائے۔ نہایت مفید عمل ہے۔ اگر بچہ کے دودھ پلانے تک کھائے تو اور زیادہ اچھا ہے۔ اگر اشیاء ختم ہو جائیں تو دوبارہ پھر ایسا ہی کر لیا جائے۔

فالج وغیرہ کے لئے

سورہ والشمس کا بعد نماز اشراق ایک مرتبہ پڑھنا فالج لقوہ رعشہ وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ۔

برائے ناسور!

جو پھنسی یا ناسور یا اورنگ زیبی اچھی نہ ہوتی ہو۔ اور طبیب اس علاج سے عاجز ہوں تو اس آیت شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم مسلمۃ لا شیۃ فیھا

کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس دوا یا مرہم پہ دم کیا جاوے جو زخم پر لگاتا ہے۔ انشاء اللہ دس روز میں داغ تک باقی نہ رہیگا۔

برائے زبان بندی دشمن

حاسد، دشمن، بدگو، چغلخور کی زبان بندی کے لئے سات دن تک ایک ہزار ایک مرتبہ اس آیۃ شریف فلما اضاءت ما حولہ ذھب اللہ بنورھم سے لا یرجعون تک (پارہ الم ع ۲) کو رات کے اندھیرے میں پڑھنا نہایت مفید اور آزمودہ ہے۔

ہر مرتبہ آیتہ کے ختم کے بعد جس کی زبان بندی مقصود ہو اس کا نام لیتا جاوے۔ چونکہ یہ آیت جلالی ہے اسلئے اس عمل کے درمیان جھوٹ بولنا۔ حرام غذا کھانا۔ حرام فعل کرنا نہایت مضر ہے۔ احتیاط ضروری ہے۔

عمل الحمد شریف

یہ عمل نہایت مفید اور موثر ہے۔ قدر کرنا شرط ہے ہر شخص اس عمل سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پہلے حمد شریف کی زکواۃ اس طریقے پر دے۔

اول گیارہ روزے متواتر رکھے۔ سحری اور افطاری میں جَو کی

روٹی کھائے۔ مدینہ طیبہ کی کھجور یا آب زمزم سے روزہ افطار کرے۔ اس گیارہ روزے کے عرصہ میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ باوضو قبلہ رو بیٹھ کر الحمد شریف مع بسم اللہ کے ہر روز دس ہزار مرتبہ پڑھنے سے گیارہ روز میں تعداد پوری ہو جائے گی۔ گیارہویں دن جب ختم پورا ہو فوراً مرگی والے یا دیوانہ مجنوں پر دم کرے مریض موجود نہ ہو تو پانی پر دم کرے۔ اور مریض کو پلا دے۔ بحمد اللہ فوراً آرام ہوگا۔ مرگی۔ جنون سب لاعلاج مرضوں کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

برائے ترقی و دولت و اولاد وغیرہ

یہ عمل نہایت پر زور اور با اثر ہے۔ پڑھنے والا کامل بھروسہ اور خلوص نیت سے پڑھے۔ شرطیہ کامیاب ہوگا۔

ترقی دولت کیلئے ایک سو اکیس مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ عشا کی نماز کے بعد پڑھے۔ مگر جس وقت صراط الذین انعمت پر پہنچے تو کہے مثل داؤد و سلیمان و یوسف علیہم السلام پھر غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھ کر سورۃ ختم کر دے۔ ہر دفعہ اسی طرح کہے۔ اکتالیس دن میں مقصود حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اور جس کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ بھی اسی طرح عمل کرے۔

مگر وہ آیت صراط الذین کے بعد مثل ابراہیم ویعقوب علیہ السلام کا جملہ تین مرتبہ کہے اور جس شخص کے اولاد ہو مگر فرزند نرینہ نہ ہو وہ مثل ذکریا علیہ السلام کا جملہ کہے۔ انشاء اللہ ہر شخص اپنی مراد کو پہنچے گا۔

باری کے بخار و دیگر امراض کیلئے

باری کے بخار کے لئے دو عدد پان پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور ذالک تخفیف من ربکم و رحمۃ فمن اعتدیٰ بعد ذالک فلہ عذاب العلیم۔ لکھ کر وہ پان باری والے کو ایک صبح ایک شام کھلادیں۔ پھر جس دن بخار کی باری ہو بسم اللہ الرحمن الرحیم یا حفیظ یا سلام یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر ایک پان پر لکھ کر کھلانا بفضلہ تعالیٰ بخار کے سوا ان امراض میں بھی جو دورہ سے ہوتے ہوں یہ عمل نہایت مفید اور مجرب ہے۔

شناخت چور کیلئے

سورۂ یونس (پارہ ۱۱) تانبے کے طشت پر لکھ کر آب بستہ سے دھو کر اس میں آٹا گوندھے اور اس پر سب لوگوں کا نام پڑھ کر دم کرتے جن پر چوری کا شبہ ہو اور اس کی روٹی پکا کر ان

لوگوں کے شمار کے مطابق اس کے ٹکڑے کرے اور ان لوگوں کو کھلائے۔ چور نہیں کھا سکے گا۔

برائے درد پسلی وغیرہ

واذا مس الانسان الضر سے یعلمون تک پارہ ۱۱ ع ۷) مٹی کے کورے پاک برتن پر اس آیت کو سیاہی سے لکھ کر اور اس برتن کو روغن زیتون سے بھر کر اس سے حروف دھوئے پھر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کرکے پنڈلیوں یا پسلی یا جہاں درد ہو مالش کرے۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔

پیٹ کے درد کیلئے

یا ایھا الناس قد جاءتکم موعظۃ سے یجمعون تک (پارہ ۱۱ ع ۱) جس شخص نے کبھی صحبت نہ کی ہو اس سے کاغذ لے کر سیاہی سے لکھ کر کسی سبز پھل کے عرق سے دھو کر کسی قدر مصری اس میں شامل کرکے مریض کو پلائے خفقان اور اختلاج قلب کو بھی نافع ہے۔

برائے دفع امراض ہر قسم

مصری کے ٹکڑے پر لوہے کی سوئی سے اس آیت کریمہ

بسم اللہ بقرے الرحیم تک پارہ ۱۱ ع ۱۶ کو نقش کرکے آب شیریں سے جو رات کے وقت نہریں سے لیا گیا ہو۔ گھول کر مریض کو قریب طلوع فجر کے پلایا جائے۔ انشاء اللہ جملہ اقسام کے امراض سے شفا ہوگی۔

قوت و نصرت و دشمنوں پر غلبہ کیلئے

سورۂ ھود (پارہ ۱۱ ع ۱۲) ہرن کی جھلی پر لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھ لے۔ اسے قوت و نصرت عطا ہو۔ اگر سو آدمیوں سے مقابلہ ہو سب پر ہیبت غالب آجائے اور اس کے خلاف اس کے سامنے کوئی گفتگو نہ کر سکے اور اگر زعفران سے لکھ کر صبح و شام تین یوم پی لے۔ قلب قوی ہو جائے اور کسی مقابلے سے اس کو خوف نہ ہو۔

برائے روزگار بحالی معطل

مہینہ میں جو اول جمعرات و جمعہ آئے ان میں روزہ رکھے اور شب جمعہ میں بستر پر لیٹتے وقت وقال الملک ائتونی استخلصہ لنفسی سے محسنین تک (پارہ ۱۳ ع ۱) پڑھے۔ پھر جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان ان آیات کو لکھے پھر روزہ افطار کرکے ان آیات کو پڑھے پھر عشا کی نماز پڑھ لے اور بستر پر جا کر ان آیات کو پڑھے اور بستر

پڑھ کر لا الہ الا اللہ سو بار۔ اللہ اکبر سو بار الحمد للہ سو بار۔ سبحان اللہ سو بار۔ استغفار سو بار۔ درود شریف سو بار پڑھ کر سو رہے۔ جب صبح ہو گھر سے نکلے اور لکھی ہوئی آیات کو تعویذ بنا کر بازو پر باندھے اور پختہ عہد کرے۔ کہ کسی پر ظلم نہ کروں گا۔ اور اپنے حق سے زیادتی نہ کروں گا۔ انشاءاللہ ایک دو ہفتہ میں برسر روزگار ہو جائے گا۔

جو شخص آیات پڑھنا نہ جانتا ہو وہ لکھی ہوئی کو تکیہ کے نیچے رکھ لے اور باقی ورد پورا کرے۔

غنا کے لئے

جو شخص آیت مبارک وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمہا سے کتاب مبین تک (پارہ ۷ ع ۱۳) ہمیشہ بعد نماز عشاء یا بعد فجر سو مرتبہ یا کم از کم ستر مرتبہ پڑھے تو وہ غنی ہو جائے اور عجیب و غریب اسرار دیکھنے میں آئیں۔

دیگر

آیت قطب ثم انزل علیکم من بعد الغم سے بذات الصدور تک (پارہ ۴ رکوع ۷) حصول غنا۔ رزق و ملازمت کیلئے مفید اور مشہور ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔

کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان بلا ناغہ چالیس روز تک ایک سو ایک مرتبہ اس آیت کو معہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے پڑھے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ان ایام میں ہر قسم کے گوشت، انڈے، مچھلی، لہسن، پیاز، دال ماش، ہینگ وغیرہ سے بالکل پرہیز کرے۔
انشاء اللہ ایک ہفتہ نہ گزرے گا کہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

برائے ملازمت

آیت مذکورہ بالا کو چالیس روز بلا ناغہ پچھلی شب تقریباً تین بجے اٹھ کر طہارت کاملہ کے ساتھ ستر مرتبہ پڑھے۔ ممکن ہو تو ترک حیوانات جلالی کرے۔ ورنہ کم از کم مکروہات سے ضرور پرہیز کرے۔ حصول ملازمت اور رزق کے لئے ازبس مفید و تجربہ ہے۔

دیگر

جو شخص روزانہ سورہ یٰسین شریف گیارہ بار پڑھا کرے اور اس عدد کو اپنے لئے اختیار کرے۔ انشاء اللہ ہرگز محتاج نہ رہے گا۔ اور مخلوق سے غنی ہو جائے گا۔ اس سورت کے عجیب و غریب اسرار ہیں۔ جن کی اس مختصر میں گنجائش نہیں ہے۔

دیگر

حصول غنا اور فراخی رزق کے لئے سورۃ واقعہ نہایت مجرب ہے۔ جو شخص اس سورت کو اکتالیس مرتبہ ایک جلسہ میں پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی حاجت اسی وقت پوری ہو۔ خصوصًا وہ حاجت جس کا تعلق یا ملازمت یا ان کے اسباب سے ہو۔ فائدہ :- بہتر ہے کہ اس طریق کو چند روز عمل میں لائے کیونکہ اس زمانہ میں تقویٰ و طہارت معدوم ہے۔ اور سرعت اجابت ضمیمہ ہے۔ تقویٰ و طہارت کا پس ممکن ہے کہ شامتِ اعمال کے سبب ایک مرتبہ شرف قبولیت عطا نہ ہو تو دوسری مرتبہ نہیں تو تیسری مرتبہ۔

کشائش رزق کیلئے

یارزاق ۔ یافتاح ۔ یاباسط ۔ ہر روز صبح بعد نماز فجر اُن ناموں کے عددوں کے موافق ورد کرے۔ خدا تعالیٰ اُس پر رزق کے دروازے کھول دے گا۔ مذکورہ بالا اسماء کے اعداد ۷۷۴ ہیں۔

دیگر

اسم مبارک یاوھاب کو شب کے آخر حصے میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ حق تعالےٰ نے اس نام کی برکت سے ایک بندہ

کا رزق فراخ کر دے گا۔

برائے دریافت خزائن وغیرہ

جو شخص کسی پوشیدہ امر کا دریافت کرنا چاہے۔ مثلاً حاملہ کے شکم میں کیا ہے ؟ یا دفینہ کہاں ہے ؟ یا غائب کب تک آئے گا ؟ یا مریض کب تک اچھا ہوگا ؟ تو وضو کر کے عطر لگائے اور پیر کے روز روزہ رکھے اور شب کو با وضو سووے۔ اور صبح منگل کے روز قبل طلوع آفتاب ان آیتوں اللہ یعلم ما تحمل سے المتعالی تک (پارہ ۱۳ ع ۱۷) کو ایک سبز کپڑے پر زعفران اور گلاب خالص سے لکھے اور پھر اس کپڑے کو عود وغیرہ سے دھونی دے کر اس کو ایک ڈبہ کے اندر رکھ کر بند کر دے اس طرح کہ نہ کوئی آدمی اس کو دیکھے اور نہ چاند سورج کا سامنا ہو۔ جب بدھ کی رات ہو تو عشاء کی نماز پڑھ کر اس ڈبہ کو ہاتھ میں لے کر یوں کہے :۔

" یا عالم الخفیات فی الامور یا من ھو علیٰ کل شیءٍ قدیر اطلعنی علیٰ کل ما دید انک علیٰ کل شیءٍ قدیر "۔ پھر ذکر اللہ کرتا ہوا سو جائے۔ خواب میں کوئی شخص امر مفقود بتا جائے گا۔ اگر اس روز نظر نہ آئے تو جمعرات کے دن روزہ رکھ کر شب جمعہ میں اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ

ضرور کوئی نہ کوئی خواب میں خبر دے گا۔

برائے دفع پسّو

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ سے الْمُتَوَكِّلُوْنَ تک (پارہ ۱۳ ع ۱۴) اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے اور سات دفعہ یوں کہے کہ اے پسّوؤ۔ اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو تو ہم کو مت ستاؤ۔ اور خوابگاہ کے گردا گرد اس پانی کو چھڑک دے۔ رات بھر انشاء اللہ محفوظ رہے۔

فصل کی حفاظت کیلئے

جس کھیت میں کیڑا یا ٹڈی یا چوہا لگ گیا ہو تو زمین کی چار تختیاں لے اور ہر ایک پر یہ آیتیں وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ سے غَلِيْظٌ تک (پارہ ۱۳ ع ۱۵) سیاہی سے بدھ کی صبح کو قبل طلوع آفتاب لکھے اور ایک ایک گوشے میں ایک ایک تختی گاڑ دے اور گاڑتے وقت یہ آیتیں تین بار پڑھے۔ انشاء اللہ تمام موذی جانور دفع ہوں گے۔

قرارِ حمل

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ بیوی جمعہ کے روز

معہ خاوند کے روزہ رکھیں۔ اور شکر اور بادام روٹی سے افطار کریں اور پانی بالکل نہ پئیں۔ اور یہ آیتیں داتی خفیت السموالی سے بیعث حیاتک (پارہ ۱۶ ع ۴) شیشے کے جام پر شہد سے جس کو آگ نہ پہنچی ہو لکھ کر آب شیریں یا پاک سے دھو کر سفید چنے دو سو چھ ہیں عدد پر یہ آیتیں پڑھ کر اس پانی کو ہنڈیا میں ڈال کر وہ چنے اس ہنڈیا میں ڈال دیں اور خوب تیز آنچ کر دیں۔ پھر عشاء کی نماز پڑھ کر سورۂ مریم (پارہ ۱۶) پڑھے۔ جب چنے خوب پک جاویں پانی سے نکال لیں اور اس میں تھوڑا آب انگور ملا لیں اور آدھا آدھا دونوں میاں بیوی کھائیں۔ اور تھوڑی سی دیر سو رہیں۔ پھر اٹھ کر مباشرت کریں۔ انشاء اللہ اسی روز حمل ہو جائے گا۔ اور اگر اسی طرح تین شب متواتر کے بعد کریں تو اولاد بہت اچھی ہو۔

برائے آشوب چشم

آیت اللہ نور السموات سے بغیر حساب تک (پارہ ۱۸ رکوع ۱۱) روزمرہ صبح کے وقت تین بار پڑھ کر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ آشوب چشم جاتا رہے گا۔

برائے دریافت دفینہ

اگر کسی جگہ دفینہ کا شبہ ہو اور اس کا دریافت کرنا منظور ہو

تو ایک مرغ سفید نیلگوں چشم یا تاجدار سے کہ یہ آیتیں۔
وانہ لتنزیل رب العالمین سے یعنی ! سرا تمبل
تک (پارہ ۱۹ رکوع ۱۵) ایک کاغذ پر لکھ کر نابالغ دختر
کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کے کچے دھاگے سے اس
مرغ کے بازو پر باندھ دے۔ اتوار کے دن زوال آفتاب
کے وقت شبہ کی جگہ پر چھوڑ دے۔ دفینہ کی جگہ
جاکر وہ مرغ کھڑا ہوگا۔ اور پنجوں اور چونچ سے کریدنا
شروع کرے گا۔

برائے کامیابی مقدمہ

اگر کسی کی جھوٹی گواہی یا حاکم کے غلط فیصلہ اور ظلم
سے اندیشہ ہو تو پیشی مقدمہ کے وقت یہ آیتیں
سبحان اللہ وتعالیٰ عما یشرکون سے یرجعون
تک (پارہ ۲۰ رکوع ۱۰) سات مرتبہ پڑھے اور تین مرتبہ
کہے۔ واللہ غالب علی امرہ۔ انشاء اللہ سب
شروں سے محفوظ رہیگا۔ اور مقدمہ اس کے حق میں
ہوگا۔

برائے آسانی ولادت

اس آیت اذا السماء انشقت واذنت لربہا
وحقت واذا الارض مدت والقت ما فیہا

وتخلت کو کاغذ کے پرزے پر لکھے اور پاک کپڑے پر لپیٹ کر بائیں ران پر باندھ دے۔ مگر شرط یہ ہے کہ بچہ ہوتے ہی فوراً کھول دو۔ ورنہ آنتوں کے نکل آنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

برائے جملہ حوائج ومشکلات

جب کوئی مہم نہایت مشکل درپیش ہو تو دو رکعت نفل ادا کرے اور اس کے چاروں سجدوں میں چالیس چالیس بار آیت کریمہ لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین پڑھے اور سلام پھیر کر دعا کرے۔ فوراً مقبول ہوتی ہے کم از کم تین روز کرے۔ یہ عمل نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

برائے تنگی رزق

جس شخص کی روزی تنگ ہو۔ گناہ سے توبہ کرے اور نیک کاموں کا ارادہ کرے۔ اور جمعہ کی نصف شب کو اٹھ کر استغفار سو مرتبہ۔ درود شریف سو مرتبہ اور یہ آیت ومن قدر علیہ رزقہ سے یسرا تک (پارہ ۲۸ رکوع ۱۸) سو مرتبہ پڑھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ خواب میں رفع تنگی کی تدبیر معلوم ہو جائے گی۔

برائے یرقان

سورۃ بینہ (لم یکن الذین کفروا من اہل الکتب) (پارہ عم) لکھ کر باندھے۔ اور ایک کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلا وے۔ چند روز ایسا ہی کرے انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

کثرت شکار ماہی

سورہ نصر (اذا جاء) (پارہ عم) دھاگے پر لکھ کر کے جال میں لگائے تو اس میں مچھلیاں بہت پھنسیں۔

برائے ترقی ملازمت و عہدہ

اول شرط یہ ہے کہ پنج وقتہ نماز کا پابند ہو۔ پھر عشاء کے بعد سورۃ قریش (لایلف) ستر (۷۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ جب حاکم یا افسر کے رو برو جائے تو گیارہ مرتبہ اس طرح پڑھے کہ پہلی مرتبہ پڑھ کر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کرے۔ دوسری مرتبہ اس کے پاس والی اسی طرح پانچویں مرتبہ پڑھ کر انگوٹھا کو چاروں بند انگلیوں پر رکھ کر زور سے مٹھی بند کرلے۔ پھر چھ مرتبہ پڑھ کر بند مٹھی پر دم کرے اور حاکم یا افسر کے سامنے جا کر دائیں

ہاتھ سے سلام کرتے وقت مٹھی کھول دے۔ انشاء اللہ مقصد بر آری ہوگی۔

آدھے سر کا درد دور ہو

جس کسی کے آدھا سیسی کا درد ہو یہ آیت قل من رب السمٰوات والارض قل اللہ قل افاتخذتم من دونہ اولیاء لا یملکون لانفسہم نفعا ولا ضرا پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

برائے درد داڑھ

جب کوئی درد داڑھ کا مریض آئے تو اس سے کہو۔ کہ جس داڑھ میں درد ہے اس کو ہاتھ کی انگشت شہادت سے پکڑ لے۔ اور بات کرتے وقت اس کو نہ چھوڑے اور پھر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو۔ اور اس سے کہو کہ تیرا کیا نام ہے۔ وہ اپنا نام بتاوے پھر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو۔ اور اس سے پوچھو تیری ماں کا کیا نام ہے۔ وہ بتادے تو پھر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ کے سات مرتبہ پڑھ کر اس سے پوچھو۔ تیرے کہاں درد ہے۔ وہ کہے داڑھ میں۔ پھر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ پڑھ کر اس سے پوچھو۔ کیا خدا کے حکم سے اس کو

کھیل دوں۔ وہ کہے ہاں۔ پھر اسی طرح فاتحہ مع بسم اللہ سات مرتبہ پڑھو۔ اور پوچھو کہ تیری عمر کیا ہے۔ وہ بتاوے۔ تو پھر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ سات مرتبہ پڑھو اور اس سے کہو کہ تھوڑی دیر جا کر آرام کرے بلکہ اگر سو رہے تو بہتر ہے۔

دیگر

امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ بصرہ میں ایک شخص تھا۔ جو داڑھ کا درد جھاڑتا تھا۔ مگر کسی کو بتاتا نہیں تھا۔ آخر مرتے وقت اس نے وہ عمل بتایا جو یہ ہے

المص کھیعص حمعسق۔ لا الہ الا ھو رب العرش العظیم اسکن ایھا الوجع بالذی ان یشاء یسکن الریح فیظللن رواکد علی ظھرہ ولہ ما سکن فی اللیل والنھار وھو السمیع العلیم

یہ پڑھ کر یا لکھ کر باندھ دے۔

برائے نکسیر

نکسیر والے کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیتیں ان اللہ یمسک السموات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ انہ کان حلیما

عفوڈا وقیل یا ارض ابلعی ماءک ویا سماء اقلعی
وغیض الماء وقضی الامر واستوت علی الجودی
وقیل بعدا للقوم الظالمین - پڑھو اور آخر میں
یہ کہو - کہ اسے تسخیر ہو - بحکم واحد قہار عزیز
جبار -

برائے امساک

متذکرہ ذیل کلمات کو انگور کے پتے پر لکھ کر بائیں ران
پر باندھے -

ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت ثخذ ضظغ
وقیل یا ارض ابلعی ماءک ویا سماء اقلعی وغیض
الماء وقضی الامر کلما اوقدوا نارا للحرب
اطفاھا اللہ امسک ایھا الماء النازل من صلب
فلان بن فلان لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم -

خاصیت حروف تہجی

حروف چار قسم پر ہیں - گرم - سرد - تر - خشک
گرم یہ ہیں - ا ہ ط م ف ش ذ - ان کا مجموعہ ہے - اھطمفشذ
سرد یہ ہیں - ج ز ک س ق ث ظ - ان کا مجموعہ ہے جزکس قثظ
تر یہ ہیں - د ح ل ع ر خ غ - ان کا مجموعہ ہے - دحلعرخغ

خشک یہ ہیں: ب ذ ی ا ن ص ق ض - ان کا مجموعہ ہے۔ بذین صقض۔

طریقہ استعمال یہ ہے کہ مثلاً اگر سردی کا دفع کرنا مقصود ہے۔ تو گرم حرفوں کو موافق ان کے عدد جمع کے تحریر کرے سورہ اہطم فشذ کے عدد گیارہ سو پینتالیس ہیں۔ اس مجموعہ کو اسی قدر پڑھے۔ سردی دفع ہو۔ اسی طرح باقی حروف کا عمل سمجھ لیا جائے۔ اگر مرض کی صحیح تشخیص ہو جائے کہ گرمی سے ہے یا سردی سے تو ان حروف سے معالجہ ہونا ممکن ہے۔ عجیب عمل ہے۔

کند ذہنی دور ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور کند ذہن آدمی کو سات روز تک طلوع آفتاب کے وقت پلا دیا کرے۔ تو اس کی بلادت اور کند ذہنی دور ہو جائے گی جو سنے گا یاد رہے گا۔

قیدی رہا ہو جائے

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور ایک سو چار مرتبہ یہ دعا، یا غیاثی عند کل کربۃ ومجیبی عند کل دعوۃ ومعاذی عند کل شدۃ ویارجائی حین انقطع

حیلتی پڑھے۔ انشاء اللہ قیدی جلد رہا ہو جائے گا۔

گولی اثر نہ کرے

جو کوئی کلمہ متبرکہ الوحیم کو ایک سو نوے بار کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ معرکہ جنگ میں گولی اور تلوار کے زخم سے بچے گا۔ اور کوئی حربہ اس کے جسم پر کارگر نہ ہوگا۔ اعتقاد شرط ہے۔

مقبول خلائق ہو جائے

جو کوئی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو چھ سو چھبیس مرتبہ لکھ کر بطور تعویذ اپنے پاس رکھے۔ خلائق کی نظروں میں محبوب اور باوقار رہے۔

برائے دفع مخالف دشمن

اگر کسی شخص کو دشمن کے اٹھنے اور جنگ کرنے یا مقدمہ لڑنے کا خوف ہو۔ تو اس آیتہ شریف کو وہ شخص ایک سو سترہ مرتبہ تیرہ یوم تک مع اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھے آیت یہ ہے۔ ولو ارادوا الخروج لاعدوا له عدة ولكن كره الله انبعاثهم فثبطهم وقيل اقعدوا

معہ القاعدین انشاء اللہ دشمن میں مخالفت کی طاقت نہیں رہے گی ۔

برائے ہول دلی خفقان وغیرہ

مینہ کے پانی سے اس آیت اذ یغشیکم النعاس سے بہ الاقدام تک (پارہ ۹ ع ۱۲) کا سات مرتبہ سات روز تک لکھ کر پلانا یا مینہ کے پانی سے زعفران گھول کر سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے ۔ ہول دلی خفقان اضطراب قلب کے لئے از حد مفید ہے ۔

جملہ مصائب کا وظیفہ

ہر مصیبت کا دفعیہ کرنا ۔ نغت مقدمہ کا فتح ہونا کسی لاعلاج مریض کا شفا حاصل کرنا ۔ لا ولد کا صاحب اولاد ہونا اگر کسی کو منظور ہو تو ان آیات ما کان محمد ابا احد من رجالکم سے مرحبا تک (پارہ ۲۲ ع ۳/۲) کو تین سو تیرہ مرتبہ دو بجے رات کو غسل کر کے بارہ رکعت تہجد کی پڑھنے کے بعد اکیس روز تک متواتر پڑھنا مجرب ہے ۔ اور آزمودہ ہے ۔

بیٹے بیٹی کی شادی کے لئے

اگر کسی کے بیٹے بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو ۔ اور وہ چاہے کہ

کہ اچھی جگہ، اور جلدی ہو جائے تو عشا کی نماز کے بعد اکیس روز تک تین سو مرتبہ اس آیت سبحان الذی خلق الازواج کلھا مما تنبت الارض ومن انفسھم ومما لا یعلمون کو پڑھے اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصے میں مراد حاصل ہو گی نہایت مجرب عمل ہے۔

برائے صحت از مرض لاعلاج

سخت سے سخت مریض کے لئے شفا حاصل کرنا منظور ہو تو سوا لاکھ مرتبہ اس آیت سلام قولا من رب رحیم شریف کا ختم کرانا بے حد مفید ہے اور نہایت مجرب ہے۔ اکیس سے زیادہ پڑھنے والے نہ ہوں اور گیارہ سے کم نہ ہوں۔ سب کے سب وضو کریں۔ پھر چار رکعتیں بطور صلوٰۃ توبہ کے پڑھ کر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ پڑھے "صلوٰۃ اللہ وسلامہ علی سید المرسلین محمد وآلہ اجمعین" اس کے بعد ختم شروع کریں۔

راہ راست پر لانے کیلئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ مجھے نیک عملوں کی توفیق نیک ہدایت پر آجائے۔ یا کوئی شخص کسی اپنے عزیز قریب کو

راہ راست پر لانے کی تمنا کرتا ہو تو وہ شخص ان مبارک
آیتوں کلا انہا تذکرۃ فمن شاء ذکرہ وما
یذکرون الا ان یشاء اللہ ھو اھل التقویٰ واھل
المغفرۃ کو ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر کسی چیز پر دم
کر کے کھلائے ۔ اور تین روز تک اسی طرح کرتا رہے ۔
انشاء اللہ مقصود حاصل ہو گا ۔

بچھو کے کاٹے کا عمل

واذا بطشتم بطشتم جبارین ۔ کاٹی ہوئی جگہ پر انگلی
سے دائرے بنا تا رہے اور اس کو سات مرتبہ ایک سانس میں پڑھ
کر دم کرے ۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہو گا ۔

سفلی جادو کا علاج

یہ علاج خود سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ
وآلہٖ وسلم کا تلقین فرمودہ ہے ۔ اس کے با اثر ہونے میں کیا
شک وشبہ ہو سکتا ہے ۔

ایک مرتبہ ۔ لقد جاءکم رسول سے آخر سورۃ تک (پارہ ۱۱ ع ۵)
ایک مرتبہ ۔ وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین ۔
ایک مرتبہ ۔ لو انزلنا ھذا القرآن سے آخر سورۃ تک (پارہ ۲۸ سورہ حشر)
پھر قل ھو اللہ احد ، قل اعوذ برب الفلق ، قل اعوذ برب
الناس مکمل (پوری سورتیں معوذتین) کاغذ یا چینی کی رکابی پر لکھ کر

یہ دعا لکھیں ۔

اللھم انت المحی وانت الممیت و انت الخالق و انت البارئ خلقتنا من ماء مھین جعلنا فی قرار مکین الی قدر معلوم اللھم انی اسئلک باسمائک الحسنی و صفاتک العلیا یا من بیدہ الابتلاء والمعافات والشفاء والدواء اسئلک بمعجزات نبیک محمد و برکات خلیلک ابراھیم وحرمۃ کلیمک موسٰی علیہم السلام ۔ اللھم اشفہ

پھر اس کو دھو کر مریض کو پلائے جائیں ۔ اور متواتر سات روز طلوع آفتاب سے پہلے یہ عمل کیا جائے ۔ انشاء اللہ کیسا ہی جادو ہوگا ۔ اتر جائے گا ۔ مریض تندرست ہو جائے گا ۔ عمل نہایت متبرک ، باثر و مجرب المجرب اور مفید ہے ۔

(۵)

عملیات سحر آسیب و جنات و مسان وغیرہ وغیرہ

جس عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو یا جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں ۔ تو پہلے دو ماہ حمل پر گزر جانے کے بعد یہ گنڈہ بالڈ صتا اکسیر کا حکم رکھتا ہے ۔ اکتالیس تار کچا سوت لے کر

اکتالیس بار والسماء والطارق الخ پڑھے۔ اور اکتالیس گرہ دے کر گنڈہ بنائے۔ اور حاملہ عورت کے پیٹ پر باندھ دے۔ تار حاملہ کی پیشانی کے بالوں سے پاؤں کے انگوٹھے تک لمبے چاہئیں۔

برائے دفعیہ آسیب و نسیان

ہر روز پرزہ کاغذ پر بحق اللہ العلی العظیم لکھے اور وضو کر پلائے انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

برائے جن و آسیب

کپڑے کا ٹکڑا ہلدی میں رنگ لو۔ اور اس کے چالیس ٹکڑے کر کے چالیس فتیلے بنا لو۔ جس مکان میں آسیب زدہ ہوتا ہے۔ پہلے ایک فتیلہ ایک دن رات متواتر اس مکان میں جلائے۔ پھر ہر فتیلہ بوقت شب ساری رات اس مکان میں جلائے۔ چالیس روز تک بلا ناغہ ایسا ہی کرے انشاء اللہ جن و آسیب دفع ہو جائے گا۔

برائے آسیب زدہ

قل اعوذ برب الناس تمام سورت بغیر س ناس

سے کر سات مرتبہ پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کرے۔ اور آسیب زدہ کی آنکھ۔ اور ناک اور کان، اور بیسوں ناخنوں پر ملے انشاء اللہ شفا کامل حاصل ہوگی۔

ردِ سحر اور جادو کیلئے

معوذتین نزل ھو اللہ۔ قل اعوذ برب الفلق اور سورہ ناس ردِ سحر کیلئے خاص اثر رکھتی ہے۔ گیارہ گیارہ مرتبہ تینوں سورتیں پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کرکے مذکورہ بالا طریقہ پر مسحور پر عمل کریں۔ انشاء اللہ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا خواہ کتنا ہی زبردست اثر ہو۔

سحر کا اثر زائل کرنے کیلئے

نہایت مجرب اور مفید اور اسرار سینہ بسینہ ہے۔
تازہ پانی اگر سات کنوؤں کا ہو تو بہتر ہے۔ ورنہ ایک ہی کنوئیں کا کافی ہے۔ اس پر یہ آیتیں (۱) فلما القوا قال موسیٰ سے مجرمون تک (پارہ گیارہ رکوع ۱۳)
۲۔ فوقع الحق سے رب موسیٰ و ہارون تک (پارہ ۹ ع ۴)
۳۔ انما صنعوا کید ساحر و لا یفلح الساحر حیث اتی
پڑھ کر مریض کو اس سے غسل کرائے۔ روزانہ بلا ناغہ ایک بار گیارہ دن تک کرے۔ انشاء اللہ اثر سحر بالکل

زائل ہو جائے گا۔

عمل برائے ہسان

صبح کو روٹی پکانے کے بعد نہ تو آٹے کا کونڈا دھویا جائے اور نہ توا اتار کر ٹھنڈا کیا جائے۔ بلکہ بچہ کو اس کی ماں گود میں لے کر کسی اونچی جگہ پر بیٹھ کر جو اور یا دوپٹہ میں لپیٹ کر لے اور آٹا بھرے ہوئے کونڈے کو دھولے اور توے کو بچے کے نیچے کی طرف رکھ دے۔ اور پھر اس دھوون کو اس توے پر ڈالے۔ تاکہ جو بھاپ اٹھے وہ بچے کے تمام جسم پر لگے۔ یہاں تک کہ پانی ختم ہو جائے اور توا ٹھنڈا ہو جائے۔ اسی طرح شام کے وقت روٹی پکانے کے بعد کیا جائے۔ تین روز تک دو وقت دھونی دے انشاء اللہ آسیب اور ہسان جاتا رہے۔ کونڈے کے دھوون میں اس تعویذ کو گھول لیں۔ وہ تعویذ یہ ہے ہہہ ااالسم ۱۱۱ ۱۱۱ ہہ ہ

مجرب و آزمودہ تیر بہدف ہے!

برائے دفع اثرات آسیب و جن وغیرہ



اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے

برائے آسیب

علیقا سلیقا خلیقا انت تعلم ما فی قلوبہم ملیقا فرعون ملعون نمرود، شداد ابلیس۔

اس کو ایک کاغذ پر لکھے۔ اور فتیلہ بنا کر روشن کرے اور اس کا دھوآں اس کے ناک میں پہونچائے۔ انشاء اللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔

جنات و آسیب کے شر سے بچنے کیلئے

جس شخص کے گھر میں جنات پتھر پھینکتے ہوں۔ تو اس آیت انہم یکیدون کیدا و اکید کیدا فمہل الکفرین امہلہم رویدا۔ کو چار میخوں پر پچیس پچیس بار پڑھ کے دم کرے اور اس گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے وہ گھر شر جن و آسیب سے محفوظ رہے گا۔

آسیب دور ہوگا

آسیب زدہ کے کان میں سورہ مومنون (پارہ ۱۸) کی آخری آیتیں " افحسبتم انما خلقنکم سے آخر سورت تک پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ آسیب دور ہوگا۔

دفع آسیب کیلئے

پاک پانی پر سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورہ جن کی شروع کی پانچ آیتیں والجن علی اللّٰہ کذبا تک پڑھے اور اس پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر چھینٹا مارے۔ انشاء اللہ وہ ہوش میں آجائے گا۔ کسی مکان میں جن ہو تو اس کے گوشہ میں پانی چھڑک دے جن جاتا رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(۳)

عملیات ترقی رزق و دولت

ایک وقت مقرر کر کے باوضو ہو کر یہ آیتیں رسولا یتلو سے شیءٍ قدیر تک (پارہ ۲۸ رکوع ۱۷) پانچسو مرتبہ مع اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ اکیس یوم تک پڑھیں انشاء اللہ مطلب براری ہوگی۔ مگر شرط یہ ہے کہ جس جگہ پڑھا جائے وہاں سایہ نہ ہو۔ بلکہ کھلی جگہ ہو۔ کشائش رزق کے لئے بڑا مفید عمل ہے۔

دیگر

آیت مذکورہ کو بطریق ورد چھتر مرتبہ روزانہ پڑھتا

رہے ۔ فراخی رزق کے لئے مفید ہے ۔

دیگر

آیت مذکورہ کو ایک سال کامل ہر روز ایک ہزار مرتبہ جلسہ واحد میں پڑھے ۔ پڑھنے کے درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے اگر کوئی سی شرط بھی فوت ہوجائے گی عمل باطل ہوجائیگا فراخی رزق کے لئے نہایت مجرب و آزمودہ ہے ۔

برائے فراخی رزق

فراخی رزق کے لئے ذیل کا عمل از حد مفید اور بارہا کا آزمودہ اور مجرب ہے ۔

بدھ ، جمعرات ، جمعہ کو دو رکعت نماز پڑھئے ۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین پڑھئے ۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ درود شریف اور ستر مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھے ۔ بعدہٗ آیت مذکورہ دو سو مرتبہ پڑھے اور آسمان کی طرف پھونک دے ۔ رزق و دولت کے دروازے کھل جائینگے ۔

برائے ترقی روزگار

یہ عمل فراخی رزق اور ترقی روزگار کے لئے آیت ذیل از حد مفید ہے ۔ بعد نماز عشا اس آیت مبارکہ کو ۔ اللہ لطیف بعبادہٖ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز پانصد مرتبہ پڑھے ۔

برائے ظاہری باطنی فراخی

فراخی ظاہر و باطن کے لئے بہت ہی مجرب ہے۔
قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک الخ (پارہ ۳ ع ۱۱)
صبح کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ مداومت کرے۔

برائے رزق و ملازمت

آیت:- ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین
کو صبح کی نماز سے پہلے یا بعد ایک ہزار مرتبہ معہ اول و
آخر درود شریف سو بار پڑھنا حصول رزق و ملازمت
کے لئے ازحد مفید ہے۔

برائے ملازمت ترقی عہدہ

جو شخص سورۂ واقعہ کو اکتالیس مرتبہ ایک ہی مجلس
میں پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی حاجت اسی وقت پوری
ہو۔ خصوصاً وہ حاجت جس کا تعلق رزق یا ملازمت
یا ترقی عہدہ وغیرہ سے ہو۔

محتاجی دور ہو

جو شخص سورہ واقعہ۔ سورہ مزمل، سورہ واللیل۔ سورہ الم
نشرح۔ ان چاروں کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھے، تو وہ ہرگز

کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

دیگر

جو شخص اسم یا مغنی کو روزانہ صبح کے وقت گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ مخلوق سے بے نیاز رہے گا۔ اور کبھی محتاج نہ ہوگا۔

برائے افلاس و تنگدستی

جو شخص افلاس اور تنگدستی سے عاجز آگیا ہو یا کوئی مشکل درپیش ہو تو ہر نماز کے بعد چھ سو مرتبہ یا یا شفیق یا رفیق نجنی من کل ضیق پڑھے۔ یا اللہ مع اوّل و آخر اکیاون اکیاون مرتبہ درود شریف پڑھے یقیناً اس کی روزی فراخ اور مشکل آسان ہوگی۔

غریبی دور ہو

جو شخص غریب اور کثیر العیال ہو یا ادائے قرض سے عاجز ہو وہ اسی اسم مبارک یا باسط کو چالیس روز تک ہر روز ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ حق تعالیٰ اپنی قدرت سے بے انداز رزق عنایت فرمائے گا۔

(سو)

عملیاتِ تسخیر

گردشِ آفتاب یعنی مہینہ کا شروع و آخر اور دن رات کے اوقات میں بعض گھڑیاں ایسی ہیں کہ ان کا لحاظ رکھنے سے یہ عمل زود اثر شمار کئے جاتے ہیں۔ لیکن چونکہ یہ ایک مستقل باب ہے۔ اور آتشی و آبی اور بادی اور خاکی وغیرہ کی تشریح طوالت سے خالی نہیں۔ اس لئے اس جگہ مختصراً اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ اعمال حُب و تسخیر وغیرہ میں شروع ماہ اور دن جمعہ، اتوار اور ساعت نیک ضروری ہے۔ اور اعمال بغض و عداوت میں نزول یعنی آخر ماہ اور دن مثلاً ہفتہ، منگل اور زوال وغیرہ شرط ہے اور اشد ضرورت کے لئے جیسا موقعہ ہو۔ کیونکہ مؤثر حقیقی تو خود اللہ تعالیٰ ہے بندہ صرف سائل ہے۔

برائے تسخیر خاص و عام

شروع ماہ ثابت میں بعد نماز صبح یا بعد نماز عشا اکیس بار اس آیت۔ رب اشرح لی صدری و یسرلی امری سے

سولک یا موسیٰ تک (پارہ ۱۶ ع ۱۱) کو پڑھے اور تین مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھے۔ خواہ شیرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلاوے یا عطر پر دم کرکے خود ملے اور محبوب کے سامنے جائے۔

ہدایت:- ماہ ثابت: یہ چار مہینے کہلاتے ہیں۔ جیٹھ۔ بھادوں۔ پھاگن۔ اگہن۔

مطلوب مل جائے

مطلوب کا تصور کرتے ہوئے یہ آیت۔ والقیت علیک محبۃ منی الخ (پارہ ۱۶ ع ۱۱) تین سو ساٹھ بار یا ایک سو گیارہ بار عشاء کی نماز کے بعد مع اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

مطیع کرنے کیلئے

سورۂ اخلاص یعنی قل ھو اللہ خیال قلب سے نہ حرکت زبان سے اکتالیس بار پڑھے۔ اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور شہادت کی انگلی پر دم کرے اور اسی انگلی کے سرے کو لب سے تر کرکے ایک خط پیشانی سے قلب کے نیچے تک کھینچے۔ اور پھر مطلوب کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ مطیع ہوگا۔ یہ عمل مقدمہ کی کامیابی کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔

میاں بیوی میں اتفاق ہو

برائے اتفاق میاں بیوی یا طالب و مطلوب۔
ان آیتوں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ واللہ غالب علیٰ امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون قد شغفہا حبا وانہ لحب الخیر لشدید یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ بحق اھیا اشر اھیا فلاں بن فلاں۔

فلاں بن فلاں کی جگہ طالب و مطلوب کے مع نام والدہ کے لکھیے۔ اور طالب کے بازو پر باندھ دے اور اگر چاہے تو زعفران اور گلاب سے کسی چیز پر دم کرکے مطلوب کو کھلا دے بے حد محبت ہوگی۔

ہدایت: لکھتے اور پڑھتے وقت ہمیشہ پہلے مطلوب کا نام مع والدہ کے ہو بعدہٗ طالب کا مع والدہ کے نام ہو۔

محبوب کو مائل کرنے کیلئے

اس آیت۔ ان اللہ لا یخفی علیہ شیء فی الارض ولا فی السماء ھو الذی یصورکم الخ (پارہ ۳ ع ۹)

محبت پیدا ہوگی

اس آیت۔ لقد جاءکم رسول من انفسکم

عظیمہ تک (پارہ ۱۱ ع ۵) کو گیارہ مرتبہ معہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر شیرینی یا بادام پر دم کر کے مطلوب کو کھلا وے۔ محبت پیدا ہو جائے گی۔

مطلوب فریفتہ ہو

بروز اتوار کو آفتاب نکلنے سے پہلے اس آیت زین للناس حب الشھوات سے حسن المآب تک (پارہ ۳ ع ۱۰) ستر بار شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے۔ یا چنبیلی کے پھولوں پر دم کر کے مطلوب کو سنگھا دے۔ مطلوب فریفتہ ہو جائیگا۔

برائے اتفاق میاں بیوی

سیاہ مرچ کے چالیس دانے لے کر سو بار اس عزیمت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ والقرآن الحکیم حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ نٓ والقلم وما یسطرون ایاک نعبد و ایاک نستعین وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد و آلہ اجمعین کو پڑھ کر کہے الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں اور پھر مرچوں پر دم کرے اور آگ میں جلائے۔

دیگر

اس عمل یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد

حب للہ کو نئے اتوار یا نوچندی جمعرات کو آفتاب نکلنے سے
پہلے اور نئے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد اکیس بار مع اوّل و آخر
تین بار درود شریف کے پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھ
کر کسی تر مٹھائی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے اور اگر مطلوب
نہ کھا سکے تو جنگل کے کنوئیں میں ڈال دے ۔

بے انداز محبت ہو

زرد سرسوں کے اکیس دانوں پر تین تین بار اس آیت ومن
الناس من یتخذ من دون اللہ انداداً یحبونھم
سے عذاب تک (پارہ ۲ ع ۴) کو آدھی رات کے وقت پڑھے
اور نام طالب و مطلوب کا لیوے ۔ اور بعد دم کرے آگ ڈال
دے محبت بے انتہا ہو ۔

برائے محبت مطلوب

ایک بال اپنے سر کا لے اور ایک محبوب کے سر کا ۔ اور
دونوں کو ملا کر سات گرہ دے اور یہ آیت ۔ شھد اللہ
انہ لا الٰہ الا ھو والملئکۃ و اولوالعلم قائما
بالقسط لا الٰہ الا ھو العزیز الحکیم سات مرتبہ پڑھ
کر دم کر کے اور اپنے داہنے بازو پر باندھ لے مطلوب محبت کرنے لگے ۔

محبوب مطیع ہو

بعد نماز عشا تین سو ساٹھ مرتبہ یا عزیز عززنی بعین

الخلائق یا عزیز کو مع اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے پڑھے۔ محبوب خلائق ہو۔

حاجت پوری ہو

عمل۔ یا عزیز من کل عزیز بحق یا عزیز نماز عشا کے بعد ایک ہزار مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے۔ اور بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ایک بار پڑھے۔ اگر کسی کے سامنے حاجت لے کر جائے تو طاق عدد کے مطابق پڑھے۔ اور اشارے سے اس کے چہرے کی طرف پھونک دے۔

مطلوب مسخر ہو

شب جمعہ کو برائے تسخیر عام بعد نماز مغرب غسل کر کے پاک کپڑے پہنے اور عطر مل کر بخور روشن کرے اور شیرینی اپنے سامنے رکھ کر تین سو ساٹھ بار مع اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے یہ عمل اللھم یا ودود انت الودود فی من قلب جمیع عبادلک اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ پڑھے اور شیرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلا دے۔ اور سرمہ اپنی آنکھوں میں لگا لے۔ مطلوب انشاء اللہ مسخر ہو جائے گا۔ اور اگر خاص

آدمی کی تسخیر مطلوب ہو بجائے لفظ فی قلب جمیع عبادک کے فی قلب فلاں بن فلاں کہے۔

(۸)

عملیاتِ محبّت

برائے حُب

تین روز بعد نماز عشاء قبل از وتر دو رکعت نفل ادا کرے اور حسب ذیل سورتیں گیارہ گیارہ مرتبہ ہر رکعت میں پڑھے۔ پہلے الحمد گیارہ مرتبہ۔ پھر آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ پھر سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار بار پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یا ودود بحق سلیمان بن داؤد بحق صبر ایوب بحق آشوب چشم یعقوب بحق محمد محبوب فلاں بن فلاں را بہ تو دھن برساں مانند ابر باد یارب زود یارب زود یارب زود یا معبود یا معبود یا معبود۔

پھر آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ نہایت موثر و مجرب ہے۔

محبوب مل جائے

سورۂ اخلاص کا عمل نہایت زود اثر ہے۔ مگر حرام طریقے پر کرنے والا نقصان اٹھائے گا۔

شب جمعہ میں مطلوب کے کپڑے پر اسمائے ذیل تحریر کرے۔

بطمیش تطیش مطلوش بلیرش ملکوش هلیوش
توکل یا عبد الرحمٰن ویا عبد الواحد ویا عبد
الصمد بجتہ فلانہ بنت فلانہ الٰی فلاں بن فلاں
الوحا العجل الساعۃ تحریر کے وقت مکان تنہا
ہو۔ باوضو ہو۔ تحریر کے بعد اس کپڑے کی بتی بنا کر روغن زیتون میں جلائے۔ جب بتی روشن ہو جائے تو تنہا مکان میں باوضو ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ اور ہر مرتبہ سورۃ کی تلاوت کے بعد یہ الفاظ بھی پڑھے۔

توکل یا عبد الرحمٰن ویا عبد الواحد ویا عبد الصمد بحق تعتقد ونہ من ھذہ السورۃ العظیمۃ۔ الخ

دوستی بڑھانے کیلئے

وان یکاد والذین سے للعلمین تک (پارہ ۲۹ ع ۴)
اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی میں چھالیہ تر

کرے جس کو پان میں کھایا جائے دوست جانی ہو۔

مطلوب حاضر ہوجائے

چار رکعت نماز نفل ادا کرے۔ پہلی رکعت میں الم نشرح لک دوسری میں انا انزلناہ تیسری میں سورہ کافرون۔ چوتھی میں سورۂ اخلاص۔ عجیب عمل ہے مگر حضور قلب اور اضطرار شرط ہے۔ مطلوب فوراً حاضر ہوگا۔

مطلوب مطیع ہو

یا طاہر ستر بار پڑھ کر شیرینی پر دم کرے مطلوب کو دے دے۔ انشاء اللہ مطیع ہوگا۔

بے حد محبت ہوجائے

پان۔ چھالیہ۔ چونہ۔ کتھا لائے اور آیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ انک لا تہدی من احببت ولکن اللہ یہدی من یشاء وہو اعلم بالمہتدین۔

ایک سانس میں سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو کھلاوے۔ فوراً مطلوب کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو۔ حتیٰ کہ محبت میں دیوانہ ہوجائے۔

محبوب عاشق ہو

ایک دائرہ کے اندر پینتالیس ۴۵ ع اور اس کے اندر چودہ ۱۴ ص اور بیچ میں مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لکھ کر ایک درخت میں باندھ دیں۔ مطلوب عشق میں دیوانہ ہوگا۔

محبت کی مجرب دُعا

محبت کے بارے میں یہ دعا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا حلیم ذا الاناث فلا یبادلہ شیئی من خلقہ۔

یہ دعا اسم اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ مگر طہارت ظاہری و باطنی شرط ہے۔ کسی عطر پر تین ہزار بار پڑھ کر دم کرکے مطلوب کے پاس بھیج دیں۔

عمل حب

حب کا یہ عمل یا عزیز من کل عزیز نہایت مجرب ہے۔ محبوب اگر قید بھی ہوگا تو مل جائے گا۔ صبح و شام حالت تنہائی میں بتصور مطلوب پڑھے۔ اور کم از کم ایک ہفتہ کرے۔

دیگر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ کہیٰعص حمعسق

یٰسٓ والقرآن الحکیم الٓمٓصٓ نٓ والقلم وما یسطرون ایاک نعبد و ایاک نستعین عراف قلب فلاں بن فلاں علی صاحب فلاں بن فلاں ایک ہزار بار روزانہ تین رات تک پڑھے۔ پہلی ہی شب میں مطلب براری ہو جائے تو فبہا۔ ورنہ تین روز میں کامیابی یقینی ہے۔ انشاء اللہ۔

فریفتہ کرنے کیلئے

سات عدد خوشبو دار پھولوں پر سات سات مرتبہ آیت ولقد فتنا سلیمان والقینا علی کرسیہ جسدا ثم اناب کو دم کرے اور مطلوبہ کو سونگھنے کو دے۔ خود بخود فریفتہ ہو جائیگی۔

گرویدہ بنانے کیلئے

جس کو اپنا گرویدہ کرنا چاہے تو کسی کھانے کی چیز پر ایک ہزار بار پڑھ کر کھلاوے۔ فوراً راضی ہو۔ یا داؤد

برائے تسخیر محبوب

ھو اللہ یا عزیز عززنی و سخر فی قلب فلاں

اس اسم کے عدد چورا لوے ہیں۔ تسخیر مطلوب یا اہل محلہ یا اہل شہر میں عجیب و غریب چیز ہے۔ چورا لوے

مرتبہ تبصور محبوب اس عمل کو پڑھے ۔ اور ہر مرتبہ مطلوب کا نام لے ۔

محبوب خلائق ہو جائے

قل ان کنتم تحبون اللہ سے غفور الرحیم تک۔ (پارہ ۳ ع ۱۲) نسخہ اور محبوب خلائق کے لئے بے نظیر ہے ۔ روزانہ دوسو مرتبہ پڑھتا رہے ۔ محبوب خلائق ہوگا ۔ اور کسی چیز کا محتاج نہ رہے گا ۔

محبت میں کامیابی کیلئے

غیر مستعمل پیالے میں پانی بھر کر رکھے اور کتالیس مرتبہ سورہ الحمد شریف اس طرح پڑھے کہ مطلوب کو اس پانی میں غرق تصور کرے ۔ اور بعد اختتام پیالے کے پانی کو قبلہ رو کھڑے ہو کر پی جائے ۔ اور تصور کرے کہ مطلوب کو بھی پی گیا نہایت مجرب عمل ہے ۔

خاوند مطیع ہو جائے

اگر کوئی عورت اپنے شوہر سے عاجز آگئی ہو تو اس تعویذ کو اپنے بازو پر باندھے ۔ شوہر مطیع ہو جائے گا ۔

تعویذ صفحہ ۱۰۴ پر ملاحظہ ہو ۔

۷۸۶



مقصود حاصل ہو جائے

یَا وَدُود وَدِّدْ بَینَھُمَا ۔ دل میں یہ تصور کر کے کہ فلاں کو فلاں سے محبت ہو جائے ۔ اکیس مرتبہ کسی چیز پر دم کر کے کھلا دے ۔ مقصود حاصل ہو گا ۔

مطلوب کے دل میں محبت ہو جائے

اکتالیس دانہ سیاہ مرچ کے لے کر اور ہر ایک دانہ پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر ان کو سفید پیاز کے اندر رکھے اور اوپر سے پیاز کا چھلکا رکھ کر بند کر دے ۔ پھر تین لکڑیاں انار شیریں کی لے کر مرچیں رکھی ہوئی پیاز میں چبھو دے ۔ پھر اس پیاز کو چولھے میں گاڑ دے تاکہ آگ کی گرمی اس کو پہنچتی رہے ۔ اور ابھی وہ جلی بھی نہ ہو گی ۔ کہ طالب کی محبت مطلوب کے دل میں پیدا ہو جائے گی ۔ پیاز کے چھلکے پر طالب و مطلوب کا نام معہ والدہ کے ضرور لکھنا چاہیئے ۔

محبت پیدا ہو

قد شغفها حبًا ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کرکے کھلا دے۔ محبت بہت پیدا ہو۔

محبوب خلائق بننے کیلئے

اگر کوئی شخص اسم یا ودود کو جس ساعت میں قمر متصل شرف مشتری میں ہو۔ پارچہ حریر پر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ محبوب خلائق ہوگا۔

محبوب کو عاشق سے محبت ہو

جو شخص شب دوشنبہ کو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اور اکتالیس سیاہ مرچیں لے کر اور ہر ایک پر سات سات مرتبہ آیت یحبونهم کحب اللہ الخ پڑھ کرکے الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں اور ہر دانہ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف کرکے کوئلہ کی آگ پر جلا دیوے انشاءاللہ تعالیٰ محبت پیدا ہو گی۔

دیگر

اکتالیس دانے گندم کے لے کر اور ہر ایک پر ایک ایک

مرتبہ سورہ یٰسٓ شریف پڑھے۔ اور مطلوب کا میلا کپڑا بدول ہوا لے کر یہ گیہوں اس میں باندھے۔ اور اپنے مکان میں جہاں اندھیرا ہو دفن کرے۔ مطلوب کے دل میں محبت ہو گی۔

دیگر

سات بادام لے کر ہر ایک پر سورہ یٰسٓ ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ اور آخر میں الحسبنا فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بھی کہے۔ اور وہ بادام مطلوب کو کھلا دے۔ عجیب تاثیر رکھتا ہے۔

مطلوب حاضر ہو جائے

سات لوہے کی کیلیں چار چار انگشت کی لے۔ ہر ایک پر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسٓ شریف پڑھ کر دم کرے۔ سورۃ کے ختم پر یہ الفاظ کہے "سوختم دل وجان فلاں بن فلاں بمحبت فلاں بن فلاں" بعدہٗ ان کیلوں کو چولہے میں گاڑ دے اور اوپر آگ روشن کرے۔ مطلوب دیوانہ وار حاضر ہو گا۔

مطلوب دیوانہ ہو جائے

دو بادام جڑے ہوئے لے اور ان میں سے ایک اپنا تصور کرے اور ایک مطلوب کا۔ دونوں پر گیارہ گیارہ مرتبہ یٰسٓ شریف مع اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف

پڑھے۔ بعدہٗ خدا سے دعا کرے کہ جس طرح یہ ملے ہوئے ہیں۔ میرا مطلوب بھی مل جائے۔ پھر ریشم میں مضبوط باندھ کر سیب یا انار شیریں یا امرود کے درخت میں لٹکا دے اور اس کے نیچے بیٹھ کر ایک مرتبہ پھر سورہ یٰسین پڑھے اور کہے "یا اللہ آں شخص از من راضی شود مقصود من حاصل شود" انشاء اللہ مطلوب تابعدار ہوگا۔

دیگر

سفید مرچ اکتالیس اور اکتالیس منقے کے اندر رکھ کر ہر ایک پر ایک ایک بار سورۂ یٰسین پڑھے۔ اور آخر میں طالب و مطلوب کے نام لے۔ علی الصبح ایک ایک کر کے کوئلے کی آگ پر سب کو جلا دے۔ بعید مجرب ہے۔

معشوق بیقرار ہو کر حاضر ہو

سورۂ یٰسین شریف تیس بار پڑھ کر نمک پر دم کرے اور قدرے نمک مطلوب کے کھانے میں ملا دے اور باقی آگ میں ڈال دے جذبہ محبت کی انگیخت میں بے مثل ہے۔

دیگر

ایک مٹھی بھر کنکریاں لے کر ان پر سات بار سورۂ یٰسین پڑھ کر مٹی کے آب خورے کورے میں بند کر کے آتش دان

کے قریب دفن کر دے۔ جب اس کو گرمی پہنچے گی۔ مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔

بے حد محبّت ہو گی

ایک انڈا لے۔ اور اس پر الف (ا) سے طا (ط) تک حروف مفردہ بترتیب ابجد لکھے اور آیت ولقد علمت الجنة انهم لمحضرون لکھ کر نام مطلوب کا مع نام اس کی والدہ کے لکھے۔ پھر اس کو چولھے میں بھوبھل کے نیچے دفن کر دے تین دن ورنہ سات روز دفن رہنے دے۔ بے حد محبت پیدا ہو گی نہایت مجرب ہے۔

محبّت کا عمل

پانی کا بھرا ہوا گلاس لو۔ اس میں سے دو چار گھونٹ پیو۔ پھر بدوح سات مرتبہ پڑھ کر بقیہ پانی پر دم کرو۔ پھر ایک گھونٹ اس میں سے لے کر منہ میں پھراؤ اور اس برتن میں کلی کر دو۔ جو شخص بھی اس پانی میں سے پیئے گا۔ تم سے محبت کرنے لگے گا۔

تعویذ محبّت

مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لے کر اس پر یہ نقش لکھے اور گھی

کے چراغ میں جلائیے چراغ کے پاس گلاب کے پھول بھی رکھے
نہایت مجرب ہے ۔

۱۶۸۶۹۹ ۱۱ ۵ ی اا وسط   اسا ۵ ۵ ۵   حا ۵



شوہر کو محبت ہو

جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے۔ اس کا خاوند اس سے محبت رکھے نقش یہ ہے

۷۸۰۶

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۳
۶۰۰۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۱۵	۶۰۱۷

برائے عشق و محبت

جنگلی کبوتر کا ایک جوڑا پکڑ کر تیار رکھے۔ چاند کی بارہویں تاریخ تیرھویں شب کو پیپل کے درخت کے نیچے جاوے۔ اور بالکل برہنہ ہو کر دس بارہ پتے توڑ لاوے۔ علی الصبح ان پتوں کو بچھا کر دونوں کبوتروں کو ان پر ذبح کرے۔ اور پتوں پر خون جمع کر کے سکھائے۔ اور پھر جلا کر راکھ اپنے پاس رکھ لے عامل اس کی راکھ جس پر مل دے گا۔ وہی اس کا عاشق و فریفتہ ہو جائے گا۔

نافرمان فرمانبردار ہو

نوچندی اتوار کو صبح کے وقت سورج نکلنے سے پیشتر کالی جونک جس پر زردی نہ ہو کاٹ ڈالے۔ مگر کاٹتے وقت بدن پر کوئی کپڑا نہ ہو۔ اور کسی سے کلام بھی نہ کرے۔ پھر اس کو جلا کر اس کی راکھ رکھ لے۔ جس پر مل دے گا۔ وہ دیوانہ ہو کر فرمانبرداری کرے گا۔

دیگر

جمعرات کے دن طالب و مطلوب دونوں کے بال ملا کر سورۂ مزمل ایک بار پڑھے۔ انشاء اللہ محبت خوب ہو گی۔

باہمی محبت کا عمل کرتے وقت منہ میں مصری رکھے اور بغض و عداوت کے وقت کوئی کڑوی شے منہ میں رکھے۔

برائے جلب قلب

محبوب کا تصور باندھ کر۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل ھو اللہ احد بحرمۃ جبرائیل اللہ الصمد بحرمۃ اسرافیل لم یلد بحرمت میکائیل ولم یولد بحرمت عزرائیل ولم یکن لہ کفوا احد بحرمۃ دردائیل سمرائیل دردائیل تین سو ساٹھ مرتبہ معہ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ کم از کم گیارہ روز۔

برائے تسخیر حکام و سلاطین و امراء

اسم یا داؤد و سلیمان پانچ سو مرتبہ تین روز تک پڑھے اور روزانہ غسل کرے چوتھے روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ہتھیلی پر لکھ کر حاکم کے سامنے جائے۔ اور اس کے سامنے پندرہ دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ محبت و چاپلوسی سے پیش آوے گا۔

محبوب مسخر و مطیع ہو

ولقد فتنا سلیمٰن والقینا علی کرسیہ

جسد ثم اناب چھ سو اٹھتر مرتبہ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس کے بعد روغن چنبیلی نیز خوشبو پر دم کرے۔ اور محبوب کو سنگھا دے۔ انشاء اللہ مسخر و مطیع ہوگا۔

برائے رفع رنجش حکام وسلاطین

رب انی مغلوب فانتصر۔ مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ اور نہ اس سے قبل اور نہ اس کے درمیان کسی سے بات چیت کرے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے ہی رنجش دور ہوگی۔ اور بخوشی اس کا مقصود پورا کریں گے۔ نہایت مجرب اور سریع التاثیر ہے۔

دیگر

یک رنگ گھوڑے کے نعل پر اس طلسم کو لکھ کر آگ میں ڈالے۔ مطلوب بے قرار ہوکر حاضر ہوگا۔



مطلب براری کیلئے

سورۂ اذا زلزلت الارض مع بسم اللہ اکتالیس
بتولہ پر ہر بتولہ پر اکتالیس مرتبہ پڑھے اور سورہ کے ختم پر
کہے "فلاں درحب فلاں بے قرار شود" ایک ایک بتولہ آگ
میں ڈالتا جاوے۔

اس عمل کی میعاد اکیس یوم ہے۔ اس سے پہلے مطلب
براری ہوجائے تو فبہا ورنہ اکیس روز پورے کرے۔

مطلوب فوراً حاضر ہو

کوری ٹھیکری پر تین یا سات مرتبہ لکھیے اور اس ٹھیکری
کو خوشبودار تیل بھر کر جلاوے یا کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنائے
اور گائے کے گھی یا خوشبو دار تیل میں جلائے۔ مطلوب
فوراً حاضر ہوگا۔

ط ۱۹۱۱ ۷ ۱۹۷ سم ط ۷۱ ۱ ۷ سم

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بے قرار گردود
بحق الحب یا بدوح

طلسم محبت

اس طلسم ۱۸ ۱۷ ۱۶ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۵ ۱ عه ط ط ع م

کو کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنا کر چراغ میں جلائے۔ چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے۔ تو مطلوب بے قرار ہو۔

پُرتاثیر عمل محبّت

عروج ماہ میں شب جمعہ کو شروع کرے۔ محبت کے لئے یہ عمل سریع التاثیر ہے۔ بشرطیکہ حرام کے لئے نہ کرے۔ اور ترک حیوانات بھی کرے۔

ہر روز چالیس بار چالیس یوم تک پڑھے۔ اور ابتداء سے انتہاء تک محبوب کا دھیان رکھے۔ گویا کہ موجود ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحق جبرائیلؑ و میکائیلؑ و اسرافیلؑ و توریت موسیٰؑ و انجیل عیسیٰؑ و فرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ وسلم۔

یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ :۔ یہ آیت محبت کے نام سے مشہور ہے اور تاثیر محبت میں اس کو بڑا دخل ہے۔ چودہ مرتبہ شب جمعہ کو پڑھ کر شیرینی یا میوہ پر دم کرے۔ اور مطلوب کو کھلاوے۔

دیگر

آیت محبت کا نقش بطریقہ ذیل لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے اور مطلوب کے سامنے جائے۔ بدل و جان فریفتہ ہو۔

یحبونھم	کحب	اللہ	والذین
کحب	اللہ	والذین	امنوا
اللہ	والذین	امنوا	اشد حبا

دیگر

اس عزیمت کو بیضہ مرغ پر لکھ کر آگ میں دفن کر دے۔

۲۳ ۲۱ ۱۱۱ ۱۷ اسم ۱۰۱ اسم مطلوب دیوانہ وار حاضر ہو فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل۔

محبوب فریفتہ ہو

اس آیۃ شریفہ کو پان پر لکھ کر یا دم کر کے جس کو کھلائے۔ فریفتہ ہو جائے۔ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔

دیگر

یہ آیت۔ وتاکلون التراث اکلا لما وتحبون المال حبا جما بروز اتوار گلاب کے پھول پر اکیس مرتبہ پڑھ کر جس کو سنگھا دے۔ اس پر فریفتہ ہو جائے۔

دیگر

سرمہ پر اکیس مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کرے۔ پھر آنکھوں میں لگا کر جس کی طرف نظر بھر کر دیکھے وہ مطیع اور فرمانبردار ہو جاوے۔

مطلوب فوراً چلا آئے

مطلوب کے پاؤں کے نیچے کی خاک اور اپنے بائیں پاؤں کے نیچے کی خاک لے کر ملاوے۔ اور اس آیت :- ھو اللہ الذی خلق السمٰوٰت والارض ستۃ ایام کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو ایک کپڑے میں باندھ کر طالب اپنے پاؤں کے نیچے رکھ کر دباوے۔ مطلوب فوراً حاضر ہو۔

دیگر

انار کے پھول پر اس اسم جلد جلد جلد کو پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو دے۔ بیقرار ہو۔

دیگر

اس نقش کو لکھ کر مطلوب کے گھر میں یا جہاں اس کی آمد دریافت ہو گاڑ دے۔ بے قرار ہو کر حاضر ہو گا . . . .

۶۸۷

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶

دیگر

مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لے کر مشک و زعفران سے اس پر یہ نقش لکھے اور سنیچر کے دن آگ میں جلاوے مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے . . . .

۱۷ ۱۱ ع	۳ ۱۱ ع	۱۱۹ ع	۱۳ ۱۱ ع
۱۱ ۱۱ ع	۹ ۱۱ ع	۱۱۹ ع	۲۱۹ ع
۹۹ ۱۲ ع	۹۱۲۲ ع	۱۲ ع	۹۱۲ ع
۱۹۱۱ ع	۱۹۱۲ ع	۹۲۱۱ ع	۹۱۳ ع

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

محبت بہت ہو

حلوے کے ٹکڑے پر لفظ کرنیجہ لکھ کر جس کو کھلاوے۔ محبت بہت ہو۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

دیگر

اپنے اور اپنے محبوب کے نام کے عدد بطریق ابجد نکالے اور دونوں کو جمع کرے اور اتنی ہی مقدار یا کرنیجہ پڑھے۔ اگر مطلوب سو کوس میں دور ہوگا تو حاضر ہوگا۔ مگر اس عمل میں چند شرائط ہیں۔ جن کے بغیر یہ عمل پورا نہیں ہو سکتا۔ ضرورت مند اصحاب دریافت فرمالیں۔

عاشق کی مراد پوری ہو

بکری کے شانے پر مع چاروں ناموں کے لکھے اور چولہے



یا تنور میں دفن
کرے مطلب دلی بر آوے عزیمت یہ ہے ......

دیگر

یہ نقش بساعت نیک بائیں ہاتھ پر لکھ کر مطلوب کو دکھاوے
فرمانبردار ہو جائے۔

۱۱ع۱۱ ۲۱۵۵ ۴۱ ۸۱۹ ۱۱۵۱۱ ۸۱۸۸۹۲ ۳ ۴ ۳ فلاں بن فلاں

مطیع شود

مطلوب جلد حاضر ہو

اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا چاہے تو بروز دوشنبہ مطلوب کے سفید کپڑے پر لکھ کر فتیلہ بنا کر روغن میں جلاوے۔ مطلوب جلد حاضر ہو۔

ط ۱۱ ۲ ط ۱۱ ۱۴ ط ۱۱ ۸ ۱۵ ۱۱

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

مطلوب بیقرار رہے



اس تعویذ کو بروز جمعرات بعد نماز صبح لکھ کر مطلوب کے گھر کے پاس والی مسجد خرابہ و ویران میں دفن کرے۔ مطلوب کا خواب بستہ ہو جائے جب تک طالب کے پاس مطلوب نہ آوے بیقرار رہے۔ نام طالب و مطلوب اس طرح لکھے فلاں بن فلاں بستم خواب فلاں بنت فلاں علی حب بستہ گردد۔

دیگر

اس نقش کو بروز اتوار لوبان کی دھونی دیکر گوشہ زمین میں دفن کرے اور اس پر لوہے کی میخ گاڑ دے اور زیر تعویذ لکھ دے اور زبانی بھی کہہ دے کہ جواب و آرام فلاں بنت فلاں کا بستہ ہو اور میری محبت میں مبتلا ہو کر بے قرار رہے۔

نقش یہ ہے:

ع ع ع	ع ع ع ع	مسو	سح سح	حلو ع
عج سح	عج عج عج	م م م	سہ سہ	
٤٦	٨٤٩	٤ ٥٥ ٥٥		

دیگر

اس نقش کو اتوار یا منگل کے دن پیپل کے سات پتوں پر لکھ کر آگ میں ڈال دے۔ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو۔

ملححو علحححو طلحححو سلحححو ملحححو حححححو

فلاں بنت فلاں در محبت فلاں بن فلاں مبتلا شود العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

مطلوب مسخر ہو

اس دعا کو بسم اللہ سمیت لا الہ انھس الا اللہ

مس محمد فلانے کو محبہ لبغیر ایک ساعت کل ندہلیں عیسی ذکری بردہانش رسی مہری برزیانش ! چڑھے چاند سے مقرر کرے ہر روز بلا تعداد پڑھے انشاء اللہ چند ہی روز میں مطلوب مسخر ہو جائیگا۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

دیگر

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ یا ذوالقوۃ المتین اعطم علی قلب فلاں ۔ چڑھے چاند سے شروع کرے ہر روز تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ چند ہی روز میں انشاء اللہ مطلوب تابع و مسخر ہو جائے گا ۔

دیگر

مطلوب کے پاؤں کی خاک لاکر اس پر دس بار قل ھو اللہ احد پڑھے اور اس پر پھونک دے۔ پھر کہے ۔ بستم خواب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں پھر وہ خاک کسی گوشہ میں دفن کر دے ۔

دیگر

جمعرات کے روز بوقت طلوع آفتاب لکھ کر خانہ مطلوب کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے مطلوب مسخر ہو۔ تعویذ یہ ہے۔

۱۸۱ ۲۱ ۱۱۸ طوح ۵ ۸ ۴۸ ۴ ۵۹ ۸۱ ۹۹۹۹ ک ۹ ۱۱ مار

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

نقش محبت

مطلوب کو اپنے عشق میں بے قرار کرنا چاہیئے تو گندم کی روٹی کے بارہ ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر مندرجہ ذیل بارہ نقوش لکھے اور اگر مرد کیلئے ہے چتکبرے کتے اور اگر عورت کے لئے ہے تو کتیا کو کھلا وے۔ نقش یہ ہے۔

ع	دو	حولا	دلو	عولا	هولا
ثولا	عط	عط	سالا	صاعاط	عهولا

حب کیلئے بہترین تعویذ

مندرجہ ذیل تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر بکری کے دل کے درمیان رکھے اور پارچہ مطلوب میں لپیٹ کر دیگ دان کے نیچے دفن کر دے۔ انشاء اللہ مطلوب فوراً حاضر ہو۔ مجرب ہے۔



برائے محبت میاں بیوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الودود الذی
المحفوظ الا الحافظ
ایک ہزار مرتبہ شیرینی پر دم کر کے کھلا دے ۔

برائے محبت

اللھم انت الحافظ وانا المحفوظ فمن یدع
المحفوظ الا الحافظ قند سیاہ پر پندرہ مرتبہ پڑھ کر
کھلا دے ۔ آپس میں بے حد محبت ہوگی ۔

عاشق بنانے کیلئے

جمعہ یا منگل کو یہ آیت ۔ بسم اللہ الرحمٰن
الرحیم ۔ زین للناس حب الشھوات سے حسن
المآب تک (پارہ ۳ ع ۱۰) صا۱۱۹ اعہ د۱۱ ء یا حی
یا قیوم یا مقلب القلوب ۔ فلاں بن فلاں علیٰ
حب فلاں بن فلاں ۔ مشک و زعفران سے لکھے اور داہنے
بازو پر باندھ لے ۔

عشق میں مبتلا ہو جائے

کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا چاہے ۔ تو اس دعا

بسم اللہ یا سید یا سید یا سید یا اللہ
یا اللہ یا اللہ الٰہی ان المودۃ والمحبۃ
بین آدم وحوا وکما بین یوسف وزلیخا و
کما بین محمدؐ وعائشۃ وبین علیؓ وفاطمہؓ
بحق یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد
حبا للہ وبحق کٓھٰیٰعٓصٓ وبحق حٰمٓ عٓسٓقٓ و
بحق طٰہٰ و یٰسٓ وجمیع قرآن مجید کو شیرینی
پر پڑھ کر کھلاوے۔ انشاء اللہ اس کے عشق میں مبتلا ہو۔

محبوب محبت میں دیوانہ ہو جائے

بارہ عدد پان کے مع مصالحہ یا بارہ عدد کسی میوہ پر اس
دعا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ واللہ غالب علیٰ امرہ
ولکن اکثر الناس لا یعلمون قد شغفھا حبا انا
لنراھا فی ضلل مبین۔ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں
بن فلاں اکتالیس مرتبہ پڑھ کر مطلوب کو کھلائے۔
محبت میں دیوانہ ہو جائے۔ مجرب ہے۔

دیگر

یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ صدق نیت سے کرے اور فوائد
حاصل کرے۔ چھ نقش لکھے پانچ نقش دریا میں ڈال دے۔ اور
ایک کا فتیلہ بنائے۔ اسے پہلے روغن گاؤ میں تر کرے۔ بعدہ

شہد خالص میں تر کرے۔ اور کورے چراغ میں روغن مادہ گاؤ خالص ڈالکر جلائے۔ اور چراغ کا رخ خانہ محبوب کی طرف ہو۔

تھوڑی سی شیرینی لاکر بروح پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم و غوث الاعظم، دوازدہ امام وچہاردہ معصومؒ کی فاتحہ پڑھے۔ فتیلے کے جلنے کے وقت درود شریف پڑھتا رہے۔ اور جگہ پاک و صاف ہو۔ نقش اس طرح لکھے۔

بحق یا جبرائیل الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

بحق یا عزرائیل صدق صحبت عشق و محبت فلاں بنت

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۱۷	۲۴	۱	۸	۱۵
۲۳	۵	۷	بلقاش	۱۶
۴	۶	۱۳	یا بدوح	۲۳
۱۰	۱۲	۱۹	۲۱	۳
۱۱	۱۸	۲۵	۲	۹

مسخر و مطیع و فرمانبردار

بحق یا سمسمائیل زبان حسب فلاں

بحق یا اسرافیل فرمانبردار فلاں بن فلاں شود بحق بدوح یا ودود

مطلوب فوراً حاضر ہوگا

محبت کے لئے یہ تعویذ نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

مطلوب فوراً حاضر ہوگا۔ مغرب و عشاء کے درمیان مندرجہ ذیل اسمار کو لکھے اور نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ کے لکھے اور مطلوب کے گھر میں

دفن کرے۔

۱۹ ۱۱۹ ۱۱ ۱۱۱ بحمہا

وبا موبدا اجعلہا سا الاحد حتٰی تاتی فلانتہ
بنت فلانتہ الی فلان بن فلانتہ فی الصور فصعق
من فی السمٰوٰت والارض الا من شاء اللہ ثم نفخ
فیہ اخریٰ فاذا ہم قیام ینظرون عجل اللہ الوحا اللہ
الطور اللہم السابقون ۔

طلسم محبت

اگر کوئی کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا چاہے اور چاہے کہ تجھ بغیر اسے ایک گھڑی بھی چین نہ آئے تو سات کاغذوں پر مندرجہ ذیل طلسم علیحدہ علیحدہ لکھے اور فتیلہ روز چراغ میں جلائے۔ جس جگہ فتیلہ جلائے وہاں کوئی دوسرا شخص نہ ہو۔

قبلہ رو اول	۱۱ ۱۱ ۱۱ے ۱۱ ط ۸ے ۱۱ ۱۱ ۱ ۱۱۰
〃 〃 دوم	۱۱ ۱ ۱۱۱ ط ۱۱ ۹ ۱۱ ے۱۱ ۱۱ ےط ۹۱۸ ۱۱۱
〃 〃 سوم	ح ۱۱ ط د ے ۱۱۱ ط ۱ ط ۱۱ ۱۱ ط ۹ ۱۱۱ ط
〃 〃 چہارم	۱۴ ط ۱۱ ط ۱۱۱ ط ط ط ۱۲
〃 〃 پنجم	۱۱ ۹ ۱۱ طل ۱۱ طم و
〃 〃 ششم	۱ ط ۱۱۱ ۲۱۱ ۱ طلط ۱۱۱ ط ۱۱ ۱
〃 〃 ہفتم	۱۱ع ادا لا ۱۱ ۱۱۱ ال ۹ ۱ ۱۱ دو ۳ ہ

دیگر طلسم

بسم اللہ صلی اللہ پسر محمد ہا نہ تیل منہ چکنا بیٹھوں سر ڈھاؤ ٹھک باز رھوں بٹھا کر باندھوں باندھوں اسکر اگاؤں میراں جمن جنی بیوں کیپی مت مرین میرا گاؤں بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اکتالیس بار پڑھ کر طلسم پر دم کرے اور دونوں ناخنوں پر انگوٹھے لگا کر اپنی ابروؤں پر پھیرے اور مطلوب کے سامنے جائے۔ نہایت مؤثر و مجرب اور آمودہ ہے۔

محبت کیلئے آزمودہ اور اچھا عمل

سہ شنبہ کے روز ایک روٹی جو کی بطہارت تمام پکا کر آٹھ ٹکڑے برابر کرے اور یہ آٹھوں اشکال آٹھوں ٹکڑوں پر لکھے۔ اگر مرد کیلئے ہے تو کتے کو دے ورنہ کتیا کو کھلا دے۔ اور کھلاتے وقت یہ الفاظ کہے " اگر محبت نہ ہو گی تو تجھے قتل کر ڈالیں گے"۔



محبوب عاشق بن جائے

جمعہ یا پیر کو مندرجہ ذیل نقش کو مطلوب کے بالوں میں لپیٹ

کر سات روز تک جلائے۔ مطلوب فریفتہ و شیدا ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے:

عہ	۱۱۷	۷	۱۱	۷	۱۱	و
۷	۷	۲۱	د	ر	ر	ر
د	۱۷	۱۱	۸ے	۱۱	۷	۷۷

دیگر

اتوار کے روز تین ٹکڑے روٹی کے کرے اور ان پر یہ شکل لکھ کر کتے کو کھلا دے۔ طالب و مطلوب کے نام مع والدہ کے بھی ضرور لکھے۔ اور کھلاتے وقت یہ کہہ دے۔ کہ اگر محبت نہ ہوگی تو تجھے قتل کر ڈالوں گا۔

ا ح ب ا و د ص ۔۔۔
حیالی ۔۔۔

مطلوب آجائے

سورہ مزمل شریف ۱۴ بار نمک پر پڑھ کر دم کرے اور نام طالب و مطلوب کے مع ماں باپ کے لے اور مطلوب کو کھلائے مطلوب فوراً حاضر ہو۔

تعویذ محبّت

یہ تعویذ لکھ کر طالب اپنے بازو پر باندھے۔ اور پھر اس تعویذ کا کرشمہ دیکھے۔

ھو	الذی	خلقکم	من	طین	ثم	قضی
الذی	خلقکم	من	طین	ثم	قضی	اجلا
خلکم	من	طین	ثم	قضی	اجلا	واجل
من	طین	ثم	قضی	اجلا	واجل	مسمی
طین	ثم	قضی	اجلا	واجل	مسمی	عندہ
ثم	قضی	اجلا	واجل	مسمی	عندہ	ثم
قضی	اجلا	واجل	مسمی	عندہ	ثم	انتم
اجلا	واجل	مسمی	عندہ	ثم	انتم	تمترون

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

عملیات بغض و عداوت

دشمنوں کی شرارت سے بچنے کا عمل

افسروں و حکام کے سامنے جاتے وقت یہ آیت فلما راینہ اکبرنہ وقطعن ایدیھن وقلن حاش للہ ما ھذا

بشرًا ان ھٰذا الا ملک کریم ۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن اور چہرے پر پھیر لے ۔ انشاء اللہ ان کے شر اور عذاب سے محفوظ رہے گا

دشمن کی شرارت سے محفوظ رہے

جب کسی دشمن یا حاکم سے کوئی حادثہ پیش آئے یا ضرر پہنچنے کا اندیشہ ہو تو نماز تہجد کے بعد آیت کریمہ ۔

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظّٰلمین

ایک مکان اور ایک وقت میں طہارت کاملہ کے ساتھ گیارہ سو مرتبہ مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے ، نہایت مجرب اور آزمودہ ہے ۔

دشمن کا خانہ خراب ہو

ماہ قمری کے آخری جمعہ کو پچاس تنکے کسی غیر آباد مسجد میں سے لے اور کسی اجڑے مکان سے تھوڑی سی مٹی لے کر ہر تنکے پر پچاس پچاس مرتبہ سورۂ فیل (الم ترکیف) پڑھو اور تنکوں کو جلا کر اس کی راکھ اس مٹی میں ملا دو اور دشمن کے مکان میں ڈال دو دشمن کا خانہ خراب ہو جائے گا ۔

دشمن ہلاک ہو

جو شخص سورۂ فیل (الم ترکیف) ایک ہزار بار روزانہ دس

روز تک دشمن کی ہلاکت کی نیت سے پڑھے۔ بہت جلد اس کا دشمن ہلاک ہو۔ بار ہا کا آزمودہ ہے۔

دشمن برباد ہو

جو شخص کسی ایسے دشمن کے بس میں ہو جس کا ہلاک کرنا شرعاً جائز ہو۔ اس کو چاہیئے کہ اکتالیس دفعہ سورۃ تبت یدا بی کسی پاک مقام میں جو آب جاری یا تالاب و کنوئیں کے نزدیک ہو پڑھے۔ اور پڑھتے وقت ایک کچی اینٹ اپنے سامنے رکھ لے اور ہر بار ختم سورہ پہ ایک خط اینٹ پر کھینچ دے۔ یہاں تک کہ اکتالیس لکیریں ہو جائیں۔ پھر قبلہ رو ہو کر وہ اینٹ اس پانی میں بہ نیت ہلاکت ظالم پھینک دے۔ دشمن ہلاک و برباد ہو جائے گا۔

یہ دونوں عمل نہایت مجرب ہیں۔ ایک بہت ہی بزرگ خاندان کا عطیہ ہے۔ ناجائز جگہ ان کا استعمال ہرگز نہ کریں۔ ورنہ وبال میں گرفتار ہونے کا نہایت قوی اندیشہ ہے۔

دشمن کی زبان بندی کیلئے

قال رجلان من الذین یخافون انعم اللہ علیھما ادخلوا علیھم الباب فاذا دخلتموہ فانکم غالبون۔

وعلی اللہ فتوکلون ان کنتم مومنین۔ ان آیات کو بطور ورد چند روز پڑھے۔ بے حد مفید ہے۔

دشمن کا جسم پھوٹ نکلے

ا ب ج د ہ و ز ح ط

ایک روٹی پر لکھے۔ اور اس پر پوری سورہ رعد (پارہ گیارہ) پڑھے پھر اس کے پانچ ٹکڑے کر کے پانچ کتوں کو کھلائے۔ اور کھلاتے وقت یہ الفاظ کہے "کھاؤ گوشت فلاں بن فلانہ کا اور چبا ڈالو اس کے اعضاء" انشاء اللہ دشمن کے بدن میں پھوڑے نکلیں گے۔ اور جسم پھوٹ نکلے گا۔

دیگر عمل

دن کے بارہ بجے آگ سامنے رکھے۔ اور رو بقبلہ بیٹھے۔ سات لال مرچیں لے۔ ان میں سے ایک ایک مرچ اس میں سے ایک ایک مرچ اس طرح پکڑے کہ دونوں سرے دونوں ہاتھوں میں ہوں۔ اور اس طرح پڑھے۔

"انا اعطینک الکوثر فصل لربک وانحر حرحر ان شانئک ھوالابتر تر تر" آخر میں فلاں بن فلاں کہتا جاوے۔ جب اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ چکے

تو اپنے مطلب کا خیال دل میں کر کے اس مرچ کے بیچ میں سے دو ٹکڑے کرے۔ اور دم کر کے آگ میں ڈال دے۔ اسی طرح ساتوں مرچوں پر پڑھے اور سات روز تک اسی وقت اس عمل کو کرتا رہے۔ بے نظیر ہے۔ مگر بضرورت شرعی کرے ورنہ مواخذہ رہے گا۔

برائے افتراق

اگر دو آدمیوں میں تفرقہ چاہے۔ تو گندھک دونوں آدمیوں کے نام سے علیحدہ علیحدہ لاوے۔ اور پھر سورہ عبس (پارہ ۳۰) پڑھے۔ اور ہر بار گندھک دونوں میں سے لے کر آگ میں جلا دے تمام گندھک گیارہ مرتبہ جلاوے۔ انشاء اللہ فوراً جدائی ہو گی۔

دو آدمیوں میں جدائی کیلئے

جن دو آدمیوں میں جدائی کرانی ہو ان کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لاوے اور چوراہے کی خاک لاوے۔ سب کو ملا کر اپنی مٹھی میں بند کرے۔ اور سورۂ لہب (تبت یدا) ایک صد مرتبہ چنوں پر شمار کر کے پڑھے۔ اور اس خاک کو پھونک مار کر اڑا دے۔ نہایت مجرب ہے۔

برائے دشمنی

بکرے کے شانہ کی ہڈی سالم لا دے۔ اور اس آیت کو والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ درمیان فلاں بن فلاں دشمنی پیدا شود۔ کو اس پر لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے۔ انشاء اللہ آپس میں دشمنی ہو جائے گی۔

عمل دیگر

اس آیت کو کلا اذا بلغت التراقی وقیل من راق وظن انہ الفراق با فلاں بن فلاں درمیان فلاں بن فلاں عداوت جانی پیدا شود کو روٹی پر لکھ کر کتے کو کھلاوے۔ مرد کے لئے نر کو، عورت کے لئے مادہ کو کھلاوے مجرب ہے۔

برائے مفارقت

سورۃ لہب کو بغیر بسم اللہ کے اکیس مرتبہ دونوں شخصوں کے سر کے بال۔ نمک اور سرسوں لے کر پڑھے۔ ہر بار دونوں کا نام لیتا جائے۔ اور مذکورہ بالا تمام چیزوں کو آگ میں ڈال دے مفارقت ہو جائے گی۔

مفارقت کیلئے

دونوں کے بال لے کر اور سات دانہ بنولہ کے لے کر ہر ایک پر ایک ایک بار سورۃ اذا زلزلت الارض الخ پڑھے۔ اور دونوں کے نام لینا جائے۔ اور پھر ایک ایک دانہ آگ میں ڈالتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا۔

(۹)

عملیات عشق و محبت

محبت کا عمل

باوضو سورۃ اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد ایک سو مرتبہ پڑھ کر عطر پر پھونکو اور اس عطر کو اپنے شوہر کے کپڑوں میں لگا دو۔ یا مرد پڑھ کر عورت کے کپڑوں میں لگائے۔ دونوں کے درمیان محبت پیدا ہوگی۔ جن کپڑوں میں یہ عطر لگایا جائے گا۔ وہ عطر لگانے والے سے زیادہ محبت کرے گا۔ کوئی غیر اس کو استعمال نہ کرے۔ عطر مغرب کے درمیان یا فجر کی نماز کے بعد پڑھنا زیادہ مفید ہے۔

محبت پیدا ہو گی

باوضو اس آیت شریف (واللہ بصیر بالعباد) کو یکصد اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھ کر سرمہ پر دم کرو اور یہ پڑھا ہوا سرمہ آنکھ میں لگاؤ۔ بیوی کو چاہیئے کہ خود بھی اور مرد کو بھی اگر وہ لگانے کا عادی نہ ہو تو بھی لگانا چاہیئے۔ دونوں میں محبت پیدا ہو گی۔ اور باہم رنج و ملال کی نوبت نہ آئے گی۔ دوسرا کوئی شخص اس سرمہ کو نہ لگائے۔

آپس میں محبت ہو جائے

ایک ہزار ایک مرتبہ ہر الائچی پر پڑھو (اللہ الصمد) ترکیب یہ ہے کہ غسل اور وضو کر کے پہلے فجر کی نماز پڑھو۔ پھر ہر الائچی کا منہ کھول کر دانوں پر پھونکو اور منہ بند کر دو۔ جب الائچی کھلانے کو دو اس کے دانے نکال کر دو۔ غسل اور وضو دونوں ضروری ہیں۔ اس کے علاوہ اگر صرف ایک پاک چادر میں اپنا جسم چھپا کر یہ عمل پڑھا جائے تو زیادہ مفید ہے۔ یعنی ہر روز کا لباس جسم پر نہ ہو۔ غسل کے بعد ایک بڑی سی چادر لے کر جو جسم کو سر سے پاؤں تک چھپا سکے۔ اسی کے ساتھ نماز پڑھ لو۔ اور اسی میں عمل پڑھو۔

ناراضگی دور ہو

شیرینی پر سات مرتبہ سورہ الم نشرح لک صدرک والی ربک فارغب پر ختم کر کے شیرینی پر دم کرے اور جس کو اپنی طرف راغب کرتا ہو اس کو کھلا دے۔ مثلاً شوہر ناخوش ہے یا بیٹا ناراض ہے یا داماد سے خفگی ہو گئی ہے یا بیوی ناخوش ہے جس کو کھلایا جائے گا۔ اس کا دم نرم ہو جائے گا۔ اور ناراضگی و خفگی درمیان سے دور ہو جائے گی۔ باوضو پڑھنا چاہیئے۔ وقت کی قید نہیں جب چاہو پڑھو۔

بے حد محبت ہو

هو الذی ارسل رسوله بالهدی و دین الحق لیظهره علی الدین کله وکفی بالله شهیدا۔ برحمتک یا ارحم الراحمین ہ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ اجمعین۔

ترکیب:۔ پان پر۔ الائچی پر یا سپاری پر اس کو پڑھ سکتے ہیں۔ سات مرتبہ باوضو ہو کر پڑھو اور پان وغیرہ پر دم کر کے بیوی کو یا شوہر کو کھلانے سے آپس میں بے حد محبت اور اخلاص پیدا ہو گا۔ بارہا کا آزمودہ اور مجرب ہے۔

شوہر بیوی کی محبت ہو

فتلقیٰ آدم من ربہ کلمات فتاب علیہ انہ ھو التواب الرحیم ط

ترکیب:۔ صندل کو پیس کر اس پر سات مرتبہ آیت پڑھو اور پسے ہوئے صندل کو اپنے چہرے پر ملو۔ محبت پیدا ہوگی۔ اگر شوہر ایسا کرے تو بیوی فریفتہ اور بیوی ایسا کرے گی تو شوہر فریفتہ ہو جائے گا۔ اور دونوں میں خوب محبت بڑھے گی۔

محبت کا نمک

محبت کا دم کردہ نمک محبوب کو کھانے میں ملا کر کھلا دو۔ مقصود حاصل ہو گا۔ یہ عمل ۔ ان الذین امنو و عملوا الصلحت سیجعل لھم الرحمن ودا کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ بے حد مؤثر اور مجرب ہے۔

دوسرے کو اپنا عاشق بنا لو

اس عمل کی تعریف بہت لکھی ہے اور کیوں قابل تعریف نہ ہو جبکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے محبوب ناموں کے سوا اور اس سے رحم اور محبت طلب کرنے کے سوا اور کچھ ہے ہی نہیں ۔ اس عمل کے ساتھ

جو الفاظ درج ہیں وہ یہ ہیں۔
بنویس این آیت را شستہ معشوق خود را بخوران اگر در صندوق آہن باشد شکستہ پیش تو آید بامر اللہ تعالی۔
ترجمہ:۔ یعنی اس آیت کو (یا نشانی کو) لکھ اور دھو کر اپنے محبوب کو کھلا دے۔ اگر لوہے کے صندوق میں بھی بند ہے تو اس کو توڑ کر تیرے پاس آجائے گا۔
عمل: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا وَلِيُّ يَا دَائِمُ يَا اَبَدُ يَا اَحَدُ يَا فَرْدًا وَّ يَا وِتْرًا يَا صَمَدًا يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

تسخیر شوہر اور حاکم

شوہر اور حاکم کو مسخر کرنے کیلئے نہایت زود اثر اور ہمارے اپنے خاندان کے مجربات میں سے بلکہ معمول میرا ہے ہے۔
عمل:۔ وَ لَقَى مَحَبَّتِيْ فِيْ قَلْبِهٖ وَجَعَلَهٗ عَلٰى ذِكْرِهٖ وُفَا مُحِبًّا رَحِيْمًا بِحَقِّ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مُسَخِّرُ ۔
ترکیب:۔ چار وقت کی نماز کے بعد یعنی فجر۔ ظہر، عصر مغرب۔ بس۔ اور عشا کی نماز تو ضرور پڑھیئے گا۔ مگر عمل نہ پڑھیئے۔ گیارہ روز تک متواتر پڑھیئے۔ گیارہ گیارہ مرتبہ۔ عمل کے درمیان ہی میں مدت ہی میں۔ مدت ختم ہونے سے پہلے

ہی مقصود حاصل ہوگا یا ختم کرنے کے بعد۔ ہمیں ایسا اتفاق ہوا ہے کہ ختم مدت سے قبل کامیابی ہو گئی۔ اگر آپ زبان اور دل۔ دروغ اور بخل سے پاک رکھتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ کو بھی جلد سے جلد کامیابی نہ ہو۔ عمل کے لئے ضروری امور میں سے یہ باتیں ہیں۔ نیت پاک ہو۔ لباس پاک صاف ہو۔ زبان پاک ہو۔ اور دل پاک و صاف ہو۔ بس پھر کامیابی یقینی ہے۔

عمل تسخیر قلب

سورۂ لا اقسم بھذا البلد الخ اکتالیس مرتبہ سورج ڈھلتے وقت ہر روز پڑھو۔ ہر شخص کی نظر میں محبوب اور ہر دلعزیز بن جاؤ گے۔ جدھر جاؤ گے لوگ عزت کریں گے۔

(۱۵)

بغض و جدائی

دو ایسے لوگوں میں جدائی پیدا کرنا جہاں شرعی، اخلاقی اور معاشرتی جرم نہ ہو۔ بالکل جائز ہے۔ جیسے کسی کا کسی سے ناجائز تعلق ہو۔ یا دو شخص کسی ایک بے گناہ کے

خلاف سازش کر رہے ہوں یا کسی کا شوہر کسی کے بہکائے میں ہو۔ اور اپنی بیوی سے اچھا سلوک نہ کرتا ہو۔ جس کی وہ ہر لحاظ سے مستحق ہو۔ تو ان ضرورتوں کے لئے یا اور اس قسم کی ضرورتیں ہیں۔ ان کے لئے ان جدائی کے عملیات کو کام میں لانا جائز ہے۔ اور اگر کوئی ناجائز طور پر اپنی خواہش نفسانی کے لئے دو انسانوں میں جدائی ڈالے گا۔ تو مفسدین میں سے ہوگا۔ اور خدا کے مواخذہ گیر ہوگا۔

چند مجربات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ جدائی کے عمل کو نیم کے عرق اور سیاہ مرچ اس میں گھس کر اس سے لکھے جاتے ہیں۔ وہ ماہ زوال میں زیادہ زود اثر ہیں۔

عمل طلسم
نفرت پیدا ہو

عجم حجر عحر عحجر ودلیر صحر صحر دلبرعی پلنا۔

ترکیب:۔ اس طلسم کو کاغذ پر لکھ کر کسی ایسی جگہ زمین میں دفن کرو جہاں ان کے قدم پڑیں گے۔ دونوں کے درمیان جدائی کا سامان ہو جائیگا۔ اور چند روز میں ایک دوسرے سے بہت نفرت کرنے لگیں گے۔

عمل عداوت

وَاَلْقَيْنَا عَلَيْكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ عَلَى السَّاعَةِ السَّاعَةِ السَّاعَةِ ۔

ترکیب ۔ اس کو کاغذ پر لکھ کر اور دونوں شخصوں کے نام معہ والدین کے اس آیت کے نیچے لکھ کر کسی ایسے کنویں میں ڈال دیں جس سے وہ دونوں پانی پیتے ہوں ۔ اس کے کنویں میں پڑنے کے بعد جب وہ دونوں پانی پئیں گے ۔ عداوت بڑھتی جائے گی ۔ حتیٰ کہ دونوں ایک دوسرے سے جدا ہو جائینگے ۔ اور جدائی بھی ہمیشہ کے لئے بڑھ جائے گی ۔ ایسے عملوں کو دیکھ بھال کر برتنا چاہیئے ۔ ایسا نہ ہو کہ ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے کو جدا کرنے کے بعد پشیمانی ہو اور بعد میں دقت پیش آئے ۔ بہت ہی زود اثر ہے ۔

عمل نصرت

قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ

اس عمل کو سرسوں پر اکتالیس مرتبہ پڑھے ۔ سرسوں بالکل زرد ہونی چاہیئے ۔ کوئی دوسرے رنگ کا دانہ اس میں نہ ہو ۔

یہ عمل پڑھ کر سرسوں پر دم کرے اور سرسوں کو تھوڑا تھوڑا ڈال کر آگ میں جلائے۔

عمل خصومت

یا قہار ذالبطش لشدید انتقامہ یا قاہر تقہرنا بالقہر والقہر فی قہر قہر لک باسم فلاں بغض فلاں بن فلاں یا بنت فلاں۔

ترکیب یہ ہے۔ کہ اس کو ایک کاغذ پر عرق نیم سے لکھے اور دونوں آدمی جن کے درمیان خصومت پیدا کرنا ہے۔ نام مع والدین اس کے نیچے لکھے اور اس کا فتیلا (بتی) بنائے اور اس کو آگ میں جلائے۔ جہاں فتیلا میں فلاں بنت فلاں یا فلاں ابن فلاں کے الفاظ ہیں وہاں ان لوگوں کے نام لکھنے چاہئیں۔ جن کے جدا کرنے کا ارادہ ہے۔ بہت ہی مجرب اور زود اثر ہے۔

(۱۱)

دشمن سے انتقام

انتقام اچھی چیز نہیں۔ جہاں تک ہو سکے معاف کر دینا

بہتر ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اور اور اس کے حبیب کو عفو
کی صفت بہت پسند ہے۔ اور جو بات عفو و درگذر میں ہے
انتقام میں نہیں۔ انتقام صرف غصہ کو ٹھنڈا کرنے کا
ایک ذریعہ ہے۔ اور غصہ بجائے خود حرام اور بری چیز
ہے۔ اگر غصہ کو ضبط کر لو تو بڑی بہادری اور حمیدہ
صفت ہے۔ تمام باخدا اور نیک لوگ ایسا ہی کرتے آئے
ہیں۔ احادیث شریف میں معاف کر دینے کی بیس قدر
ترغیب آئی ہے۔ اگر وہ اس جگہ درج کرنی شروع کر
دی جائے تو ایک دوسری کتاب کی ضرورت پڑے
اس لئے کہ خطاؤں کا معاف فرمانا خدا کی صفت محمودہ ہے
جو خدا کی صفات کو اپنے اندر جذب کرتا ہے۔ خدا
کا پیارا اور محبوب بن جاتا ہے۔ کبھی عام لوگ معمولی
قصور و خطا پر بھڑک کر بڑھ کے بڑا انتقام لینے
پر تل جاتے ہیں۔ اور بعد میں خود نادم ہوتے ہیں۔ کہ
ہم سے بدلہ لینے میں زیادتی ہوئی۔ پس ایسے افعال
سے مجتنب رہو جن کا نتیجہ پشیمانی ہو۔ البتہ بعض
رذیل دشمن ایسے بھی ہوتے ہیں جو حسن و سلوک
اور عفو و درگذر کی قدر نہیں کرتے۔ مگر ہر شخص کا
معاملہ خدا کے ساتھ ہے۔ تم یہ توقع مت کرو۔ کہ
تمہارے حسن و سلوک کا بدلہ نیکی کی شکل میں فریق ثانی
کی طرف سے فوراً مل جائے گا۔ ہاں یہ یقین رکھو کہ

کوئی نیکی ضائع نہیں ہوتی۔ اگر اب نہیں تو چند روز بعد دشمن تمہارے نیک سلوک اور عفو و درگذر سے تمہارا مطیع اور تابعدار ہو جائے گا۔ یہ جو عمل یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ وہ انتہائی مجبوری پر استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ یہ نہیں کہ جلد بازی میں تم غلطی سے زیادہ بدلہ لے لو۔ اور خدا کے ہاں مواخذہ دار ہو جاؤ۔

دشمن کی زبان بندی کیلئے

عمل:۔ ح خ در مں ذع ک ل م وہ لا ریا غفور یا غفور۔ ترکیب:۔ اس کو لکھ کر بازو پر باندھ لو۔

دشمن کی زبان بدگوئی سے بند ہو جائے گی۔ اور تم سے دشمنی کا خیال ترک کر دے گا۔ آزمودہ ہے۔

دشمن کی خواب بندی کیلئے

عمل:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ وجعلنا نومکم سباتا ۔ وجعلنا اللیل لباسا ۔ وجعلنا النہار معاشا ۔ وبحق اھیا شراھیا ادنائی صادقا لبستم خواب فلاں بنت فلاں یا بن فلاں۔ اگر محبت کے لئے شوہر کی خواب

منظور ہو تو بعد اس آیت کے کہو۔ بستم خواب فلاں
بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں کی جگہ نام اس کا اور بن
فلاں اس کے باپ کا۔ راتوں کو آنکھ میں گذارے گا۔ اور
نیند نہیں آئے گی۔ لیکن خدا سے ڈرنا چاہیئے۔ اور ایسا
کرنا مناسب نہیں ہے۔ اگر کیا جائے تو اتنی دیر سے جس سے
اسے کوئی زبردست صدمہ نہ پہونچے۔
ترکیب یہ ہے۔ کہ فولاد کی چھری پر اس آیت کو تین
بار پڑھ کر زمین میں گاڑ دو۔ اور زبان سے کہو باندھا میں
نے اس کی خواب کو جس کے باپ کا نام یہ ہے۔

(۱۲)

چور کی پہچان

دیکھو کس قدر سہل علاج ہے۔ چند لوگوں میں سے یہ
پہچاننا کہ چور کون ہے۔ اور کون بلا وجہ ماخوذ ہو گیا
ہے۔ اکثر ہوتا ہے کہ چند لوگ ایک جگہ رہتے ہیں۔
ان میں کوئی ایک صاحب کچھ لیتے ہیں۔ اور الزام سب پر
آتا ہے۔ ان صاحب کو کسی کی عزت کی پرواہ نہیں
ہوتی۔ وہ سمجھتے ہیں۔ سب سے ہی تو پوچھا جائے گا

سب انکار کر دیں گے۔ ہم بھی انکار کر دیں گے، چلو چھٹی ہوئی۔ لیکن یہ عمل صرف ان ہی صاحب کو پکڑ لے گا۔ جن کی مہربانی سے سب موردِ الزام قرار پائے۔ عمل حسب ذیل ہے۔

عمل:۔ تھوڑا سا گیہوں کا آٹا لے لو۔ اور اس پر آیۃ الکرسی پڑھو۔ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم سے شروع کر کے وھو العلی العظیم تک تین مرتبہ آٹے پر پھونک کر اس آٹے کو سب لوگوں پر تقسیم کر دو۔ جس میں وہ چور بھی ہو۔ اور ان سے کہو اپنے لعاب دہن سے اس کا غلولہ بناؤ۔ جس نے چیز چرائی ہے وہ غلولہ نہ بنا سکے گا۔ اور سب بنا لیں گے۔ بس جو غلولہ نہ بنا سکے وہی چور ہے۔

چور کے منہ سے خون نکلے

سا ٹھی کے چاول (یہ ایک سرخ رنگ کا دھان ہوتا ہے) اس کے چاول کو بعض لوگ سٹی اور بعض پکڑ کہتے ہیں۔ لے کر اس پر تین مرتبہ سورۂ یٰسٓ شریف پڑھو۔ اس طرح پر کہ یٰسٓ شروع کرنے سے پہلے تین مرتبہ اور پڑھ چکنے کے بعد تین مرتبہ حسب ذیل اسم پڑھو

اسم یہ ہے۔ یَا قَہَّارُ یَا تَقَہَّرْتَ وَ
اَنْتَ قَہْرٌ فِیْ قَہْرٍ قَہْرِ قَہْرُوْتِکَ یَا قَہَّارُ
یَا قَہَّارُ بس اتنا ہی کافی ہے۔
جب یہ عمل پڑھ چکو تو سٹی کے چاولوں پر دم کرو۔
اور جن پر شبہ ہو۔ ان سے کہو کہ وہ ان چاولوں کو چبائیں
جو چور ہوگا۔ وہ نہ چبا سکے گا۔ اور اس کے منہ سے
خون جاری ہوگا۔ یا چاول منہ کو زخمی کر دیں گے۔
اور وہ فوراً اقبال کر لے گا کہ میں نے چرایا ہے۔ اور اگر
نہ بھی بولے تو دیکھنے والے پہچان جائیں گے۔ کہ یہی
چور ہے۔

(۱۴)

دولتمند بننے کا عمل

اگر صرف دنیا کے لئے چاہتے ہو تو پچیس ۲۵ مرتبہ اور اگر
دنیا و آخرت دونوں سنوارنا چاہتے ہو تو پچاس مرتبہ
ہر روز فجر کی نماز کے بعد سورہ نصر یعنی اذا جاء
نصر اللہ والفتح آخر تک یعنی انہ کان
توابا تک چالیس روز متواتر کعبہ کی طرف منہ
کر کے پڑھو۔ مقصود ضرور حاصل ہوگا۔

یہاں یہ بتا دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ دولت مند کس کو کہتے ہیں۔ جو لاکھوں روپے کماتا ہے اور ہر وقت مصیبت میں رہتا ہے۔ اپنی جان اور آسائش پر چند روپے ماہوار سے زیادہ خرچ نہیں کر سکتا۔ ایسے لوگوں کی مثالیں برادران وطن میں کثرت سے مل سکتی ہیں۔ پنساری بزاز روپے کا کاروبار کرنے والے ساہوکار وغیرہ اچھی خاصی کمائی کرتے ہیں۔ صبح کو دوکان کھولتے ہیں۔ اور شام کو بند کرتے ہیں۔ جاتے وقت ان کے پاس دس دس سیر چاندی کا بوجھ کندھے پر ہوتا ہے۔ لیکن ان کے اپنے خرچ کا حساب لگاؤ تو مشکل سے چند آنے یومیہ ہوتا ہے۔ ایسے کو دولت مند کہنا کسی طرح مناسب نہیں ہے یہ لوگ تو عذاب میں گرفتار ہیں۔ نہ کھانے پینے کی فرصت نہ اللہ تعالیٰ کا دھیان نہ بچوں کی پرورش اور نگہداشت کی فرصت۔ نہ بیوی سے دلچسپی ہر چیز پر پیسے کو ترجیح۔

یہ دولت مندی ہرگز نہیں۔ دولت مندی یہ ہے کہ انسان کسی انسان کا محتاج نہ رہے۔ اسے خدا کی یاد بھی فراموش نہ ہو۔ بیوی بچوں کے حق کو بھی نہ بھولے۔ اپنی جان کی حفاظت کو بھی فرض سمجھے۔ اور خدا کے احکام۔ فرائض و واجبات کو بھی پورا کرتا رہے۔ اور مفلسی کی لعنت سے بھی نکل جائے۔

ایسے لوگ کبھی دولتمند نہیں بن سکتے جو آمد سے زیادہ خرچ کرتے ہیں۔ وہ لوگ کبھی دولت سے محروم رہتے ہیں جو بلا محنت و مشقت کے بیٹھے بیٹھے دولت کے خواب دیکھتے ہیں۔ دنیا اسباب سے وابستہ ہے۔ محنت بھی کرو اور خدا سے بھی لو لگاؤ۔ عمل بھی پڑھو اور اس کے بعد فارغ البالی کی توقع رکھو۔ اگر آمدنی میں ترقی ہو جائے بیس کی جگہ تیس چالیس پچاس کی آمدن ہونے لگے تو اللہ کا شکر کرو کہ دولت مل رہی ہے۔ اور مل گئی۔ اگر کوئی پچاس روپے ماہوار کا ملازم ہے اور سمجھے کہ عمل پڑھتے ہی لکھ پتی بن جاؤں۔ تو:

ع
ایں خیال است و محال است و جنوں

سب کام رفتہ رفتہ ہوتے ہیں۔ اگر تم نے صدق دل سے عمل پڑھا ہے۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ خدا تم کو ایسے راستے دکھائے گا۔ اور ایسے اسباب پیدا کرنے کا موجب ہوگا جو ترقی و دولت کی طرف لے جا سکیں۔ تم اس اسباب سے فائدہ اٹھانے کی کوشش سے غفلت مت کرو۔ ورنہ عمل کا قصور نہیں تمہارا اپنا قصور ہوگا۔ یہ باتیں مجھے اس لئے عرض کرنی پڑیں کہ بعض کم فہم لوگ اپنی کم فہمی کے باعث دولتمندی کا غلط مفہوم لے کر جھٹ عمل کو بدنام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اور میں بزرگوں کے عطیات کو لوگوں کی نادانیوں سے محفوظ دیکھنا چاہتا ہوں۔

کشائش رزق کیلئے

ہر صبح وشام دونوں وقت بعد از نماز فجر و مغرب مندرجہ ذیل عمل کو تین تین بار پڑھے۔ تنگدستی اور افلاس دور ہو۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

عمل :- اللھم باسمک ابتدیت وبکرمک اغتنیت وبنور قدسک ھدیتنا ولفضلک استغیث واستغفرک واتوب الیک

روزگار اور فراغ دستی

اسم یا باسط سوا لاکھ بار یعنی ۱۲۵۰۰۰ مرتبہ پانچ روز میں ختم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ جلد روزگار پیدا ہوگا اور تنگدستی دور ہوگی۔

ہر ایک مقصد کیلئے ایک رباعی

ہر مقصد اور ہر مراد کے لئے یہ رباعی نہایت مفید ہے۔ اور خصوصیت سے ترقی روزگار کے لئے اسم اعظم سمجھو۔

بعد از نماز عشاء پڑھو۔ سجدہ سر بہ ہتہ ہو کر پڑھو۔ اور جب سجدے سے سر اٹھاؤ تو پھر دوبارہ سجدے میں

گر کر یہ رباعی ایک سو اکیس ۱۲۱ بار روزانہ اکیس ۲۱ روز تک بلا ناغہ پڑھو اور بلا شبہ اپنے مقصد کو پاؤ۔

یا رسول اللہ بر احوال تباہ ما ببیں
رو بہ خاک افتادہ ام از شرم عصیاں بر زمیں
یا مراد ما بدہ یا قاسم کن از مراد
وعدۂ فردا نہ ما با چناں کن یا چنیں

یہ رباعی حالتِ سجدہ میں پڑھنی چاہیئے۔ جیسا کہ نماز کے بعد سر برہنہ ہو کر سجدے کی حالت میں یہ رباعی پڑھو گے۔ تو عرشِ عظیم تک تمہاری دعا پہنچے گی۔ اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسے رحمۃ للعالمین اپنے امتی کو اس حالت زار میں دیکھ کر ضرور بے چین ہو جائیں گے۔ اور اللہ تعالےٰ کو اپنے حبیب کی بے چینی ایک لمحہ بھی گوارا نہیں ہو سکتی۔ پس کامیابی یقینی ہے۔ البتہ دعا کے وقت تمہارے دل میں کچھ درد ہونا چاہیئے۔

شوہر کی دوسری شادی

اگر عورت چاہے کہ خاوند دوسری شادی نہ کرے تو اس آیت کریمہ اور نقش مستور کو لکھ کر شوہر کے نیچے تین رات رکھے اور اس کے بعد تین رات اپنے پہلو کے نیچے رکھے۔ شوہر

دوسری شادی نہ کرے گا۔

عمل:- كَلَّآ إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ وَأَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ ـ

مصائب و مشکلات سے نجات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو فجر یا عشاء کی نماز کے بعد چالیس روز متواتر ۷۸۶ بار پڑھو تمام مشکلات سے نجات پاؤ گے۔

اسرار و خواص سورۂ مزمل

اگر کوئی شخص اس سورۃ کو اپنے پاس بطور تعویذ رکھے اور روزانہ تلاوت کیا کرے تو بہت سی برکات کا موجب ہے۔ اور ہر جگہ خدا کی نصرت و امداد اس کے شامل حال رہے گی۔

گمشدہ چیز مل جائے

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور کسی طرح دستیاب

نہ ہوئی ہو تو بارہ روز تک متواتر چالیس بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ گم شدہ چیز مل جائے گی۔

گمشدہ کی خبر مل جائے

اگر کوئی سفر کو گیا ہے اور اس کی خبر نہیں ملتی کہ وہ مردہ ہے یا زندہ۔ تو جمعہ کی رات کو غسل کر کے چار بار اس سورۃ کو پڑھو۔ تو جس جگہ وہ شخص جس حال میں ہوگا۔ اس کی خیریت کی خبر مل جائے گی۔

میاں بیوی میں محبت ہو

اگر میاں بیوی کے درمیان محبت نہیں ہے۔ تو با وضو تین بار شیرینی پر پڑھو اور دم کر کے میاں بیوی کو کھلاؤ۔ باہم محبت پیدا ہو جائے گی۔

لڑکا پیدا ہو

اگر کسی کے لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو۔ تو اسے چاہیئے کہ روزہ رکھے اور افطار کے وقت غسل کر کے اکیس بار اس سورۃ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے میاں بیوی دونوں اس پانی کو پئیں۔ بفضل ایزدی فرزند ہی پیدا ہوگا۔

قرض سے نجات ملے

اگر کوئی قرضدار ہے اور ادائیگی قرض کی کوئی شکل نظر نہیں آتی ہے تو چالیس روز دس بار روزانہ رات کو سوتے وقت باوضو پڑھے۔ قرضہ سے نجات پائے۔

دانت درد دور ہو

اگر کسی کے دانت میں درد ہے تو کرہ وے تیل پر پڑھ کر دم کرے اور درد کی جگہ تھوڑا سا تیل مل دے۔ انشاءاللہ درد کو آرام ہو جائے گا۔

پابندی نماز کیلئے

اگر کوئی نماز میں کاہلی کرتا ہے۔ تو روزانہ دس مرتبہ تین دن تک پڑھے۔ کاہلی دور ہو گی اور نماز کی طرف اس کی طبیعت راغب ہو گی۔

برائے کشادگی رزق

اگر کوئی رزق کی کشائش چاہتا ہے۔ تو چالیس روز تک دس بار روزانہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے رزق کا دروازہ

کھول دے گا۔

جادو کا اثر دور ہو

اگر کسی پر سحر اور جادو کا اثر ہے اور کسی طرح دور نہیں ہوتا ہے تو پیر کے روز پانی پر پڑھ کر دم کرو۔ اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا اس کو پلاؤ۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر جاتا رہے گا۔

جن اور بھوت سے نجات

اگر کسی کو کوئی خبیث روح ستاتی ہے جیسے عوام الناس دلیو، پری یا جن، بھوت کہا کرتے ہیں۔ تو لکھ کر پانی سے دھولو اور اس پانی سے مریض کو غسل کراؤ۔ انشاء اللہ تعالیٰ بالکل صحت حاصل ہو جائے گی۔

جسم کا درد دور ہو

کمر میں، ران میں یا اور جسم کے کسی جگہ پر درد ہو، تو سات بار پڑھ کر پھونک دو۔ فوراً آرام ہو جائے گا۔

بچہ زندہ رہے

اگر کسی کے اولاد ہو کر مر جاتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل

کرو۔ کہ نیلے سوت کے چالیس تار ایک جگہ جمع کر کے بٹ لو۔ اور اس میں چالیس گرہیں اس طرح لگاؤ کہ خوب نہ کھنچنے پائیں۔ ہر گرہ پر ایک بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر گرہ کو کس دو۔ جب اس طرح چالیس گرہیں پوری ہو جائیں تو گنڈہ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دو۔ بچے کی عمر دراز ہو گی۔ نیلا ڈورا اندازے سے اتنا لمبا لینا چاہیئے۔ کہ چالیس گرہیں لگنے کے بعد آسانی سے ڈھیلا ڈھالا بچے کے گلے میں آجائے۔

دشمن کے لئے

دشمن کے مغلوب کرنے کے لئے اندھیری رات میں اکیس ۲۱ بار سورۂ مزمل شریف کو پڑھو۔ لیکن یہ یاد رہے کہ عفو انتقام سے بہتر ہے۔ معاف کر دینا اللہ تعالے کی صفتوں میں اعلےٰ صفت ہے۔

دشمن تباہ ہو

اگر کسی ظالم نے تمہیں ستایا ہے اور تم اس ظلم و ستم کا بدلہ لینا چاہتے ہو۔ تو تھوڑی سی مٹی کسی پرانی قبر میں سے لو۔ اور اس پر سات بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر

دم کر لو۔ اور اسے دشمن کی طرف ڈالو۔ یا اس کے گھر میں پھینک دو دشمن کی تباہی کا موجب ہو گی۔

دو آدمیوں میں جدائی ہو

اگر ایسے دو آدمیوں میں جدائی کرانی ہو جن کا تعلق جائز نہیں یا گناہ اور فساد کا موجب ہے۔ تو ایسا کرو۔ کہ ایک روٹی پر سورۂ مزمل شریف لکھ کر وہ روٹی ایک کالے کتے کے آگے ڈال دو۔ اس روٹی پر ان دونوں آدمیوں کے نام ضرور لکھو۔ تاکہ دونوں میں جدائی پڑ جائے۔

علم و فہم زیادہ ہو

اگر علم و فہم کو ترقی دینا ہے۔ تو سورۂ مزمل شریف کو روزانہ ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کرو۔ اور اس پانی کو پی لو۔ انشاء اللہ علم و فہم میں ترقی ہو گی۔

جنگ میں کامیابی ہو

اگر جنگ و جدل میں سورۂ مزمل شریف کو ورد کرے۔ تو ناکامی و شکست کا منہ ہرگز نہ دیکھے گے خواہ دشمن کتنا

ہی تعداد میں زیادہ کیوں نہ ہو۔

دشمن کے نرغے سے نکل آئے

اگر تم کسی جگہ مصیبت میں پھنس جاؤ اور دشمن نے تم کو چاروں طرف سے گھیر لیا ہو تو سورۂ مزمل شریف کو ایک برتن میں لکھ کر دھو لو اور اس پانی کو اپنے منہ پر ملو اور اسی سے اپنے منہ کو دھو لو۔ پھر دشمنوں کے محاصرے سے نکل جاؤ۔ اس سورت کی برکت سے تم دشمن کو نظر نہ آؤ گے۔ اگر کسی نے یہ عمل چوری یا بدمعاشی سے بچنے کے لئے کیا تو وہ ضرور پکڑا جائے گا ؛

شیراز نوری پبلشرز نئی دہلی